★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED — DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | پیر 5 صفر المظفر 1448ھ، 20 جولائی 2026ء، 5 ساون 2082ب صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 209

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور پارلیمانی وفد کی ملاقات

وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل اور ترقی کے لیے پُرعزم ہے، بلوچستان کی معاشی خوشحالی اور ترقی آئینِ پاکستان کے دائرہ کار میں یقینی بنائی جائے گی: اسحاق ڈار

نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سب کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے، بلوچستان میں سرگرم شورش پسند عناصر کو عوام کی حمایت یا اخلاقی جواز حاصل نہیں: ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور پارلیمانی وفد کی اسلام آباد میں اہم ملاقات کی سیاسی صورتحال، امن وامان سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل اور ترقی کے لیے پُرعزم ہے، اسحاق ڈار نے کہا کہ بلوچستان کی معاشی خوشحالی اور ترقی آئین (بقیہ نمبر 1)

جاری کردہ ویڈیو سے لی گئی اس تصویر میں، ایک نامعلوم مقام پر ہونے والے دھماکے کے بعد دھواں اٹھتا ہوا دکھائی دے رہا ہے

عمرہ زائرین میں 22 فیصد سے زائد اضافہ، پاکستان پہلے نمبر پر آگیا

مختلف ممالک سے آنے والے معتمرین میں پاکستانی زائرین کی تعداد سب سے زیادہ رہی

انڈونیشیا سے تقریباً 1 لاکھ 70 ہزار اور عراق سے 1 لاکھ 30 ہزار معتمرین سعودی عرب آئے

اسلام آباد، مکہ مکرمہ (این این آئی) سعودی وزارتِ حج و عمرہ نے اعلان کیا ہے کہ رواں عمرہ سیزن کے آغاز سے اب تک عمرہ زائرین کی تعداد میں 22.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ مختلف ممالک سے آنے والے معتمرین میں پاکستانی زائرین کی تعداد سب سے (بقیہ نمبر 2)

خلیجی اور یورپی اتحاد کا ایران کو سخت پیغام، آبنائے ہرمز پر دعوے نامنظور

برسلز (این این آئی) خلیجی تعاون کونسل (جی سی سی) اور یورپی یونین کے مشترکہ بیان میں آبنائے ہرمز پر کسی بھی ملک کی خودمختاری یا کنٹرول کے دعوں کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر 3)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے وفد نے ملاقات

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور خوشحالی مسئلہ کشمیر کے حل سے وابستہ ہے

صدر، وزیراعظم

یومِ الحاقِ پاکستان کشمیری عوام کی تاریخی امنگوں کی یاد دلاتا ہے، پاکستان اور جموں وکشمیر کے عوام کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور روحانی رشتے مضبوط ہیں۔ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام ناگزیر ہے: صدر آصف زرداری

یہ دن پاکستان اور جموں وکشمیر کے عوام کے درمیان موجود ان مضبوط اور دیرینہ رشتوں کی بھی عکاسی ہے جو مشترکہ تاریخ، عقیدے، ثقافت، جغرافیے اور باہمی وابستگی پر استوار ہیں: میاں شہباز شریف

اسلام آباد: (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کشمیری عوام کی جدوجہد کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر کا تنازع اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری (بقیہ نمبر 4)

کشمیر ہماری شہ رگ ہے، پاکستان اور کشمیر کے ازلی رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے

وزیر دفاع

کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی، جنہوں نے خون بہایا

جس پس منظر میں الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے، خواجہ آصف

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا۔ ایل اے 36 جموں 3 میں کارکنوں سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ الیکشن کشمیر کاز کے ساتھ محبت (بقیہ نمبر 5)

کویت کے علاقے منگاف میں واقع تیل کی تنصیب کے قریب دھوئیں کے بادل اٹھتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں

یوکرین کے روس پر رات بھر 379 ڈرون حملے، 8 افراد ہلاک، 86 زخمی

رات بھر میں تقریباً 370 ڈرون ماسکو ریجن کی جانب بڑھ رہے تھے، جنہیں فضائی دفاعی نظام نے تباہ کیا: ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانن

روس کے تاموف ریجن میں یوکرینی ڈرون حملے کے نتیجے میں وائلڈ بیریز کے لاجسٹکس مرکز کو نشانہ بنایا گیا، جہاں 7 افراد ہلاک اور 25 زخمی ہوئے۔

ماسکو (نیٹ نیوز) روسی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یوکرین کی جانب سے روسی علاقوں پر بڑے پیمانے پر ڈرون حملے کیے گئے، روسی فضائی دفاعی نظام نے 379 یوکرینی ڈرونز کو تباہ کر دیا، 8 افراد ہلاک جبکہ 86 افراد زخمی ہوئے۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق ڈرونز (بقیہ نمبر 14)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری، چین 862 ملین ڈالر کیساتھ سرفہرست

اسلام آباد (این این آئی) مالی سال 2025-26 کے دوران چین (بقیہ نمبر 13)

پیٹرولیم و کلائمیٹ لیوی سے حکومت کو 1478 ارب روپے سے زائد وصول، بجٹ خسارہ محدود رہا

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے مالی سال 2025-26 (بقیہ نمبر 11)

شیزانگ: موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی ہم آہنگی کے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک خطاب کر رہے ہیں

کوٹلی، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

ہمارا مقصد ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہفتے کے روز ایک بار پھر واضح کیا کہ جنگ کا بنیادی مقصد ایران (بقیہ نمبر 7)

پاک فوج اور معرکہ حق سے متعلق متنازع بیان، این سی سی آئی اے نے نورین نیازی کو (آج) طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی (بقیہ نمبر 8)

بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع جزیرہ الرایس سیاحوں کے لیے پرکشش مقام بن گیا

یہ جزیرہ قدرتی اور تاریخی مقامات سے بھی مالا مال ہے، ان میں راس الابیض نمایاں ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) مدینہ منورہ ریجن میں بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع جزیرہ الرایس کا شفاف فیروزی پانی اور نرم سفید ریت سیاحوں و تفریح کرنے والوں کے (بقیہ نمبر 10)

کشمیر نے پاکستان سے 19 جولائی کی آئینی و تاریخی قرارداد آج بھی زندہ ہے، اہل کشمیر اپنے عزم پر قائم

19 جولائی کو ہر سال 'یوم الحاقِ پاکستان' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن ریاست جموں وکشمیر کی سیاسی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے

یوم الحاق پاکستان کے موقع پر آزاد جموں وکشمیر، پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری مختلف تقریبات، سیمینارز، ریلیوں، دعائیہ اجتماعات اور خصوصی پروگراموں کا انعقاد

سری نگر (نیٹ نیوز) 19 جولائی 1947 کو آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے نمائندہ اجلاس میں ایک تاریخی قرارداد منظور کی گئی تھی، جس میں ریاست جموں وکشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کیا گیا۔ 19 جولائی کو ہر سال 'یوم الحاق پاکستان' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن ریاست جموں وکشمیر کی سیاسی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، کیونکہ 19 جولائی 1947 کو آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے نمائندہ اجلاس میں ایک تاریخی قرارداد منظور کی گئی تھی، جس میں ریاست جموں وکشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ اجلاس سری نگر میں (بقیہ نمبر 24)

ٹرمپ کے دستخط بے معنی، امریکا کو ناقابلِ فراموش سبق سکھایا جائے گا، خامنہ ای

جرم اور غداری کا یہ تلخ تجربہ امریکہ کی جھوٹی، غیر منطقی، ناقابلِ اعتماد اور مذموم فطرت کا ایک اور مضبوط ثبوت بن جائے

اب امریکی دشمن جنگ بھڑکانے اور خود کو مزید بھاری اخراجات اور بڑی رسوائی سے دوچار کرنے کی کوشش کر رہا ہے

تہران (نیٹ نیوز) ایرانی سرکاری ٹی وی پر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے منسوب ایک نیا تحریری پیغام پڑھ کر سنایا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ شیطان بزرگ امریکا کو ناقابلِ فراموش سبق دیا جائے گا۔ ایران کے رہبرِ اعلیٰ سے منسوب بیان میں کہا گیا ہے کہ مفاہمتی یادداشت کی بار بار خلاف ورزی نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ امریکی صدر کے دستخط کی کوئی حیثیت یا اعتبار نہیں۔ مجتبیٰ خامنہ ای کی جانب سے مزید کہا گیا کہ بڑے شیطان نے ایک بار پھر اپنا حقیقی اور بے نقاب چہرہ دنیا کے سامنے ظاہر کر دیا ہے، تاکہ جرم اور غداری کا یہ تلخ تجربہ امریکہ کی جھوٹی، (بقیہ نمبر 17)

جنوبی لبنان میں اسرائیل کے ہاتھوں تباہ ہونے والے دیہات کی یاد کو محفوظ رکھنے کے مقصد سے منعقدہ نمائش "حکلیلی یا جنوب" (مجھے سناؤ، اے جنوب) میں تباہ شدہ گھروں کی چابیاں چھت سے لٹک رہی ہیں

پاکستان کے ساتھ الحاق کیلئے 5 لاکھ سے زائد کشمیریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ سات دہائیوں سے زائد عرصے سے جاری بھارتی مظالم پاکستان کے ساتھ کشمیریوں کی محبت اور عقیدت ختم کرنے یا بھارتی قبضے سے آزادی حاصل کرنے کے ان کے عزم کو کمزور کرنے (بقیہ نمبر 28)

پونچھ میں سیلاب، مٹی کے تودے گرنے سے 4 افراد جاں بحق، کئی لاپتہ

نون بندی گاؤں میں مکان گرنے سے 28 سالہ خاتون نازیہ کوثر جاں بحق ہوگئی

لوئر مرہ میں مٹی کا تودہ گرنے سے مکان کے مالک محمد لطیف سمیت ایک ہی خاندان کے چھ افراد لاپتہ ہوگئے

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ میں اتوار کی صبح موسلا دھار (بقیہ نمبر 20)

بدعنوانی کے خلاف موثر مہم بلاامتیاز جاری رہے گی، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر حکومت کی جانب سے شروع کردہ بدعنوانی کے خلاف موثر مہم بلاامتیاز جاری رہے گی، احتسا (بقیہ نمبر 19)

کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم کی خدمت میری سیاست کا محور اور میرا قومی فرض ہے، طاہر کھوکھر

امیدوار استحکام پاکستان پارٹی طاہر کھوکھر کی انتخابی مہم میں روز بروز تیزی، حلقے بھر میں ان کی مقبولیت کا گراف مسلسل بلند

چکوال (این این آئی) امیدوار اسمبلی ایل اے 36 جموں 6 آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ استحکام پاکستان پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما (بقیہ نمبر 18)

گلگت: وزیراعظم کی ہدایت پر، چیئرمین این ڈی ایم اے نے جی بی ڈی ایم اے (GBDMA) کی ٹیم کے ہمراہ مون سون سے نمٹنے کے لیے زمینی سطح پر تیاریوں کے منصوبے کا جائزہ لے رہے ہیں

ٹرمپ انتظامیہ نے اسرائیل کو ایران کے خلاف جنگ میں شامل ہونے سے روک دیا

تل ابیب (این این آئی) ایک اسرائیلی عہدیدار نے انکشاف کیا ہے کہ تل ابیب ایران کی جانب سے ممکنہ حملوں کے (بقیہ نمبر 15)

چین کا مصنوعی ذہانت میں انقلاب، پاکستانی ولاگر نے جدید ٹیکنالوجی کی جھلکیاں دنیا کو دکھا دیں

شنگھائی (این این آئی) چین میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس (بقیہ نمبر 16)

مہنگائی بے قابو، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ جاری

چاول، گھی، کوکنگ آئل اور آٹے کی بڑھتی قیمتوں نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں

عوام کا گراں فروشی کے خلاف سخت کارروائی اور سرکاری نرخ نافذ کرنے کا مطالبہ

لاہور (زیڈ این این) شہر میں مہنگائی اور گراں فروشی پر تاحال قابو نہیں پایا جا سکا، جس کے باعث بالخصوص کم آمدنی والے طبقے کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ چاول، گھی، کوکنگ آئل، دالوں اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے نے گھریلو بجٹ کو (بقیہ نمبر 21)

نورین نیازی کو این سی سی آئی اے کا طلبی نوٹس

قانون، سیاست اور جمہوری رویوں کا امتحان پاکستان کی سیاست میں ایک بار پھر ایک ایسی پیش رفت سامنے آئی ہے جس نے سیاسی ماحول کو گرما دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہن نورین نیازی کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی جانب سے 20 جولائی 2026 کو اسلام آباد میں ذاتی حیثیت میں پیش ہو کر اپنا بیان ریکارڈ کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ یہ نوٹس بظاہر ایک قانونی کارروائی کا حصہ ہے، تاہم اس کے سیاسی مضمرات نے حکومت، اپوزیشن، قانونی ماہرین اور عوامی حلقوں میں نئی بحث کو جنم دے دیا ہے۔

پاکستان میں گزشتہ چند برسوں سے سیاسی اختلافات کا دائرہ صرف انتخابی میدان یا پارلیمنٹ تک محدود نہیں رہا بلکہ عدالتی اور تفتیشی ادارے بھی اکثر سیاسی مباحث کا حصہ بن جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسی بڑی سیاسی جماعت کے رہنما یا ان کے اہلِ خانہ کو کسی تحقیقاتی ادارے کی جانب سے طلب کیا جاتا ہے تو اس کی بازگشت صرف عدالتوں تک محدود نہیں رہتی بلکہ ملکی سیاست کا اہم موضوع بن جاتی ہے۔ حکومتی حلقوں کا کہنا ہے کہ قانون کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں اور اگر کسی شخص کے بیان یا سوشل میڈیا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ قانون کے تحت تحقیقات ضروری سمجھی جائیں تو اداروں کو کارروائی کا پورا اختیار حاصل ہے۔ ان کا مؤقف ہے کہ کسی شخص کو طلب کرنا یا اس کا بیان ریکارڈ کرنا قانونی عمل کا حصہ ہے، جس کا مقصد حقائق کا تعین کرنا ہوتا ہے، نہ کہ پہلے سے کسی کو قصوروار قرار دینا۔ دوسری طرف پاکستان تحریک انصاف اس پیش رفت کو سیاسی تناظر میں دیکھتی ہے۔

پارٹی رہنماؤں کا کہنا ہے کہ عمران خان کے اہلِ خانہ کو مسلسل قانونی کارروائیوں اور طلبیوں کا سامنا ہے، جس سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ سیاسی اختلافات کو انتظامی اور قانونی



تحریر: میاں فیاض

ذرائع سے نمٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پی ٹی آئی کے مطابق ہر شہری کو آئین کے تحت اظہارِ رائے کا حق حاصل ہے اور اختلافِ رائے کو جرم نہیں سمجھا جانا چاہیے۔ قانونی ماہرین اس معاملے میں ایک اہم نکتے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان کے مطابق کسی بھی تحقیقاتی ادارے کی جانب سے نوٹس جاری کرنا بذاتِ خود سزا یا جرم کا ثبوت نہیں ہوتا بلکہ یہ قانونی عمل کا ابتدائی مرحلہ ہے۔ اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ تحقیقات شفاف، غیر جانبدار اور آئینی تقاضوں کے مطابق مکمل کی جائیں، متعلقہ فرد کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا مکمل موقع دیا جائے اور کسی بھی نتیجے پر پہنچنے سے پہلے تمام شواہد کا جائزہ لیا جائے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جب سیاسی کشیدگی اپنے عروج پر ہوتی ہے تو قانونی کارروائیاں بھی سیاسی رنگ اختیار کر لیتی ہیں۔ ایسے میں حکومت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اداروں کی غیر جانبداری پر عوام کا اعتماد برقرار رکھے، جبکہ اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ قانونی عمل میں تعاون کرے اور اپنے تحفظات آئینی فورمز پر پیش کرے۔ یہی طرزِ عمل جمہوری نظام کو مضبوط بناتا ہے۔ ملک اس وقت معاشی مشکلات، مہنگائی، سرمایہ کاری کے چیلنجز اور داخلی و خارجی مسائل سے دوچار ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی محاذ آرائی اگر مسلسل شدت اختیار کرتی رہے تو اس کے منفی اثرات صرف سیاسی جماعتوں تک محدود نہیں رہتے بلکہ معیشت، سرمایہ کاروں کے اعتماد اور ریاستی استحکام پر بھی پڑتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ایسے معاملات میں تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ نورین نیازی کو جاری ہونے والا طلبی نوٹس آنے والے دنوں میں یقیناً سیاسی اور قانونی حلقوں کی توجہ کا مرکز رہے گا، لیکن اس معاملے کا اصل امتحان قانون کی بالادستی، شفاف تحقیقات اور انصاف کے تقاضوں کی پاسداری میں ہے۔ اگر متعلقہ ادارے مکمل غیر جانبداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں اور تمام فریق آئینی حدود میں رہ کر اپنا کردار ادا کرتے ہیں تو اس سے نہ صرف عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا بلکہ جمہوری نظام بھی مزید مضبوط ہوگا۔

حقیقت یہ ہے کہ مضبوط جمہوریتیں سیاسی اختلافات کو قانونی انصاف، آئینی اصولوں اور مکالمے کے ذریعے حل کرتی ہیں، نہ کہ محض الزام تراشی یا سیاسی کشیدگی کے ذریعے۔ پاکستان کو بھی اسی راستے پر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے تاکہ قانون کی حکمرانی، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی ایک ساتھ فروغ پا سکیں۔

لاہور مقامی ہوٹل میں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال لاہور چیمبر آف کامرس کے زیر اہتمام تیسرے لاہور چیمبر آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈ کی تقریب میں ممبران میں ایوارڈ تقسیم کر رہے ہیں

افغان طالبان سے شکوہ ہے کہ آپ کی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے نہیں روک رہے، حافظ نعیم

ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، ناراضی حکومت یا پالیسی سے ہو سکتی ہے عوام نے کیا قصور کیا ہے، انٹرویو

ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، بین الاقوامی سطح پر بھی علما کی تنظیم موجود ہے وہ بھی اس میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے افغانستان کی عبوری حکومت سے شکوے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان طالبان سے بہت بڑا شکوہ ہے کہ آپ کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے اور آپ اسے روک نہیں پا رہے۔ ایک انٹرویو میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، بین الاقوامی سطح پر بھی علما کی تنظیم موجود ہے وہ بھی اس میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاملات کو نارمل کرنے کے لیے چین حتیٰ کہ روس بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے، ترکیہ بھی اس میں کردار ادا کر سکتا ہے، ان سب کے ساتھ مل کر بات چیت کو ہی موقع ملنا چاہیے کیونکہ (بقیہ نمبر 32)

وفاقی وزیر عطا تارڑ کی گاڑی قریب مبینہ ہوائی فائرنگ، ملزم گرفتار

ڈیفنس میں پیش آنے والے واقعے کے بعد اسلحہ اور گاڑی تحویل میں، تحقیقات شروع کر دی گئیں

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ملزم گرفتار، فائرنگ کے محرکات کی مختلف پہلوؤں سے چھان بین

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے ڈیفنس اے میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی گاڑی کے قریب مبینہ ہوائی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس کے بعد پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو اسلحے سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کی گاڑی بھی تحویل میں لے کر واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ گزشتہ رات اس وقت پیش آیا جب ایک کار سوار نوجوان نے وفاقی وزیر کی گاڑی کو اوور (بقیہ نمبر 31)

امریکی حکام کو ایران کے لیے چینی اور روسی حمایت کا شبہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکام کے مطابق ایران نے امریکی دفاعی نظام کو ناکام بنانے کے لیے اپنی حملہ آور حکمت عملی میں تبدیلی کی ہے۔ تہران اب ایسے میزائل استعمال کر رہا ہے، جو انتہائی تیز رفتاری سے حر (بقیہ نمبر 33)

سولر پیداوار میں کمی، لیسکو کے بجلی نظام پر طلب میں اضافہ ریکارڈ

ابر آلود موسم کے باعث بجلی کی طلب بڑھی، کئی علاقوں میں لوڈشیڈنگ جاری رہی

طلب سے زائد بجلی دستیاب ہونے کے باوجود لائن لاسز پر بجلی بند کرنے کا دعویٰ

لاہور (زیڈ این این) لیسکو کے بجلی کے نظام پر تعطیل کے روز بھی بجلی کی طلب میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مطلع ابر آلود ہونے کے باعث سولر سسٹمز سے بجلی کی پیداوار میں کمی آئی، جس کے نتیجے میں لیسکو کے سسٹم پر بجلی کی طلب بڑھ کر 1203 میگاواٹ تک پہنچ گئی۔

مہنگائی اور یوٹیلٹی نرخوں میں اضافہ عوام دشمن اقدام، مسلم لیگ کونسل

مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور مہنگائی کے خلاف مؤثر جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

حکومت عوام کو ریلیف دے، پٹرول، بجلی اور گیس قیمتوں میں اضافہ واپس لے، چوہدری نعیم چٹھہ

لاہور (زیڈ این این) مسلم لیگ کونسل کے مرکزی صدر و سابق پارلیمنٹیرین چوہدری نعیم حسین چٹھہ، پاکستان ڈیموکریٹک الائنس و مسلم لیگ کونسل کے چیئرمین چوہدری اختر عباس، گوہر علی خان، شاہد علی خان اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مزدور دشمن پالیسیوں، پٹرولیم مصنوعات، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف ہر سطح پر مؤثر آواز اٹھائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقے کے معاشی مسا (بقیہ نمبر 30)

لاہور: پنجاب بار کونسل کے زیر اہتمام ملک بھر کی بار کونسلوں کے مشترکہ اجلاس میں وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان اور دیگر کا گروپ فوٹو



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہر
1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

وزیر برائے لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ مسٹر محمد علی ملکانی کا ڈائریکٹر جنرل سندھ انسٹی ٹیوٹ آف اینیمل ہیلتھ کراچی ڈاکٹر نذیر حسین کلہوڑو کے ہمراہ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

وزیر لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ محمد علی ملکانی کا ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا دورہ

لائیوسٹاک و فشریز کے شعبوں کی ترقی کے لیئے ہیومن ریسورس کی صلاحیت کو اُجاگر کرنے، تحقیق اور جدید نالج کے تبادلے کے حوالے سے باہمی اشتراک پر تبادلہ خیال کیا

دورے کا مقصد ویٹرنری یونیورسٹی لاہور اور لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ کے درمیان تحقیق اور جدید نالج کے تبادلے سے متعلقہ تعاون کو قائم کرنا ہے۔ محمد علی ملکانی

مستقبل قریب میں سندھ کے ہونہار طلبہ ڈاکٹر آف ویٹرنری سائنس ڈگری پروگرام میں پڑھنے کے لیئے ویٹرنری یونیورسٹی لاہور میں داخلے لیں گے۔ وزیر برائے لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ

لاہور (خبرنگار) وزیر برائے لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ مسٹر محمد علی ملکانی نے گذشتہ روز سیکرٹری لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ ڈاکٹر کاظم حسین جتوئی اور ڈائریکٹر جنرل سندھ انسٹی ٹیوٹ آف اینیمل ہیلتھ کراچی ڈاکٹر نذیر حسین کلہوڑو کے ہمراہ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی سمیت سینئر فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی۔ دریں اثناء محمد علی ملکانی کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد سٹی کیمپس میں ہوا جس میں اُنہوں نے انسٹی ٹیوشن کے بہترین عملی طور طریقوں، جدید تحقیق، لائیو سٹاک سیکٹر کی ترقی کے ماڈل، جانوروں کی صحت اور ان میں پائی جانے والی بیماریوں کی تشخیص کے نظام، بائیوٹیکنالوجی کے اطلاق، ویکسین کی تیاری اور بریڈ امپروومنٹ کے حوالے سے یونیورسٹی کے ماہرین سے تجاویز سنی نیز باہمی تعاون کے شعبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی، ڈین فیکلٹی ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر کامران اشرف، ڈین فیکلٹی بائیو سائنسز پروفیسر حبیب الرحمن سمیت سینئر فیکلٹی ممبران و انتظامی افسران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد علی ملکانی نے کہا کہ ان کے دورے کا مقصد ویٹرنری یونیورسٹی لاہور اور لائیوسٹاک و ماہی پروری ڈیپارٹمنٹ سندھ کے درمیان تحقیق اور جدید نالج کے تبادلے سے متعلقہ تعاون کو قائم کرنا ہے جس سے نہ صرف ان شعبوں میں مزید ترقی ہو بلکہ ہیومن ریسورس کی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بھی اُجاگر ہوں۔ اُنہوں نے یہ بھی خواہش ظاہر کی کہ مستقبل قریب میں سندھ کے ہونہار طلبہ ڈاکٹر آف ویٹرنری سائنس ڈگری پروگرام میں پڑھنے کے لیئے ویٹرنری یونیورسٹی لاہور میں داخلے لیں گے نیز اُنہوں نے ویٹرنری یونیورسٹی کی تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیقی سہولیات کو بھی سراہا جس سے مویشی پال حضرات کی بڑی تعداد مستفید ہو رہی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی نے محکمہ لائیوسٹاک کے پیشہ ور افراد اور پیرا ویٹس کی جانوروں کی صحت، تحقیق اور پروڈکشن سے متعلق عملی تربیت دینے پر زور دیا تاکہ وہ جانوروں/مویشیوں کے علاج کے لیئے فیلڈ سے متعلقہ نئی تکنیکوں اور مہارتوں کو سیکھیں۔ اُنہوں نے کہا ویٹرنری یونیورسٹی محکمہ لائیو سٹاک و فشریز سندھ کے ساتھ پیشہ وارانہ تربیت، گائے بھینسوں کی لوکل بریڈ امپروومنٹ، لائیو سٹاک جینومکس اور کلائمیٹ سمارٹ فارمنگ کے شعبوں میں تعاون کرنے کے لیئے آمادہ ہے۔ انہوں نے کہا ویٹرنری یونیورسٹی لاہور ملک میں ویٹرنری ایجوکیشن کا ایک بہترین مرکز ہے جہاں

پاکستان بھر سے طلبہ ہر سال تعلیم حاصل کرنے کے لیئے اسی ادارے کا انتخاب کرتے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی نے وفد کو یونیورسٹی کے جاری منصوبوں، لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی کے لیئے حکومت پنجاب کے اقدامات اور پولٹری میں اینٹی بائیوٹکس کے استعمال کو کم کرنے کے لیئے لیگل فریم ورک کے بارے میں بتایا۔ ڈاکٹر نذیر حسین کلہوڑو نے مویشیوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیئے جدید دور کی ضرورت کے مطابق لائیوسٹاک توسیع تعلیم کے کورس کو اپ ڈیٹ کرنے کی اہمیت پر بھی بات کی۔ بعد ازیں پروفیسر گلوبل ہیلتھ اینڈ کنسلٹنٹ ان انٹرنل اینڈ پلمونری میڈیسن سینٹر فار انٹرنیشنل ہیلتھ یونیورسٹی آف برگن ناروے ڈاکٹر تہمینہ مصطفی نے ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی سے ملاقات کی۔ اُنہوں نے ملاقات کے دوران پنجاب میں لائیوسٹاک ہیومن انٹرفیس پر زونوٹک بیماریوں کی سرویلینس پر مشترکہ ون ہیلتھ ریسرچ کرنے اور مستقبل کے امکانات پر گفتگو کی نیز بین الاقوامی فنڈنگ کے ذریعے مشترکہ فنڈنگ کے لیئے سٹڈی ڈیزائن کرنے، ہسپتال اور مذبح خانے کی پارٹنرشپ کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی لاہور اس اہم اقدام پر برجن یونیورسٹی کے ساتھ ایک پائیدار تعاون قائم کرنے کی خواہاں ہے جس کا مقصد پاکستان میں ویٹرنری اور انسانی صحت سے متعلق تحقیق کے درمیان ربط کو قائم کرنا ہے۔

چین کی آٹوموبائل کمپنی نے گھانا میں الیکٹرک ڈمپ ٹرک متعارف کرادیئے

آکرا (شِنہوا) چین کی ملکیتی آٹو موبائل اسمبلنگ اور تقسیم کار کمپنی زونڈا ٹیک گھانا لمیٹڈ نے گھانا کی مارکیٹ میں الیکٹرک ڈمپ ٹرکس کی ایک رینج متعارف کرائی ہے تاکہ ملک کے پائیدار ترقی کے ایجنڈے میں تعاون کیا جا سکے۔ چین کی معروف ٹرک ساز کمپنی سینوٹرک کے تیار کردہ ہووو وی 7 ایکس ڈمپ ٹرک چار سپیڈ آٹومیٹڈ مینوئل ٹرانسمیشن (اے ایم ٹی) اور 340 کلوواٹ موٹر سے لیس ہیں، جو 462 ہارس پاور کی طاقت فراہم کرتی ہے۔ زونڈا ٹیک گھانا لمیٹڈ کی جنرل منیجر فان ڈونگ یون نے کہا کہ کمپنی کا وژن صرف ٹرک فروخت کرنا نہیں بلکہ حالات تبدیل کرنا اور یہ ثابت کرنا ہے کہ کوئی بھی افریقی ملک عالمی معیار کی گاڑیاں تیار کرسکتا ہے۔ فان کے مطابق گھانا میں اسمبل کئے گئے یہ الیکٹرک ڈمپ ٹرک مضبوط، کثیر المقاصد اور ماحول دوست انداز میں تیار کئے گئے ہیں جو ملک میں ماحول دوست ٹرانسپورٹ ٹیکنالوجی کی طرف منتقلی میں معاون ثابت ہوں گے۔ فان نے کہا ہم ایک جدید نقل و حمل، ماحول دوست توانائی اور صنعتی تبدیلی کے نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔ مغربی افریقہ کے لئے ماحول دوست توانائی کوئی عیاشی نہیں بلکہ یہ ایک ضرورت اور ہمارے لئے ایک موقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زونڈا ٹیک گھانا۔ چین شراکت داری کو مضبوط کرتے ہوئے ایک ایسا ایکو سسٹم تشکیل دے رہی ہے جو موجودہ نسل سے آگے بھی قائم رہے گا۔ سینوٹرک کے گھانا، ٹوگو، بینن اور نائیجر کے لئے سیلز منیجر ٹونگ چھینگ شو نے کہا کہ ان الیکٹرک ڈمپ ٹرکس کا مقصد تعمیراتی کمپنیوں کے بیڑے کی کارکردگی کم لاگت میں بہتر بناتے ہوئے ماحولیاتی تحفظ کو فروغ دینا ہے۔ گھانا کی معروف سول انجینئرنگ کمپنی 'بگ ایڈ و کنسٹرکشن لمیٹڈ' نے یہ ٹرک متعارف کرائے جانے کے فوراً بعد ہی خرید لئے۔

چین میں اخراجات کے فروغ کے لئے خدمات کے شعبے میں کھپت کے میلے کا آغاز

بیجنگ (شِنہوا) چین نے موسم گرما اور خزاں کے دوران خدمات کے شعبے میں کھپت کو فروغ دینے کے لئے خدمات کے شعبے میں کھپت کے میلے کا آغاز کر دیا ہے۔ مارکیٹ پر مبنی یہ اقدام چائنہ انٹرنیشنل الیکٹرانک کامرس سنٹر کی سربراہی میں شروع کیا گیا ہے۔ معیاری خدمات، بہتر زندگی" کے عنوان سے منعقد ہونے والا یہ میلہ بنیادی طور پر جولائی اور اگست پر مشتمل موسم گرما کے مہینوں کا احاطہ کرتا ہے، جبکہ ستمبر اور اکتوبر کے روایتی مصروف خریداری کے موسم تک جاری رہے گا۔ اس ایونٹ میں طرز زندگی سے متعلق متعدد بڑے سروس پلیٹ فارمز شریک ہیں، جن میں ٹریپ ڈاٹ کام، چائنا ٹورازم گروپ، دانالی، دی جیت، علی پے اور ذہین شامل ہیں۔ یہ پلیٹ فارمز ڈیجیٹل اور ذہین ٹیکنالوجی کے ذریعے صارفین کو فائدہ پہنچانے کے لئے ترجیحی پیشکشیں فراہم کریں گے، جن کا دائرہ کار خوراک و رہائش، گھریلو خدمات، نقل و حمل، گاڑیوں کی دیکھ بھال، ثقافتی مظاہروں، سیاحت و تفریح، صحت کی خدمات اور بیرون ملک سے آنے والے صارفین کے لئے خدمات سمیت اہم شعبوں تک پھیلا ہوا ہے۔ اس فیسٹیول کا مقصد وسائل کی تقسیم کو بہتر بنانا اور طلب و رسد میں موثر ہم آہنگی پیدا کرنا ہے، جس میں خصوصی توجہ خاندانی سیاحوں، بزرگوں، کم عمر بچوں اور بیرون ملک سے آنے والے سیاحوں پر دی جائے گی۔ اس کے علاوہ اعلیٰ معیار کے ثقافتی اور سیاحتی وسائل کی بیرون ملک تشہیر، بیرون ملک سے آنے والے صارفین کے لئے رہنمائی کی خدمات میں بہتری اور بین الاقوامی سیاحوں کے لئے ادائیگی کی سہولیات کو بہتر بنانا بھی شامل ہے۔ اس اقدام کا مقصد مختلف خدماتی شعبوں کے درمیان انضمام کو فروغ دینا اور خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہے۔

چین کا تیارکردہ سی 919 مسافر طیارہ پہلی بین الاقوامی پرواز کے لئے تیار

بیجنگ (شِنہوا) چین میں تیار کیا گیا بڑا مسافر طیارہ سی 919 آئندہ 12 اگست سے اپنی پہلی بین الاقوامی پرواز شروع کرے گا۔ ایئر چائنا کی جانب سے جاری معلومات کے مطابق یہ طیارہ چین کے دارالحکومت بیجنگ کو منگولیا کے دارالحکومت اولان باتور سے ملانے والی فضائی سروس پر روزانہ ایک دو طرفہ پرواز چلائے گا۔ بیجنگ کیپٹل انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والی پرواز سہ پہر 3 بجے روانہ ہو کر شام 5 بج کر 15 منٹ پر اولان باتور پہنچے گی۔ واپسی کی پرواز اولان باتور سے شام 6 بج کر 30 منٹ پر روانہ ہو کر رات 8 بج کر 35 منٹ پر بیجنگ پہنچے گی۔ ان پروازوں کے لئے ٹکٹوں کی فروخت شروع کر دی گئی ہے۔

چین نے اعلیٰ معیار کے ایک لاکھ 20 ہزار ڈیٹا سیٹس تیار کرلئے

بیجنگ (شِنہوا) چین میں اعلیٰ معیار کے ڈیٹا کی فراہمی میں مسلسل اضافے کے ساتھ تقریباً ایک لاکھ 20 ہزار اعلیٰ معیار کے ڈیٹا سیٹس تیار کرلئے گئے ہیں۔ چین کی قومی ڈیٹا انتظامیہ کے مطابق جون کے اختتام تک سائنسی تحقیق، صنعتی پیداوار اور صحت کے شعبے سمیت مختلف شعبوں میں اعلیٰ معیار کے ڈیٹا سیٹس کا مجموعی حجم ایک ہزار 565 پیٹا بائٹس سے تجاوز کر گیا، جو پہلی سہ ماہی کے اختتام کے مقابلے میں 60 فیصد سے زیادہ اضافہ ہے۔ ... تقریباً 547 گنا ... 7 آزمائشی شہروں، جن میں صوبہ سیچوان کا چھنگ دو، صوبہ لیاؤننگ کا شین یانگ، صوبہ آنہوئی کا ہیفے اور صوبہ ہونان کا چھانگشا شامل ہیں، میں ڈیٹا اینوٹیشن کا حجم 119 پیٹا بائٹس سے تجاوز کر گیا ہے، جبکہ اس شعبے میں تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار افراد کام کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کا علی الصبح تحصیل پسرور کا دورہ، زیر تعمیر جوڈیشل کمپلیکس، صفائی اور شہری سہولیات کا تفصیلی جائزہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) اے سی پسرور شاہ شرافت نے ڈی سی سیالکوٹ کو زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں، صفائی ستھرائی، شہری سہولیات بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کے دورہ پسرور کے دوران اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی عبدالحیٔ اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر جوڈیشل کمپلیکس پسرور کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جدید اور معیاری عدالتی سہولیات میسر آسکیں۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے "ستھرا پنجاب" پروگرام کے تحت شہر کی گرین بیلٹس، نالوں کی صفائی، ریڑھی بازار، مین بازار اور دیگر اہم مقامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے گرین بیلٹس میں گھاس کی بروقت کٹائی، پودوں کی دیکھ بھال اور صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ورکس فورس مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور اندرونی گلیوں میں یکساں طور پر صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر میں تعمیراتی ملبہ اور بلڈنگ میٹریل صرف متعلقہ تعمیراتی مقامات تک محدود رکھا جائے جبکہ تعمیراتی سامان کو مناسب انداز میں کور کیا جائے تاکہ گردوغبار اور ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام یقینی بنائی جاسکے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے چونڈہ پھاٹک پر قائم ماڈل بازار اور شہر کے اہم چوکوں کی اپ گریڈیشن اور بیوٹیفکیشن کے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ شہریوں کو صاف، محفوظ اور خوشگوار ماحول کی فراہمی، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور عوامی سہولیات کے معیار میں مزید بہتری کے لیے تمام اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق سندر میں فاروق سے 4 لاکھ 47 ہزار روپے اور موبائل فون ٭ گوالمنڈی میں اعجاز سے 4 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون ٭ ڈیفنس میں غفران سے 4 لاکھ 17 ہزار روپے اور موبائل فون ٭ شاہدرہ میں قیصر سے 4 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون، سمن آباد میں ضمیر احمد سے 4 لاکھ روپے موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ گارڈن ٹاؤن اور چوہنگ سے گاڑیاں جبکہ شادمان شفیق آباد اور شالیمار سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

ڈولفن سکواڈ نے قلعہ گجر سنگھ سے 2 پیشہ ور منشیات فروش گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے قلعہ گجر سنگھ سے 2 پیشہ ور منشیات فروش گرفتار کر لیے۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق ڈولفن ٹیم نے قلعہ گجر سنگھ کے علاقے سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران ملزمان سعید اور توقیر کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 20 سے زائد بیئر کین برآمد کر کے ملزمان کو مزید کارروائی کیلئے تھانہ قلعہ گجر سنگھ کے حوالے کر دیا۔

صوبائی دارالحکومت میں مختلف علاقوں میں کرنٹ لگنے اور نشے کی زیادتی کے باعث 4 افراد جاں بحق ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں مختلف علاقوں میں کرنٹ لگنے اور نشے کی زیادتی کے باعث 4 افراد جاں بحق ہو گئے پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق لاری اڈا کے علاقے 62 اسٹینڈ کے قریب سے تقریباً 35 سالہ نامعلوم شخص اور ٹبی سٹی میں پانی والا تالاب کے قریب سے تقریباً 40 سالہ نامعلوم شخص کی لاشیں برآمد ہوئیں تینوں افراد نشے کے عادی تھے جن کی اموات نشے کی زیادتی کے باعث واقع ہوئی جبکہ لوئر مال کے علاقہ بند روڈ کے قریب نجی پلازہ سے 40 سالہ نامعلوم شخص بجلی کے کھمبے پر چڑھنے سے کرنٹ لگا موقع پر دم توڑ گیا متوفی بھی بظاہر نشے کا دی معلوم ہوتا ہے، تینوں متوفیان کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی۔ متعلقہ تھانوں کی پولیس نے چاروں لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔

لوہاری پولیس نے رہائشی ایریا کے گردونواح میں منشیات فروشی کرنے والا گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لوہاری پولیس نے رہائشی ایریا کے گرد و نواح میں منشیات فروشی کرنے والا گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق لوہاری پولیس نے کارروائی کے دوران منشیات فروش علی بابر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 500 گرام سے زائد آئس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم پیدل چل پھر کر منشیات فروشی کر رہا تھا۔

باغبانپورہ پولیس نے علاقے میں دہشت اور خوف کی علامت سمجھا جانے والا مشہور بدنام زمانہ منشیات فروش ہزیان بٹ اسلحہ اور منشیات سمیت گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ پولیس نے علاقے میں دہشت اور خوف کی علامت سمجھا جانے والا مشہور بدنام زمانہ منشیات فروش ہزیان بٹ اسلحہ اور منشیات سمیت گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ اختر نواز کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے گرد شکنجہ سخت کرتے ہوئے ایس ایچ او باغبانپورہ رضوان خان نے ملزم ہزیان بٹ کو گرفتار کر کے اس سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، کر کے مقدمات درج کر لیے۔ ایس پی کینٹ اختر نواز کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے بذریعہ ان لائن مختلف علاقوں میں لوکیشن پر منشیات کی سپلائی دینے کا اعتراف کیا ہے۔

ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر 20 سالہ موٹر سائیکل سوار جاں بحق دو زخمی ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) فیکٹری ایریا کے علاقے میں ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر 20 سالہ موٹر سائیکل سوار جاں بحق دو زخمی ہو گئے جبکہ ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی ریسکیو 1122 ترجمان کے مطابق فیکٹری ایریا کے علاقے غازی یوٹرن چونگی قصور کے قریب ٹریکٹر ٹرالی۔ نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں 20 سالہ نوجوان احتشام موقع پر جاں بحق اور دو دیگر نوجوان زخمی ہو گئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ حادثے کے بعد ڈرائیور ٹریکٹر ٹرالی سمیت موقع سے فرار ہو گیا، اطلاع ملنے پر پولیس نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش مردہ خانے منتقل کر کے سیف سٹی کیمروں کی مدد سے مفرور ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی۔

ستوکتلہ کے علاقے میں پولیس مقابلہ کے خوفناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 1 فرار ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ستوکتلہ کے علاقے میں پولیس مقابلہ کے خوفناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 1 فرار ہو گیا پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے فرار ہونے والے ساتھی کی گرفتاری کے لیے ناکہ بندی کر دی تفصیلات کے مطابق ستوکتلہ پولیس نے ناکہ پر 2 موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے رکنے کی بجائے پولیس پر سیدھی فائرنگ کر دی اور فرار ہونے کی کوشش کی اس دوران پولیس نے فرار ہونے والے ملزمان کا تعاقب کیا کیا تو 01 ملزم اپنے ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا جبکہ دوسرا فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا، پولیس نے زخمی ڈاکو کو ہسپتال منتقل کر کے فرار ہونے والے کی تلاش کے لیے ناکہ بندی کر دی پولیس کا کہنا ہے زخمی ملزم کی شناخت ندیم کے نام سے ہوئی ہے جو ڈکیتی سمیت دیگر سنگین مقدمات میں سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے زخمی ملزم نے کچھ دن قبل کالج روڈ پہ واردات کے دوران دکاندار کو زخمی کیا تھا۔

طٰحہ مصطفیٰ احمدانی نے جنوبی ایشیائی کراٹے چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیت لیا

باصلاحیت اتھلیٹ مصطفیٰ احمدانی کا بنگلہ دیش میں منعقدہ جنوبی ایشیائی کراٹے چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

طٰحہ مصطفیٰ احمدانی کی کامیابی الٹیمیٹ مارشل آرٹس سنٹر لاہور پورے پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے

لاہور (خبر نگار) الٹیمیٹ مارشل آرٹس سنٹر لاہور کے باصلاحیت ایتھلیٹ طٰحہ مصطفیٰ احمدانی نے ڈھاکہ، بنگلہ دیش میں منعقدہ جنوبی ایشیائی کراٹے چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جونیئر 63 کلوگرام کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ طٰحہ مصطفیٰ احمدانی کی یہ کامیابی نہ صرف الٹیمیٹ مارشل آرٹس سنٹر لاہور بلکہ لاہور اور پورے پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے۔ اس شاندار کامیابی پر ان کے کوچز، اہلِ خانہ، ساتھی کھلاڑیوں اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات نے انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔ امید ہے کہ طٰحہ مصطفیٰ احمدانی مستقبل میں بھی اپنی بہترین کارکردگی سے پاکستان کا نام عالمی سطح پر مزید روشن کرتے رہیں گے۔



پاکستان کا وجود شہدا اور انکی قربانیوں کا مقروض ہے۔ ڈاکٹر مسعود شیخ

شہدا کے بارے میں بات کرتے ہوئے الفاظ کا مناسب چناؤ بھی لازم ہے۔ ڈاکٹر منیر غوری۔ ڈاکٹر جاوید ممتاز

سیکیورٹی فورسز کے بارے میں ابہام پیدا کرنے کی بجائے ملکی دفاع کو مضبوط کیا جائے۔ قرارداد منظور۔ جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

لاہور (خبر نگار) جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے صدر ڈاکٹر مسعود شیخ نے مجلس عاملہ کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کی قربانیوں کے باعث ہی پاکستان کا وجود ہے اور اسی لئے پاکستان پر کوئی میلی نظر نہیں ڈال سکتا۔ شہدا پاکستان کی بیرونی سالمیت کے ساتھ ساتھ اندرونی محاذ پر بھی ہر طرح کی حفاظت فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدان ہوں یا کوئی اور شہدا کے بارے میں بات کرتے ہوئے الفاظ کا چناؤ میں بھی احتیاط لازم ہے۔ لفظ پھسلنے پر بھی کسی کو شہدا اور انکے خاندان کی بے توقیری کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ ڈاکٹر مسعود شیخ نے زور دیا کہ جب تک شہادت کا جذبہ نہ ہو کوئی بھی ماں اپنے جگر کے گوشے کو اس ملک کی سرحدوں کے حفاظت کیلئے پیش نہیں کرسکتی۔ شہدا کی فیملیز ہمارا فخر ہیں اور اگر ہم تمام عمر بھی انکے احسانات کا بدلہ اتارنا چاہیں تو الفاظ ختم ہو جائیں گے لیکن شہدا اور انکی فیملیز کی پاکستانی قوم پر احسانات کی لسٹ اتنی طویل ہے کہ انکا حساب نہیں کیا جاسکتا۔ ڈاکٹر منیر غوری نے کہا کہ نوکری اور کمائی کیلئے سیکیورٹی فورسز جوائین نہیں کی جاتیں بلکہ کاروبار کئے جاتے ہیں جانوں کو ہتھیلی پر رکھ کر اپنے خون کا نذرانہ پیش نہیں کیا جاتا۔ جو تنخواہ کیلئے دیئے جانے والے پیسوں کو جان کا بدل سمجھتا ہے وہ اپنے خاندان کے بچوں کو دفاع پاکستان پر بھیج کر اپنا شوق پورا کر لے۔ ڈاکٹر جاوید ممتاز نے کہا کہ اس وقت پاکستان کیلئے اندرونی اور بیرونی سیکیورٹی رسک موجود ہیں اور انکی موجودگی میں شہدا یا سیکیورٹی فورسز کے حوالے سے کوئی بھی ابہام پیدا کرنا ملک کے ساتھ ناانصافی ہوگی اور ہمارا ملک اسکا متحمل نہیں ہوسکتا۔ جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے اجلاس میں متفقہ قرارداد منظور کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب سیکیورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اس وقت دشمنوں کی نظر ہمارے ملک کی جانب ہیں اور وہ اس اندرونی بحث اور بے چینی کی کیفیت کا فائیدہ اٹھا سکتے ہیں۔ دانائی اسی میں ہے کہ اپنے نامناسب الفاظ کے پیچھے چھپنے کی بجائے اس مسئلہ سے باہر آ کر ملکی سلامتی کے حوالے سے بات اور عمل کیا جائے ورنہ دنیا میں جگ ہنسائی ہو رہی ہے۔

پہلی پاک چائنہ بی ٹو بی کانفرنس میں آلٹرنیٹو سیکٹر کی شمولیت سے ہومیوپیتھک اور ہربل انڈسٹری ترقی کرے گی

چینی کمپنیوں کے ساتھ خطیر سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کی شروعات، مستقبل میں مزید اضافہ ہوگا

لاہور (خبرنگار) پہلی پاک چائنہ بی ٹو بی (B2B) کانفرنس میں آلٹرنیٹو سیکٹر کی شمولیت سے ملک کی ہومیوپیتھک اور ہربل انڈسٹری ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگی۔ اس اشتراک کے نتیجے میں متبادل ادویات کے شعبے میں چینی کمپنیوں کی جانب سے بھاری سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کے معاہدے طے پائے ہیں، جو کہ انڈسٹری کی ترقی کے لیے ایک شاندار شروعات ہے اور آنے والے مستقبل میں اس سرمایہ کاری کے حجم میں مزید خاطر خواہ اضافہ متوقع ہے۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف آلٹرنیٹو میڈیسن (PAAM) کے صدر کاشف اسلم ملک نے کانفرنس کے کامیاب اختتام پر گہرے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے متبادل ادویات کی صنعت کے لیے ایک سنگِ میل قرار دیا ہے۔ انہوں نے پام اور پوری انڈسٹری کی جانب سے وفاقی وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن سید مصطفیٰ کمال کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کی سرپرستی اور دوراندیشی کی بدولت آلٹرنیٹو میڈیسن سیکٹر کو یہ تاریخی بریک تھرو حاصل ہوا۔ پام کے صدر کاشف اسلم ملک نے کانفرنس کے شاندار انعقاد اور متبادل ادویات کی صنعت کو آگے بڑھانے میں معاونت پر سی ای او ڈریپ (DRAP) ڈاکٹر عبید کی کاوشوں کو بھی زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈریپ (DRAP) کی قیادت کی خصوصی دلچسپی اور رہنمائی نے پاکستانی وفد کی تیاری اور فورم پر موثر نمائندگی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے وزارتِ تجارت، بورڈ آف انویسٹمنٹ، اور ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان سمیت ان تمام اداروں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے دن رات کام کیا۔ کاشف اسلم ملک کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیرِ صحت سید مصطفیٰ کمال نے شعبے کی اصل اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس اہم ترین کانفرنس میں 47 آلٹرنیٹو میڈیسن کمپنیوں کی شمولیت کو یقینی بنایا۔ اس اعلیٰ سطحی پلیٹ فارم کے ذریعے پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے مابین اربوں روپے مالیت کے مشترکہ منصوبوں، ٹیکنالوجی کی جدید منتقلی اور ہومیوپیتھک و ہربل ادویات کی بین الاقوامی برآمدات بڑھانے کے لیے انتہائی ٹھوس اور مثبت پیش رفت ہوئی ہے، جس کے دوررس معاشی نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارتِ صحت اور ڈریپ کی سطح پر اس سیکٹر کو ملنے والی یہ پذیرائی پام کے ایجنڈے کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے جس کا مقصد متبادل طریقہ علاج کو قومی دھارے میں شامل کر کے اسے ریگولیٹ اور مستحکم کرنا ہے۔ پام وفاقی حکومت، ڈریپ کی قیادت اور تمام معاون اداروں کے اس تاریخی تعاون کو دل سے سراہتی ہے اور پرامید ہے کہ مستقبل میں بھی متبادل ادویات کے شعبے کی سرپرستی کا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا۔

مغربی کنارے کے شہر نابلس کے جنوب میں واقع ... میں اسرائیلی آباد کاروں کی جانب سے لگائی جانے والی آگ کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے۔ (شِنہوا)

بیجنگ: چین میں پاکستان کے سفیر ... گلوبل میڈیا ... میں شریک ہیں۔ (شِنہوا)

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 20 جولائی 2026ء

عوامی خدمت کا اعلیٰ معیار قائم کرنا اولین ترجیح ہے: کمشنر فیصل آباد

اس مقصد کے لئے اضلاع اور تحصیلوں کے دوروں کا شیڈول مرتب کیا جا رہا ہے تاکہ نچلی سطح پر پہنچ کر شہریوں سے ملاقات اور ان کے مسائل ہر ممکن حد تک حل ہو سکیں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) کمشنر فیصل آباد عمران حامد شیخ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ڈویژن میں عوامی خدمت کا اعلیٰ ترین معیار قائم کرنا اولین ترجیح ہے اس مقصد کے لئے اضلاع اور تحصیلوں کے دوروں کا شیڈول مرتب کیا جا رہا ہے تاکہ نچلی سطح پر پہنچ کر شہریوں سے ملاقات اور ان کے مسائل ہر ممکن حد تک حل ہو سکیں۔ انہوں نے یہ بات کمشنر آفس کے افسران سے میٹنگ کرتے ہوئے کہی۔ کمشنر نے کہا کہ افسران اپنے دفاتر کے دروازے سائلین کے لئے کھلے رکھیں اور ان کے مسائل کو حل کرنا معمول ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ درخواست گزاروں کو پیچیدگیوں میں ڈالنے کی بجائے ان کو ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ سرکاری دفاتر پر عوامی اعتماد مزید مضبوط ہو۔ کمشنر نے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سے کہا کہ عوامی بہبود کے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرایا جائے اس ضمن میں شفافیت کو ہر قیمت پر ملحوظ خاطر رکھیں اور اگر کسی جگہ کوئی انتظامی مسئلہ درپیش ہو تو فوری نوٹس میں لائیں تاکہ بروقت اقدامات یقینی بنائے جا سکیں۔ انہوں نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن کو شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کا ٹاسک تفویض کیا اور کہا کہ سٹریٹ لائٹس سو فیصد روشن، سڑکوں واندرونی گلیوں کی مرمت و بحالی اور میونسپل سروسز کی فراہمی میں تعطل نہیں آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سروسز کا معیار عوامی توقعات سے بڑھ کر ہونا چاہیے۔ انہوں نے محکمہ مال کو مختلف مدات میں ریکوریز کے اہداف باقاعدگی سے حاصل کرنے کی بھی تاکید کی۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ فیلڈ میں نکلیں اور شہریوں کو ہر شعبہ میں ریلیف کی فراہمی کے لئے تندہی سے فرائض انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ کاوشوں اور ٹیم ورک سے فیصل آباد کو معیار کے لحاظ سے صوبہ کا بہترین ڈویژن بنانا ہے۔ جس کے لئے کوششوں میں نرمی نہیں آنی چاہیے۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن تنویر مرتضیٰ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ آصف اقبال چوہان، ایڈیشنل کمشنر کنسالیڈیشن افضل تارڑ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن عثمان غنی، اسسٹنٹ کمشنر جنرل عطیہ عنایت اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

احسن سالم خان رتھ نے اسٹام فروش یونین کے صدر منتخب پر چوہدری وہاب پرویز کو مبارکباد دی

اشٹام فروش یونین بار کا ایک اہم بازو ہے اس کے ممبران ہمارے لیئے قابل احترام ہیں

عارف والا (چوہدری وجاہت سے) جنرل سیکرٹری تحصیل بار عارف والا احسن سالم خان رتھ نے اسٹام فروش یونین کے صدر منتخب پر چوہدری وہاب پرویز کو مبارکباد دی (سٹی رپورٹر) احسن سالم خان رتھ جنرل سیکرٹری بار نے کہا ہے کہ اشٹام فروش یونین بار کا ایک اہم بازو ہے اس کے ممبران ہمارے لیئے قابل احترام ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر اشٹام فروش ایسوسی ایشن چوہدری وہاب پرویز کو بلا مقابلہ صدر منتخب ہونے پر دیئے گئے ظہرانہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر کی جانب سے نجی ہوٹل میں ظہرانہ دیا گیا۔ جس میں جنرل سیکریٹری عارف والا بار سینیئر قانون دان احسن سالم خان رتھ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور صحافیوں نے شرکت کی۔ اشٹام فروش ایسوسی ایشن تحصیل کورٹس عارف والا کے عہدیداروں کا چناؤ، میاں فیاض مصطفیٰ وٹو نائب صدر منتخب، دوست احباب کی جانب سے مبارکباد تفصیل کے مطابق اسٹام فروش ایسوسی ایشن عارف والا کے عہدیداروں کا چناؤ کیا گیا جسمیں ایسوسی ایشن ممبران نے 2026/2027 کے لیے چوہدری وہاب پرویز کو صدر سنئیر نائب صدر چوہدری تحسین جاوید۔ نائب صدر میاں فیاض مصطفیٰ وٹو جنرل سیکرٹری ارشاد علی ہاشمی۔ فنانس سیکرٹری عبد الحمید جوپو۔ سیکرٹری نشر واشاعت سعید احمد بھٹی، میاں مقصود احمد جوائنٹ سیکرٹری، رابطہ سیکرٹری اصف جہانگیر اور سوشل میڈیا ایڈوائزر حاجی انتظار کھوکھر مقرر کیے گئے ہیں تحصیل کورٹس عارف والا میں بھنگڑے ڈالا گیا نوٹ اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں دوست احباب سمیت تمام احباب کی جانب سے مبارکباد ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ بعد ازاں دعائے خیر کرائی گئی اور آئے مہمانوں اعزاز میں پر تکلف ظہرانہ دیا گیا۔

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی بجلی کے عذاب میں قید، واپڈا کی مجرمانہ غفلت نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

رات بھر بجلی غائب بچے بلکتے رہے واپڈا کی بے حسی ناقابل برداشت، فوری نوٹس نہ لیا گیا تو احتجاج ہو گا۔

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واپڈا کی مسلسل غفلت نااہلی اور بے حسی نے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ہزاروں رہائشیوں کو زندہ عذاب میں مبتلا کر دیا ہے رات بھر بجلی بند رکھنا کسی تکنیکی خرابی کا نہیں بلکہ متعلقہ افسران کی ناکامی غیر ذمہ داری اور ناقص انتظامی نظام کا واضح ثبوت ہے ماڈل ٹاؤن کو بجلی فراہم کرنے والا فرسودہ اور بوسیدہ گریڈ اسٹیشن اب اپنی افادیت کھو چکا ہے لیکن متعلقہ حکام کی مجرمانہ خاموشی اور ہٹ دھرمی کی سزا بے گناہ شہری بھگت رہے ہیں شدید گرمی میں رات بھر بجلی غائب رہتی ہے بچے گرمی سے بلکتے اور روتے رہتے ہیں بزرگ خواتین اور مریض اذیت ناک کیفیت سے دوچار ہیں جبکہ لوگ پوری پوری رات گھروں سے باہر یا جاگ کر گزارنے پر مجبور ہیں کیا شہریوں کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنا ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے؟ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ یہ صرف لوڈشیڈنگ نہیں بلکہ ممبران کے بنیادی انسانی حقوق پر کھلا حملہ ہے اگر واپڈا کے ذمہ دار افسران اپنی ذمہ داریاں ادا نہیں کر سکتے تو انہیں ان عہدوں پر رہنے کا کوئی اخلاقی جواز حاصل نہیں عوام سے بھاری بل وصول کیے جا رہے ہیں لیکن بدلے میں اندھیرے گرمی ذہنی اذیت اور مسلسل پریشانی دی جا رہی ہے انتظامیہ گریڈ اسٹیشن اور واپڈا کے دیگر ذمہ دار افسران فوری طور پر اپنی غفلت کا جواب دیں متعدد شکایات کے باوجود مسئلہ جوں کا توں رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ عوامی مشکلات کو سنجیدگی سے لینے کی بجائے انہیں مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے جو انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک ہے وفاقی وزیر توانائی، وزارت بجلی، گیپکو کے اعلیٰ حکام اور ضلعی انتظامیہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا رویہ ترک کرتے ہوئے بجلی کے اس سنگین بحران کا فوری، مستقل اور موثر حل نکالے تاکہ ممبران مزید ذہنی اذیت اور مشکلات سے محفوظ رہ سکیں۔

ستھرا پنجاب کے ملازمین پر تشدد اور انہیں گرفتار کرنا انتہائی افسوسناک، قابل مذمت ہے: چوھدری صغیر انجم میاں بابر صغیر

ساہیوال (بیورو رپورٹ) چوہدری صغیر انجم اور میاں بابر صغیر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ شیخوپورہ میں اپنے جائز حقوق اور مطالبات کے لیے پرامن احتجاج کرنے والے ستھرا پنجاب کے ملازمین پر تشدد اور انہیں گرفتار کرنا انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور جمہوری اقدار کے منافی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے حق کا مطالبہ کرنا ہر شہری کا آئینی و قانونی حق ہے، مگر افسوس کہ محنت کشوں کی آواز سننے کے بجائے ان پر طاقت کا استعمال کیا جا رہا ہے، جو کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ ملازمین کے مسائل مذاکرات کے ذریعے حل کرے، نہ کہ انہیں خوف و ہراس کا نشانہ بنائے۔ مزدور طبقہ پہلے ہی مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار ہے، ایسے میں ان پر تشدد اور گرفتاریاں ظلم کے مترادف ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، گرفتار ملازمین کو بلا تاخیر رہا کیا جائے، تشدد میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور ستھرا پنجاب کے ملازمین کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں تاکہ انہیں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

ان شاءاللہ وزیر آباد چوہدری اکبر ابراہیم کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں گے

لوگوں کی بھاری اکثریت چوہدری اکبر ابراہیم کو ووٹ دے کر کامیاب کروائے گی

وزیر آباد (نامہ نگار) ان شاءاللہ وزیر آباد چوہدری اکبر ابراہیم کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں گے صدر محمد اقبال جٹ!! ہم ڈور ٹو ڈور چوہدری اکبر ابراہیم کی کمپین چلا رہے ہیں محمد آصف قادری!! تفصیلات کے مطابق جموں و کشمیر اتحاد کے صدر محمد اقبال جٹ نے گزشتہ روز وزیر آباد کے مختلف گاؤں کشمیر کالونی جامکے چٹھہ جھام والا رسولنگر بارہ دری رکھ سکھ پورہ میں جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ سابق وزیر آزاد کشمیر امیدوار حلقہ ایل اے 38 جموں 5 چوہدری اکبر ابراہیم کی کمپین کرتے ہوئے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان شاءاللہ وزیر آباد سے چوہدری اکبر ابراہیم کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں گے۔ انہوں نے کہا ہم وزیر آباد کے ہر گاؤں میں ڈور ٹو ڈور چوہدری اکبر ابراہیم کی کمپین کر رہے ہیں لوگوں کی چوہدری اکبر ابراہیم سے محبت اس بات کی گواہی دے رہی ہے کہ چوہدری اکبر ابراہیم عوام کے دلوں میں بسنے والا امیدوار ہے جو اپنے حلقے کی عوام سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں یہی وجہ ہے کہ لوگوں کی بھاری اکثریت چوہدری اکبر ابراہیم کو ووٹ دے کر کامیاب کروائے گی انہوں نے مزید کہا کہ ہم ان شاءاللہ چوہدری اکبر ابراہیم کو وزیر آباد سے بھاری اکثریت سے کامیاب کروا کر یہ سیٹ تحفہ میں چوہدری اکبر ابراہیم کو دیں گے اور دوبارہ ان شاءاللہ چوہدری اکبر ابراہیم اپنے حلقے میں ترقیاتی کام کے جال بچھائیں گے۔

جنگلات میں اچانک آگ بھڑک اٹھی قیمتی درخت جل کر راکھ جبکہ ریسکیو ٹیموں نے کاروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جنگلات میں اچانک آگ بھڑک اٹھی قیمتی درخت جل کر راکھ جبکہ ریسکیو ٹیموں نے کاروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چک بہادر تحصیل لالیاں کے قریب جنگل میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ نے تقریباً دو ایکڑ رقبے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا جبکہ آگ لگنے کے باعث قیمتی درخت اور پودے جل کر راکھ ہو گئے ریسکیو 1122 کی فائر ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی اور بروقت کاروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا واقعہ میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں موصول ہوئی تاہم آگ لگنے کی وجوہات کا علم نہ ہو سکا۔

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے ایک کلو میٹر طویل فیض احمد فیض فلائی اوور کا افتتاح کر دیا

سیالکوٹ رنگ روڈ کے پہلے مرحلے پر جلد کام شروع ہو گا جو اس پل سے منسلک ہو گی۔ خواجہ محمد آصف



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے عدالت گڑھا، سیالکوٹ میں 1984 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے ایک کلو میٹر طویل فیض احمد فیض فلائی اوور کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ، رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا کہ یہ فلائی اوور شہر اور اس کی آبادی کے لیے ایک اہم عوامی سہولت ثابت ہو گا، جس سے ٹریفک کے دیرینہ مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ اہل علاقہ کا دیرینہ مطالبہ تھا جس کی تکمیل پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شکر گزار ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ سیالکوٹ رنگ روڈ کے پہلے مرحلے پر جلد کام شروع ہو گا، جس کے تحت وزیر آباد روڈ، ڈسکہ روڈ، ایمن آباد روڈ اور پسرور روڈ کو آپس میں منسلک کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں سے شہر میں انقلابی تبدیلیاں آئیں گی اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف معاشی مشکلات کے باوجود ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھے ہوئے ہیں، جس پر وہ ان کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس فلائی اوور سے وزیر آباد روڈ تک بہتر رسائی میسر آئے گی جبکہ یہ منصوبہ مستقبل میں رنگ روڈ سے بھی منسلک ہو گا، جس سے شہری آمد و رفت، صنعتی سرگرمیوں اور سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک رسائی مزید آسان ہو جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دو سال قبل سیالکوٹ کی خدمت کا جو سفر شروع کیا تھا، اس میں شہر کی نمائندگی کا حق ادا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں عوام کے سامنے ترقیاتی منصوبوں اور عوامی خدمت کی مکمل روداد پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کھاریاں سے روات تک موٹروے کے تقریباً 250 ارب روپے کے منصوبے کو ایف ڈبلیو او کو دیا جا چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ موٹروے اس پورے خطے کی معاشی ترقی اور قومی دفاع دونوں کے لیے انتہائی اہم منصوبہ ہے، جس کی تکمیل میں وفاقی حکومت، میاں محمد نواز شریف اور عسکری قیادت کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں سیالکوٹ کو ریلوے کی برانچ لائن کا شہر کہا جاتا تھا مگر اسے وہ سہولیات میسر نہیں تھیں جن کا یہ حقدار تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ جی ٹی روڈ تو سیالکوٹ نہ آ سکی، تاہم میاں محمد نواز شریف اس شہر کے لئے موٹروے کا عظیم منصوبہ لے کر آئے، جو ان کے سیاسی سفر کا ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہو گا۔ وفاقی وزیر نے نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ وہ تمام منظور شدہ اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے صوبائی حکومت کے ساتھ موثر رابطہ اور تیز رفتار پیش رفت کو یقینی بنانے میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ، رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام اور ضلعی انتظامیہ باہمی کوآرڈینیشن سے ان منصوبوں کو آگے بڑھیں گے۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ سیالکوٹ بڑے سپوتوں کی سرزمین ہے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن کی زیر صدارت ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کی موجودہ صورتحال، ویسٹ مینجمنٹ آپریشنز اور حکومت پنجاب کے فلیگ شپ پروگرام "ستھرا پنجاب" کے تحت جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ساہیوال (مہرا ے ڈی سیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر چیئرمین (ر) صبیح اللہ فاروق، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار علی، چیف کارپوریشن آفیسر شیخ اشفاق احمد، بورڈ ممبر حاجی احسان الحق اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کی موجودہ صورتحال، ویسٹ مینجمنٹ آپریشنز اور حکومت پنجاب کے فلیگ شپ پروگرام "ستھرا پنجاب" کے تحت جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران عوام کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے مختلف انتظامی اور آپریشنل امور پر غور کیا گیا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے متعلقہ طور پر پرائیویٹ سورسڈ کنٹریکٹس کو متعلقہ تحصیلوں میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت کام کرنے والی ایجنسیوں کو منتقل کرنے کی منظوری دی۔ اس فیصلے سے صفائی کے انتظامات میں مزید بہتری، وسائل کے موثر استعمال اور خدمات کی فراہمی میں یکسانیت پیدا ہو گی جبکہ شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہروں اور قصبوں کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ صفائی سے تمام ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فرائض انجام دیں اور ستھرا پنجاب پروگرام کے اہداف کے حصول کے لیے جدید خطوط پر استوار کرنے اور شہریوں کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ میں شفافیت، جوابدہی اور بہترین کارکردگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو صفائی کی سہولیات کی فراہمی کو معیاری بنایا جا سکے۔

فیصل آباد: منظور احمد ملک نے گریڈ 20 میں ترقی کے بعد گورنمنٹ ایم سی ہائر سیکنڈری سکول کوتوالی روڈ کے پرنسپل کا چارج سنبھال لیا

شرکاء نے منظور احمد ملک کو گریڈ 20 میں ترقی اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تعلیم پنجاب کے سینئر ماہر تعلیم منظور احمد ملک نے گریڈ 20 (BPS-20) میں ترقی کے بعد گورنمنٹ ایم سی ہائر سیکنڈری سکول کوتوالی روڈ فیصل آباد کے پرنسپل کا چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن راؤ عبدالکریم اور ڈی ای او سیکنڈری محمد وسیم ساجد نے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او) سیکنڈری محمد وسیم ساجد، اساتذہ، افسران اور عملے کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کے دوران نئے پرنسپل کا پرتپاک استقبال کیا گیا انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے اور ہار پہنائے گئے۔ شرکاء نے منظور احمد ملک کو گریڈ 20 میں ترقی اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ گورنمنٹ ایم سی ہائر سیکنڈری سکول کوتوالی روڈ انتظامی اور تعلیمی سرگرمیوں میں مزید نمایاں کامیابیاں حاصل کرے گا۔ اس موقع پر عامر شہزاد نے کہا کہ منظور احمد ملک بہترین منتظم ہیں ان کی قیادت میں ادارہ تعلیمی میدان میں مزید نمایاں مقام حاصل کرے گا۔

فوج جیسے قومی ادارے کو تنقید اور الزامات کا نشانہ بنانے سے گریز کریں: چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول

قومی اداروں کو سیاست میں گھسیٹنا صرف غیر ذمہ دارانہ رویہ ہے بلکہ اس سے قومی یکجہتی بھی متاثر ہوتی ہے: چوہدری محمد گلفام مصطفیٰ سیہول

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سیاستدان اپنے سیاسی مفادات اور وقتی فائدے کیلئے پاک فوج جیسے قومی ادارے کو تنقید اور الزامات کا نشانہ بنانے سے گریز کریں مسلح افواج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کی ضامن ہیں اور ان کے جوان دن رات اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر وطن عزیز کی حفاظت میں مصروف رہتے ہیں سیاسی اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے لیکن قومی اداروں کو سیاست میں گھسیٹنا صرف غیر ذمہ دارانہ رویہ ہے بلکہ اس سے قومی یکجہتی بھی متاثر ہوتی ہے ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور چوہدری محمد گلفام مصطفیٰ سیہول نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پوری قوم پاک فوج اور شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے سیاستدانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے اختلافات سیاسی اور جمہوری انداز میں حل کریں اور ایسے بیانات سے اجتناب کریں جو قومی اداروں کے وقار کو نقصان پہنچانے کا باعث بنیں پاک فوج کے شہداء اور غازی پوری قوم کا سرمایہ ہیں جن کی قربانیوں کو ہمیشہ عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر اس کوشش کو مسترد کرتی ہے جس کا مقصد قومی اداروں کو متنازع بنانا ہو تمام سیاسی جماعتیں ذمہ داری، بردباری اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے اتحاد و یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

سیاسی سماجی شخصیت ملک بلال حیدر اعوان کی چیئرمین لینڈ ریکارڈ چوہدری طارق سبحانی ملاقات

حلقہ ایل اے 36 جموں تھری کے جلسے کے موقع پر سیاسی و سماجی شخصیات کے مابین اہم ملاقات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ٹسیم سٹی میرج ہال ہیری پور میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران حلقہ ایل اے 36 جموں تھری کے جلسے کے موقع پر سیاسی و سماجی شخصیات کے مابین اہم ملاقات ہوئی۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی اس ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر تقریب کے شرکاء پیر فیض الحسن شاہ ملک شجاع اعوان اور چوہدری محمد اشرف نمبردار نے بھی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

پاک فوج ہمارے وطن کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کی مضبوط علامت ہے

سرحدوں پر ان کی بے مثال قربانیاں اور فرض شناسی پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں: چوہدری جاوید اقبال گورایہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پاک فوج ہمارے وطن کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کی مضبوط علامت ہے ہمارے شہداء کو سلام ہے جنہوں نے جذبہ حب الوطنی میں اپنی جانیں قربان کر کے قوم کا مستقبل محفوظ بنایا ہمارے بہادر افسران اور جوان وطن عزیز کے دفاع کیلئے دن رات اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے سرحدوں پر ان کی بے مثال قربانیاں اور فرض شناسی پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید اقبال گورایہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ شہداء وطن کی عظیم قربانیاں ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی شہداء کے اہل خانہ بھی قابل احترام ہیں جنہوں نے وطن کی خاطر اپنے پیاروں کی قربانی دی پوری قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کے ایثار و بہادری کو ہمیشہ یاد رکھے گی آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں، قومی اداروں کا احترام کریں اور ملک کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جذبہ ایثار اور وطن سے بے لوث محبت پر پوری قوم کو فخر ہے۔

ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال ریسکیو 1122 کی غفلت مریضہ سٹریچر سے گر گئی

ساہیوال (بیورو رپورٹ) سید علمدار حسین شاہ کی والدہ کو گزشتہ روز بعد دوپہر بلڈ پریشر کم ہونے اور ہارٹ کے سبب فوری ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے رحمت العلمین وارڈ میں شفٹ کرتے ہوئے ریسکیو اہلکاروں کی غفلت ان ٹرینڈ اہلکاروں نے سٹریچر سے مریضہ کو گرا دیا جس سے مریضہ کے دانت ٹوٹ گئے آنکھ ضائع ہو گئی کان اور ہونٹوں کے پھٹنے اور سر کی چوٹ سے خون دماغ میں چلا گیا جس سے اسکی حالت مزید نازک ہو گئی۔ نیورو سرجری وارڈ کے ڈاکٹروں نے ایمرجنسی آپریشن کر کے دماغ سے خون نکال دیا آپریشن کے بعد مریضہ 12 گھنٹے گزرنے کے باوجود ابھی تک ہوش میں نہیں آئی۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے اس معاملہ کا سخت نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور ایمرجنسی آفیسر کو معطل کر کے تحقیقات کرائی جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کی جائے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "ایک دن، ایک تحصیل" وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر ننکانہ رعنا حمید کا تحصیل ننکانہ کا تفصیلی دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ننکانہ سٹی کے پبلک پارک میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کا معائنہ کیا اور ترقیاتی کاموں کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "ایک دن، ایک تحصیل" وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر ننکانہ رعنا حمید نے تحصیل ننکانہ کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہر میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں، صفائی ستھرائی، واٹر فلٹریشن پلانٹس، ترقیاتی سکیموں اور شہری سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ننکانہ سٹی کے پبلک پارک میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کا معائنہ کیا اور ترقیاتی کاموں کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو بہتر اور خوشگوار تفریحی ماحول فراہم کیا جا سکے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے شہر کے مختلف واٹر فلٹریشن پلانٹس کا دورہ کیا اور صاف پانی کی فراہمی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فلٹریشن پلانٹس کی مسلسل مانیٹرنگ، بروقت دیکھ بھال اور پانی کے معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو صاف، محفوظ اور معیاری پینے کا پانی بلا تعطل فراہم کیا جا سکے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے شہر کے مختلف بازاروں، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کا بھی معائنہ کیا۔

راجہ محمد فیاض کی قیام گاہ پر آج ایک شاندار فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

گاؤں اور گرد و نواح کے علاقوں کے مریضوں کی کثیر تعداد نے اس سے استفادہ حاصل کیا

بھلوال (تحصیل رپورٹ) انجمن فلاح مریضاں رجسٹرڈ ڈی ایچ کیو ہسپتال بھلوال کے زیر اہتمام محمد الخناس مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے چک نمبر 13 شمالی راجگان میں راجہ محمد فیاض کی قیام گاہ پر آج ایک شاندار فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں اس گاؤں اور گرد و نواح کے علاقوں کے مریضوں کی کثیر تعداد نے اس سے استفادہ حاصل کیا اس کیمپ میں آنکھوں کے سپیشلسٹ ڈاکٹر ارم اور ڈاکٹر آصف نے مریضوں کو مفت معائنہ کیا اور انہیں مفت عینکیں اور مفت ادویات فراہم کیں اسی طرح بچوں اور جنرل سپیشلسٹ ڈاکٹر کے کیمپ میں ڈاکٹر نعیم اشرف اور ڈاکٹر محمد علی خان نے مریضوں کے مفت طبی معائنے کے ساتھ ساتھ انہیں مفت ادویات دیں۔ فری میڈیکل کیمپ راجہ محمد فیاض کا تعاون سے لگایا گیا اس میں انجمن فلاح مریضاں رجسٹرڈ بھلوال کے صدر محسن علی خان جنرل سیکرٹری اقبال خان گکھڑ، نائب صدر غلام رسول تجویز نائب صدر مہر وحید انور، فنانس سیکرٹری حاجی انعام الحق اعوان انفارمیشن سیکرٹری حاجی محمد یوسف سلیم کے علاوہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد شیراز محمد عامر شہزاد ارشاد نظامی راجہ محمد ظفر راجہ ذوالفقار علی اور راجہ محمد اعجاز راجہ کامران یوسف نے شرکت کی کیمپ کے اختتام پر جامع مسجد چک 13 شمالی راجگان کے امام قاری احمد یار نے محمد الخناس مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کروائی۔

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظیم قربانی تاریخ اسلام کا روشن باب ہے: علامہ شفقت علی حیدری

آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے اہل خانہ اور رفقاء کے ہمراہ دین اسلام کی سربلندی حق کی حفاظت اور ظلم کے خاتمے کے لیے جو قربانی پیش کی وہ پوری انسانیت کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظیم قربانی تاریخ اسلام کا روشن باب ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے اہل خانہ اور رفقاء کے ہمراہ دین اسلام کی سربلندی، حق کی حفاظت اور ظلم کے خاتمے کے لیے جو قربانی پیش کی وہ پوری انسانیت کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسفہ کربلا ہمیں صبر، استقامت، وفاداری، ایثار اور حق پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتا ہے۔ حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام نے احیائے نظام خلافت اور اسلام کی سربلندی کے لیے قربانی پیش کی۔ ان خیالات کا اظہار جماعت اہلسنت 204 چک کے زیر اہتمام محفل ذکر شہدائے کربلا و سالانہ عرس مبارک پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ رحمتہ اللہ علیہ سے سید محمد اظہار الحق شاہ، علامہ شفقت علی حیدری نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر علماء کرام نے حضرت پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ رحمتہ اللہ علیہ کی دینی، روحانی، علمی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی خدمات اہل سنت کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔ آپ نے محبت رسول ﷺ، عقیدہ اہل سنت اور تبلیغ اسلام کے لیے ایسا کردار ادا کیا، جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اولیائے کرام اور علماء حق نے ہمیشہ محبت رسول ﷺ، محبت اہل بیت اور قرآن و سنت کے پیغام کو عام کیا۔ حضرت پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ رحمتہ اللہ علیہ بھی انہی عظیم ہستیوں میں شامل تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی دین اسلام کی خدمت، اصلاح معاشرہ، مساجد و مدارس کی سرپرستی اور عوام کی دینی رہنمائی میں صرف کی۔

استحکام پاکستان کیلئے اتحاد، عدل اور قومی شعور وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈاکٹر مفتی انتخاب نوری

سیمینار کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، معاشی ترقی، قومی یکجہتی، افواج پاکستان کی کامیابی اور امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق کے لیے خصوصی دعا کی گئی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) جامعہ قادریہ رضویہ فیصل آباد میں استحکام پاکستان سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں علمائے کرام، اساتذہ، سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار سے چیئرمین متحدہ علماء بورڈ پنجاب ڈاکٹر مفتی انتخاب نوری، ایوب اعوان، پروفیسر رحمت اللہ سیالوی، ڈاکٹر محمد اعجاز، کاشف رضا نوری، ذیشان سعید، عابد قمر نورانی، حیدر کمبوہ، افضل سعید، منیر احمد نورانی، نوید بٹ اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ ڈاکٹر مفتی انتخاب نوری نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی بقا، سلامتی اور ترقی قومی اتحاد، آئین و قانون کی بالادستی، دینی و اخلاقی اقدار اور عوامی شعور سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام ہمیشہ وطن عزیز میں امن، رواداری، بھائی چارے اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو منفی سوچ اور انتشار سے بچاتے ہوئے انہیں تعلیم، کردار سازی اور حب الوطنی کی راہ پر گامزن کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان بے شمار قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا لہٰذا اس کے استحکام اور خوشحالی کے لیے ہر شہری کو اپنی ذمہ داریاں دیانت داری سے ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فرقہ واریت، نفرت انگیزی، عدم برداشت اور معاشی ناانصافی جیسے مسائل سے نجات حاصل کیے بغیر ملک حقیقی ترقی کی منزل طے نہیں کر سکتا۔ مقررین نے کہا کہ تعلیمی ادارے، مساجد اور سماجی تنظیمیں نئی نسل میں قومی یکجہتی، برداشت اور خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پوری قوم کو سیاسی، مذہبی اور سماجی اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی سلامتی، معاشی استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کی ضرورت ہے۔ مقررین نے افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ملکی سلامتی کے لیے خدمات انجام دینے والے تمام اداروں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ سیمینار کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، معاشی ترقی، قومی یکجہتی، افواج پاکستان کی کامیابی اور امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

سیکرٹری بورڈ آف ریونیو پنجاب شفقت اللہ مشتاق نے پنجاب کونسل آف آرٹس ساہیوال ڈویژن کا دورہ

ادارے کی ثقافتی، ادبی اور فنی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا

ساہیوال (مہرا ے ڈی سیم سپرا سے) سیکرٹری بورڈ آف ریونیو پنجاب شفقت اللہ مشتاق نے پنجاب کونسل آف آرٹس ساہیوال ڈویژن کا دورہ کیا اور ادارے کی ثقافتی، ادبی اور فنی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف آرٹس ساہیوال محمد طارق اسماعیل اور ڈاکٹر ریاض ہمدانی نے انہیں آرٹس کونسل کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کرایا اور ادارے کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران شفقت اللہ مشتاق نے آرٹس کونسل کی کلچرل گیلری کا خصوصی معائنہ کیا جہاں ہڑپہ تہذیب، مقامی ثقافت، روایتی فنون، تاریخی ورثے اور علاقائی تہذیبی اقدار سے متعلق نوادرات اور معلوماتی مواد نمائش کے لیے رکھا گیا تھا۔ انہوں نے ہڑپہ تہذیب کی تاریخی اہمیت اور ساہیوال کے ثقافتی تشخص کو اجاگر کرنے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ قدیم تہذیبوں کا تحفظ اور انہیں نئی نسل تک منتقل کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کونسل آف آرٹس ساہیوال ڈویژن فنون لطیفہ، ادب اور ثقافتی ورثے کے فروغ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ ایسے ادارے نہ صرف ہماری تہذیبی شناخت کو محفوظ رکھتے ہیں۔

وفاق اور پنجاب میں آئی پی پی (ن) لیگ کی اتحادی ہے: میاں خالد محمود

پاکستان کو درپیش مسائل و مشکلات سے نجات دلانا پارٹی قیادت کی اولین ترجیح ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ وفاق اور پنجاب میں آئی پی پی (ن) لیگ کی اتحادی ہے اور حکومتی امور میں بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے پاکستان کو درپیش مسائل و مشکلات سے نجات دلانا پارٹی قیادت کی اولین ترجیح ہے جس کی انجام دہی کیلئے جمہوری جدوجہد مزید تیز کی جائے گی آئی پی پی کا عوام دوست منشور ملکی مفادات کے تحفظ اور ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کا ضامن ہے جسے عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے اور وفاق و صوبائی حکومت کی اتحادی ہونے کے ناطے آئی پی پی دونوں فورمز پر مثالی جدوجہد کر رہی ہے۔ جس سے پاکستان کو ترقی و خوشحالی کے راستہ پر گامزن کرنے کے لیے سنگ میل ثابت ہو گی۔ سیاست اور ریاست کو یکجا کر کے ہی ملکی و عوامی مفاد کو تحفظ یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ استحکام پاکستان پارٹی ملک کو مضبوط و مستحکم و خوشحال اور ناقابل شکست بنانے کیلئے پرعزم ہے اور اس کاز کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ استحکام پاکستان پارٹی پاکستان کی معاشی استحکام جیسی عظیم جدوجہد میں تعمیر و ترقی کا باعث بنا اور حقیقی معنوں میں عوام کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے علاقائی تعمیر و ترقی کی خاطر بھی مثالی و ناقابل فراموش کردار ادا کیا گیا ہے۔ آئی پی پی کی صفوں میں اتحاد و یگانگت کو فروغ دیا ہے ان کی متحرک پر جوش اور ولولہ انگیز سوچ عوامی مسائل کے تدارک کے لیے سنگ میل ثابت ہوئی، عوام کے دکھوں کا مداوا حقیقی عوامی لیڈر شپ ہی کر سکتی ہے، ملک کو انتشار تصادم کی سیاست سے نکال کر اجتماعی مفادات کی سوچ کو پروان چڑھانے کے لیے ہم کوشاں ہیں ہمارا ہر سیاسی قدم ملکی تعمیر و ترقی کا باعث بنا۔ جس کیلئے وہ میدان عمل میں ہے مرکزی صدر عبدالعلیم خان کی سیاست رواداری کا مجموعہ ہے جسے انہوں نے

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید کا جسلانی گاؤں اور بچیکی میں نالہ ڈیک کا دورہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ممکنہ مون سون بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید نے جسلانی گاؤں اور نالہ ڈیک کے مختلف مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ندا اقبال سمیت متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے جسلانی گاؤں میں گزشتہ سال سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں کا معائنہ کیا اور وہاں کیے گئے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے نالہ ڈیک کے اطراف ناجائز تجاوزات کے خاتمے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آبی گزرگاہوں میں رکاوٹ بننے والی ہر قسم کی تجاوزات کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ رعنا حمید نے مزید کہا کہ عوامی تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام حفاظتی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے اور حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور پیشگی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ تمام متعلقہ ادارے مون سون سیزن کے دوران فیلڈ میں موجود رہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے انہوں نے نالہ ڈیک کے حساس مقامات، حفاظتی بندوں اور دیگر انتظامات کا بھی معائنہ کیا جبکہ متعلقہ افسران نے ممکنہ سیلابی خطرات اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق عوام کے جان و

بین الاقوامی پنجابی شاعر ارشد منظور کی پہلی سالانہ برسی منائی گئی

ارشد منظور کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا اور دعائے خیر کا بھی اہتمام کیا گیا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹ رانا اکرم حمید) پنجابی زبان کے عالمی شہرت یافتہ شاعر ارشد منظور کی پہلی سالانہ برسی منائی گئی جس میں سیاسی سماجی کاروباری علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات نے شرکت کی ارشد منظور کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا برسی کی تقریب میں روحانی شخصیت محمد اشتیاق احمد حیدری معروف نقیب صاحبزادوں عقیل ارشد راحیل ارشد نبیل ارشد اور نعت گو شاعر سیف الرحمن قادری معروف صحافی قلمکار شبیر حسین ناز سمیت متعدد لوگوں نے شرکت کی مرحوم کے شرجیل ارشد نے کہا کہ وہ اپنے والد ارشد منظور کی مشن کو ہمیشہ جاری رکھیں گے

ڈی ایس ریلوے نورالدین داوڑ کا ریلوے اسٹیشن بھلوال کا اچانک دورہ

ریلوے اسٹیشن بھلوال پر مسافروں کو مہیا کی جانیوالی سہولتوں سمیت دیگر معاملات کو چیک کیا

بھلوال (تحصیل رپورٹر) ڈی ایس ریلوے نورالدین داوڑ کا ریلوے اسٹیشن بھلوال کا اچانک دورہ ریلوے اسٹیشن بھلوال پر مسافروں کو مہیا کی جانیوالی سہولتوں سمیت دیگر معاملات کو چیک کیا اس موقع پر ڈی ٹی او میڈم وقار النساء، ڈی سی او میڈم عابدہ مریم لودھی، نوید اقبال اسٹیشن ماسٹر بھلوال، اختر کانجو پی آر بھلوال، حافظ طارق محمود ایس اے بی اے بھلوال تاجر رہنما ارشد محمود قریشی بھی انکے ہمراہ موجود تھے اس موقع پر ڈی ایس ریلوے نورالدین داوڑ نے کہا کہ بھلوال، سرگودھا ریلوے اسٹیشن کو دور جدید کے مطابق بنایا جائیگا اور اس میں جدید اصلاحات لائی جائیں گی۔ ارشد محمود قریشی نے ڈی ایس ریلوے نورالدین داوڑ کو سرگودھا بھلوال پر ٹریک پر پسنجر ٹرینوں کی بندش کے حوالہ سے آگاہ کیا جس پر ڈی ایس ریلوے نورالدین داوڑ کا کہنا تھا کہ ابھی ریلوے کے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں کہ وہ ان ٹرینوں کو بحال کریں جیسے ہی وسائل دستیاب ہوں گے اس روٹ پر جو بند ہونیوالی پسنجر ٹرینیں ہیں بحال کر دی جائیں گی۔ مسافروں کیلئے ریلوے اسٹیشن پر نئے واش رومز سمیت کھانے پینے کے سٹالز کو جدید دور کے مطابق بنایا جائیگا کھلے پھاٹک کے حوالہ سے انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کے باہمی تعاون سے ابھی تک پورے پنجاب میں 25 پھاٹک منظور ہوئے ہیں پھاٹک کی تنصیب لوکل گورنمنٹ کی مدد سے کی جاتی ہے جس میں مقامی میونسپل کمیٹی کا تعاون بھی شامل ہوتا ہے مقامی تاجر

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد عارف کے ہمراہ قائد اعظم پارک کا دورہ کیا

متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پارک کی بہتری سے متعلق تمام کام جلد از جلد مکمل کیے جائیں اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد عارف کے ہمراہ قائد اعظم پارک کا دورہ کیا اور پارک میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی تفریحی سہولیات، صفائی، خوبصورتی اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے پارک کی مجموعی حالت کا معائنہ کرتے ہوئے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کو پارک کی بہتری کے لیے جامع اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پارک میں معیاری اور سرسبز گھاس لگائی جائے، پودوں اور درختوں کی باقاعدہ تراش خراش کی جائے تاکہ پارک کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے پارک میں موجود جھولوں اور بینچوں کو مکمل طور پر فعال بنانے، خراب آلات کی فوری مرمت، لائٹنگ کے نظام کو جدید اور موثر بنانے، پارک کے داخلی و بیرونی حصوں کی خوبصورتی بہتر کرنے اور واکنگ ٹریک کی مرمت و بحالی کے لیے بھی ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ قائد اعظم پارک شہریوں کے لیے ایک اہم تفریحی مقام ہے، اس لیے اس کی دیکھ بھال اور تزئین و آرائش پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ اہل شہر بالخصوص خواتین، بچوں اور بزرگ شہریوں کو صاف، محفوظ اور خوشگوار ماحول میسر آ سکے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پارک کی بہتری سے متعلق تمام کام جلد از جلد مکمل کیے جائیں اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

مہنگائی کے خدشات اور تدارک

آئی ایم ایف کی ورلڈ اکنامک آؤٹ لک رپورٹ نے پاکستان میں عوام کی زندگیوں کو براہ راست متاثر کرنے والے مسئلے مہنگائی کے حوالے سے سنگین خدشات کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایم ایف رپورٹ کے مطابق پاکستان میں مہنگائی کی اوسط شرح 4.8 فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جو حکومت کے طے کردہ ہدف 2.8 اور گزشتہ سال کی 7 فیصد شرح کے مقابلے میں واضح طور پر زیادہ ہے۔ اگرچہ اس رپورٹ میں پانچ برس کیلئے مہنگائی سنگل ڈیجیٹ یعنی نو فیصد تک رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے مگر یہ اس مفروضے پر قائم ہے کہ وسط جولائی سے مشرق وسطیٰ بالخصوص آبنائے ہرمز میں حالات معمول پر آنا شروع ہو جائیں اور دوبارہ فروری کی سطح پر پہنچ جائیں۔ اگر مشرق وسطیٰ کے حالات کا جائزہ لیا جائے تو سنبھلنے کے بجائے مزید گمبھیر ہوتے دکھائی دے رہے ہیں اور وہ اثرات جو جنگ بندی کے بعد پاکستان پر مرتب ہونا تھے ابھی سے نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ ملک میں پیٹرول کی قلت اس کی واضح مثال ہے۔ اگرچہ نیشنل کوآرڈی نیشن اینڈ مینجمنٹ کونسل کے اجلاس میں پیٹرولیم کے ملکی ذخائر پر اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے اور وزیراعظم شہباز شریف نے پیٹرول کی قلت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کی ہدایات بھی جاری کی ہیں مگر دیکھنا یہ ہے کہ پاکستان کو بیرونی جھٹکوں سے زیادہ داخلی مارکیٹ میکانزم سے خطرہ ہے۔

عالمی بحرانوں کے اثرات باقی ملکوں پر اس طرح نہیں مرتب ہوتے جتنا خمیازہ پاکستان کے عوام کو بھگتنا پڑتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ کمزور حکومتی رٹ اور مارکیٹ پر غیر موثر گرفت۔ آئے روز آٹے، چینی کی قیمتوں میں ہونے والا اضافہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مہنگائی اور قلت محض عالمی اثرات کا شاخسانہ نہیں بلکہ یہ داخلی کمزوری ہے جو بیرونی تلاطم کو کئی گنا بڑھا کر پیش کرتی ہے۔ اس صورتحال میں حکومت کا رویہ بھی دفاعی دکھائی دیتا ہے جو قیمتوں میں اضافے کا ملبہ عالمی منظر نامے، مشرق وسطیٰ کی کشیدگی اور بین الاقوامی آئل مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ پر ڈال کر خود کو بری الذمہ سمجھتی ہے۔ اگرچہ ایک درآمدی معیشت کے طور پر پاکستان بین الاقوامی مارکیٹ میں ہونے والی کسی بھی ہلچل سے براہ راست متاثر ہوتا ہے اور عالمی سطح پر ایندھن اور مال برداری کے اخراجات بڑھنے سے درآمدی اشیا کی قیمتیں خود بخود بڑھ جاتی ہیں لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہونا چاہئے کہ ملک میں پیدا ہونے والی اشیا کے دام میں بھی من چاہا اضافہ ہو جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ بیرونی عوامل کو تبدیل نہ کر پانے کے باوجود ایک مضبوط، فعال اور سنجیدہ اندرونی حکمت عملی کے ذریعے عالمی معاشی جھٹکوں کے منفی اثرات کو کافی حد تک محدود کیا جاسکتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک اپنی معیشت کو بیرونی جھٹکوں سے بچانے کیلئے حفاظتی بیریئر قائم کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں عالمی بحرانوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اندرونی سطح پر کوئی ٹھوس انسدادی ڈھانچہ ہی موجود نہیں۔ لہٰذا ان حالات کا تقاضا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے حکومت مارکیٹ کنٹرول کے نظام کو بہتر اور مضبوط بنائے۔ جب تک مارکیٹ میں ریاستی رٹ قائم نہیں ہوگی تب تک معاشی پالیسیوں کے ثمرات عام آدمی تک نہیں پہنچ پائیں گے۔ ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی جیسے تجارتی جرائم نہیں بلکہ سنگین معاشی دہشت گردی کی شکل اختیار کر چکے ہیں جن سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ اس کیساتھ ساتھ سپلائی چین کی شفافیت کو بھی یقینی بنانا ہوگا تا کہ کوئی مڈل مین مصنوعی طور پر قیمتوں کو متاثر نہ کر سکے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ اور مشرق وسطیٰ کے حالات ہمیں خبردار کر رہے ہیں کہ آنیوالے دن مزید کٹھن ہو سکتے ہیں لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت ایک جامع حکمت عملی مرتب کرے۔

معاشی ترقی

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت استحکام کی راہ پر گامزن ہے اور رواں سال ملک میں معاشی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کا سال ہوگا۔ ایف بی آر اصلاحات پر جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ حکومت کا مقصد کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنا، سرمایہ کاری اور برآمدات کو فروغ دینا اور ٹیکس نظام کو شفاف اور آسان بنانا ہے تا کہ کاروباری برادری کا اعتماد بڑھ سکے۔ حکومت نے ترقی کا جو فارمولا بیان کیا ہے اس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ گزشتہ مالی سال کے بجٹ میں 14131 ارب روپے ٹیکس ہدف مقرر کیا گیا تھا جسے بعد ازاں آئی ایم ایف کیساتھ نظرثانی میں کم کر کے 13979 ارب روپے کر دیا گیا تھا، مگر مالی سال کے اختتام تک 13003 ارب روپے ٹیکس ہی جمع ہو سکا اور لگ بھگ 975 ارب روپے کے شارٹ فال کا سامنا رہا۔ اب رواں مالی سال میں 15264 ارب روپے کا ٹیکس ہدف رکھا گیا ہے۔ جس کیلئے زیادہ انحصار بالواسطہ ٹیکسوں اور پیٹرولیم لیوی پر ہے۔ کاروباری اعتماد کی بات کی جائے تو گزشتہ دنوں جاری کردہ بزنس کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق پاکستان میں کاروباری اعتماد میں نو فیصد کمی آئی ہے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی، بڑھتی مہنگائی، ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ، سپلائی چین میں رکاوٹیں اور پالیسی میں غیر یقینی اس کی بنیادی وجوہات ہیں۔ گزشتہ مالی سال میں تجارتی خسارہ 39 ارب 47 کروڑ ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ اگرچہ 41 ارب 60 کروڑ ڈالر کی ترسیلات زر نے اس خسارے کو سہارا دیا اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ سرپلس رہا مگر معاشی ماہرین کے نزدیک یہ پائیدار حکمت عملی نہیں۔ برآمدات کی بات کریں تو گزشتہ مالی سال برآمدات کا حجم 13.30 ارب ڈالر رہا جبکہ ہدف 35 ارب ڈالر تھا، یعنی برآمدات میں 14 فیصد کمی آئی۔ بیرونی سرمایہ کاری کا حجم بھی 4.28 فیصد کم ہوا۔ 1999ء سے 2025ء تک پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا حجم دو ارب ڈالر کے لگ بھگ رہا ہے جو 400 ارب ڈالر سے بڑی معیشت اور 25 کروڑ آبادی والے ملک کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ اگر ٹیکس اصلاحات کی بات کی جائے تو پاکستان کا ٹیکس نظام بدستور تضادات کا شکار ہے۔ ترسیلات زر پر انحصار ملکی معیشت کی حقیقی خوشحالی کی عکاسی نہیں کر سکتا۔ پائیدار ترقی درآمدات و برآمدات میں توازن، شفاف ٹیکس نظام، صنعتکاری و سرمایہ کاری کے فروغ اور آسان کاروبار میں پنہاں ہے۔

ڈاکٹروں کے لئے ایک نئے امتحان کا اضافہ

تحریر: ڈاکٹر شافع صابر

میرے سامنے محکمہ صحت پنجاب کا ایک نیا نوٹیفکیشن پڑا ہوا ہے۔ جس کے مطابق جنوری 2027 کو پوسٹ گریجویٹ سینٹرل انڈکشن پالیسی (پی سی پی) کے لئے ایک نیا پی جی انٹرینس (ENTRANCE PG) ٹیسٹ لیا جائے گا۔ یعنی کہ ایک امیدوار پہلے ایف سی پی ایس۔ 1 یا ایم ڈی کیٹ۔ 1 کا امتحان پاس کرے گا۔ پنجاب میں ٹریننگ لینے کے لئے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان ایف سی پی ایس پارٹ ون اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور ایم ڈی کیٹ ون کا امتحان لیتی ہے۔ یہ دونوں یا ایک امتحان پاس کرنے کے بعد آپ ٹریننگ کرنے کے لئے اہل ہوتے ہیں، لیکن اب ان دونوں کے بعد نیا ٹیسٹ رکھا گیا ہے۔ جو ڈاکٹر یہ ٹیسٹ پاس کرے گا اس کے بعد وہ انڈکشن کے لئے اہل تصور کیا جائے گا۔ بنیادی طور پر ڈاکٹروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے سامنے یہ چھوٹا سا عارضی پل باندھنے کی کوشش ہے۔ کیونکہ پنجاب سمیت پاکستان بھر میں ڈاکٹرز کی سپلائی ڈیمانڈ سے کہیں زیادہ ہے۔ فیلڈ میں ہر سال ہزاروں نئے ڈاکٹرز داخل ہو رہے ہیں۔ سب کا ایک ہی خواب ہوتا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں ٹریننگ ملے، لیکن ٹریننگ سلاٹس کم ہیں۔ سپلائی اور ڈیمانڈ کا فرق ایک نئے ٹیسٹ سے روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جیسے حالات چل رہے ہیں کہ کیا پتا کہ کل کو پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) دوبارہ این ایل ای (نیشنل لائسنسنگ ایگزام) لاگو کر دے، تا کہ کم لوگ فیلڈ میں آئیں۔ NLE ہو یا PG ENTRANCE ٹیسٹ، ان سبھی حربوں کا مقصد کم سے کم ڈاکٹرز کو فیلڈ میں لانا ہے، تا کہ ڈیمانڈ کے حساب سے سپلائی کو ممکن بنایا جا سکے۔ اس ٹیسٹ کے حامیوں کا کہنا ہے کہ اس سے میرٹ بہتر ہوگا، جبکہ مخالفین کا کہنا ہے کہ اس سے ڈاکٹرز پر مزید معاشی بوجھ بڑھ جائے گا۔ مسئلہ یہ ہے کہ حکومت اس مسئلے کی جڑ کو نہیں سمجھ پا رہی۔ وہ ہے پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی بھرمار۔ صرف لاہور شہر میں پچیس سے زائد پرائیویٹ میڈیکل کالجز کھل چکے ہیں۔ یہ ڈاکٹرز بنانے کی فیکٹریاں دھڑا دھڑ ڈاکٹرز بنائے جا رہی ہیں، لیکن یہ فیکٹریاں اپنے ہی گریجویٹس کو پیڈ ٹریننگ دینے سے قاصر ہیں، سرکاری ہسپتالوں میں اتنی ہی سیٹیں ہیں جتنی آج سے دس سال قبل تھیں بس انیس بیس کا فرق پڑا ہوگا۔ آبادی کے تناسب سے نئے بڑے ہسپتال نہیں بن پا رہے جو کہ ڈاکٹرز کی بڑھتی ہوئی تعداد accommodate کر سکیں۔ جابز ہیں نہیں، ٹریننگ سلاٹس کم ہیں تو اسی چیز کو عارضی طریقوں سے حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پوری دنیا میں پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے ایک ہی امتحان لیا جاتا ہے۔ لیکن وطن عزیز میں ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے پہلے دو امتحان تھے، اب تیسرے کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اتنی مشکل کے بعد ٹریننگ حاصل کر کے بھی ڈاکٹرز کو جو ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے وہ اس مہنگائی کے دور میں بہت کم ہے۔

محفوظ چھت، محفوظ مستقبل

کسی بھی معاشرے کی اصل ترقی کا اندازہ صرف بلند و بالا عمارتوں، جدید شاہراہوں یا بڑے ترقیاتی منصوبوں سے نہیں لگایا جاتا بلکہ اس بات سے لگایا جاتا ہے کہ ریاست اپنے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو کتنی اہمیت دیتی ہے۔ ایک محفوظ گھر ہر انسان کا بنیادی حق ہے، کیونکہ گھر صرف اینٹ، پتھر اور سیمنٹ کا ڈھانچہ نہیں بلکہ ایک خاندان کی امیدوں، خوابوں، سکون اور تحفظ کا مرکز ہوتا ہے۔ جب یہی چھت کمزور ہو جائے یا حادثے کا سبب بننے لگے تو اس کے اثرات صرف ایک عمارت تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورا خاندان زندگی بھر کے دکھ میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

چند روز قبل کاہنہ میں پیش آنے والا افسوسناک سانحہ اسی تلخ حقیقت کی یاد دہانی تھا۔ زیر تعمیر عمارت کی چھت گرنے سے معصوم بچوں کی جانوں کا ضیاع ایسا المیہ ہے جس نے پورے پنجاب کو غمزدہ کر دیا۔ ایسے سانحات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ صرف افسوس اور تعزیت پر اکتفا نہ کیا جائے بلکہ مستقبل میں ان کی روک تھام کے لیے عملی اور پائیدار اقدامات کیے جائیں۔ اسی تناظر میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے "اپنی چھت، محفوظ چھت" پروگرام کا اجرا ایک اہم عوامی فلاحی اقدام کے طور پر سامنے آیا ہے، جس کا بنیادی مقصد کمزور اور خستہ حال گھروں کو محفوظ بنانا اور کم آمدن والے خاندانوں کو مالی سہولت فراہم کرنا ہے۔

یہ پروگرام اپنی نوعیت کے اعتبار سے صرف ایک قرضہ اسکیم نہیں بلکہ انسانی جانوں کے تحفظ سے جڑا ہوا منصوبہ ہے۔ حکومت پنجاب نے پانچ لاکھ روپے تک بلاسود قرض کی فراہمی کا اعلان کیا ہے تاکہ شہری اپنی کمزور چھتوں، دیواروں اور دیگر خطرناک حصوں کی مرمت یا مضبوطی کر سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایسے خاندان جہاں ایک ہی گھر میں کئی گھرانے رہائش پذیر ہیں، ان کے لیے اضافی کمروں یا دوسری منزل کی تعمیر کے لیے دس لاکھ روپے تک بلاسود قرض کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ قرض کی ماہانہ اقساط کو عام آدمی کی استطاعت کے مطابق رکھا گیا ہے، تاکہ محدود آمدن رکھنے والے افراد بھی آسانی سے اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔

حکومت نے صرف مالی معاونت تک خود کو محدود نہیں رکھا بلکہ درخواست دینے کے طریقہ کار کو بھی آسان بنایا ہے۔ آن لائن پورٹل، ڈپٹی کمشنر دفاتر، اسسٹنٹ کمشنر دفاتر، پھاٹا کے مراکز اور ہیلپ لائن کے ذریعے شہریوں کو متعدد ذرائع فراہم کیے گئے ہیں۔ سرکاری منصوبوں میں پیچیدہ کاغذی کارروائی اکثر عوام کے لیے مشکلات پیدا کرتی ہے، لیکن اگر قومی شناختی کارڈ کی بنیاد پر سادہ طریقہ کار کے ذریعے قرض فراہم کیا جاتا ہے تو یقیناً اس سے زیادہ سے زیادہ مستحق افراد فائدہ اٹھا سکیں گے۔

اس منصوبے کا ایک اور مثبت پہلو یہ ہے کہ حکومت نے پراسیسنگ فیس اور دیگر سرکاری واجبات خود ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اقدام اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ فلاحی منصوبوں کا اصل مقصد ضرورت مند افراد تک سہولت پہنچانا ہونا چاہیے، نہ کہ اضافی اخراجات کے ذریعے ان کے لیے نئی رکاوٹیں پیدا کرنا۔ اسی طرح قرض کے اجرا کے بعد تین ماہ کا گریس پیریڈ بھی عام شہری کو مالی دباؤ سے بچانے کی ایک مثبت مثال ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پنجاب سمیت پاکستان کے مختلف علاقوں میں ہر سال بارشوں، آندھیوں، موسمی شدت اور غیر معیاری تعمیرات کے باعث متعدد حادثات پیش آتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں کچی چھتیں جبکہ شہری علاقوں میں خستہ حال عمارتیں انسانی جانوں کے لیے مستقل خطرہ بنی ہوئی ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث شدید بارشوں اور غیر معمولی موسمی حالات میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے پیش نظر محفوظ تعمیرات اب صرف ترقیاتی مسئلہ نہیں بلکہ انسانی تحفظ کا معاملہ بھی بن چکا ہے۔ ایسے حالات میں اگر حکومت کمزور گھروں کی مضبوطی کے لیے بلاسود قرض فراہم کرتی ہے تو یہ قدرتی آفات سے ہونے والے ممکنہ نقصانات کو کم کرنے کی جانب ایک بروقت اور قابلِ توجہ قدم ہے۔

یہ امر بھی خوش آئند ہے کہ "اپنی چھت، محفوظ چھت" کسی الگ منصوبے کے طور پر نہیں بلکہ حکومت پنجاب کی ہاؤسنگ حکمت عملی کے تسلسل کا حصہ ہے۔ اس سے قبل "اپنی چھت، اپنا گھر" اور "اپنی زمین، اپنا گھر" جیسے منصوبوں کے ذریعے ہزاروں خاندانوں کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی گئی۔ اب ان منصوبوں کے ساتھ محفوظ رہائش کا تصور شامل کر کے حکومت نے واضح پیغام دیا ہے کہ صرف گھر بنانا کافی نہیں بلکہ اس گھر کو محفوظ بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ اس منصوبے کے معاشی اثرات بھی قابل ذکر ہو سکتے ہیں۔ جب ہزاروں خاندان اپنے گھروں کی مرمت، توسیع یا مضبوطی کریں گے تو تعمیراتی صنعت، سیمنٹ، سریا، اینٹوں، بجری، لکڑی اور دیگر تعمیراتی سامان سے وابستہ کاروبار میں سرگرمی بڑھے گی۔ مستری، مزدور، انجینئر، ٹیکنیشن اور چھوٹے کاروباری افراد کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جس سے مقامی معیشت کو بھی تقویت مل سکتی ہے۔ یوں ایک فلاحی منصوبہ سماجی تحفظ کے ساتھ ساتھ معاشی سرگرمیوں میں اضافے کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔

تاہم ہر سرکاری پروگرام کی طرح اس منصوبے کی کامیابی کا دارومدار بھی اس کے مؤثر اور شفاف نفاذ پر ہوگا۔ ضروری ہے کہ قرضوں کی تقسیم میں مکمل شفافیت، مستحق افراد کی درست جانچ، تعمیراتی معیار کی نگرانی اور فنڈز کے صحیح استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ اگر نگرانی کا مضبوط نظام قائم کیا گیا تو نہ صرف وسائل کا درست استعمال ممکن ہوگا بلکہ عوام کا اعتماد بھی مزید مستحکم ہوگا۔ آج کے دور میں اچھی حکمرانی کا تقاضا یہی ہے کہ ریاست عوام کی فوری ضرورتوں کو سمجھے اور ان کا بروقت حل پیش کرے۔ محفوظ رہائش انہی بنیادی ضرورتوں میں شامل ہے۔

مزید کچھ فتاویٰ کی درخواست ہے - یاسر پیرزادہ کا ناقابل اشاعت

ایک ایسا چہرہ جو دنیا کے سامنے مسکراتا ہے، مگر اپنے ہی گھر والوں کی مسکراہٹ چھین لیتا ہے۔

بعض انسان ایسے ہوتے ہیں جنہیں دیکھ کر ہر کوئی یہی کہتا ہے: "یہ تو بہت اچھا انسان ہے، بہت مہذب، خوش اخلاق اور دوسروں کی مدد کرنے والا" لیکن جب ان کے گھر کا دروازہ بند ہوتا ہے تو وہی شخص اپنے شریکِ حیات، بچوں یا قریبی لوگوں کے لیے ذہنی اذیت، خوف، بے عزتی، خاموش سزاؤں اور جذباتی استحصال کا باعث بن جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نرگسیت کو اکثر ایک ایسے "نقاب" سے تشبیہ دی جاتی ہے جس کے پیچھے ایک بالکل مختلف شخصیت چھپی ہوتی ہے۔ باہر کی دنیا کو ایک کامیاب، پُراعتماد اور مثالی انسان دکھائی دیتا ہے، جبکہ گھر کے اندر رہنے والے لوگ ایک ایسے انسان کو جانتے ہیں جو دوسروں کے جذبات، عزتِ نفس اور ذہنی سکون کو آہستہ آہستہ ختم کر دیتا ہے۔ یہ بات بھی سمجھنا ضروری ہے کہ آج کل سوشل میڈیا پر "Narcissist" کا لفظ بہت عام ہو گیا ہے۔ ذرا سی خود غرضی، غصہ یا ضد دیکھ کر لوگ ایک دوسرے کو نرگسیت کا لیبل دے دیتے ہیں، حالانکہ ہر مشکل یا خود پسند انسان PersonalityNarcissistic (NPD) Disorder کا مریض نہیں ہوتا۔ NPD ایک باقاعدہ DisorderPersonality ہے جس کی تشخیص صرف تربیت یافتہ ماہرِ نفسیات مکمل جائزے کے بعد ہی کر سکتے ہیں۔ البتہ یہ بھی حقیقت ہے کہ کچھ افراد میں نرگسیت کی خصوصیات اتنی شدید ہوتی ہیں کہ ان کے ساتھ رہنے والے لوگ برسوں ذہنی اذیت، اضطراب، ڈپریشن، خود اعتمادی کی کمی اور بعض اوقات جسمانی تشدد تک کا شکار ہو جاتے ہیں۔

اکثر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ نرگسیت صرف غرور یا خود پسندی کا نام ہے، مگر حقیقت اس سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہے۔ بہت سے ایسے افراد کے اندر ایک نہایت نازک اور غیر محفوظ خودی (esteemSelfFragile) موجود ہوتی ہے۔ وہ اپنے اندر موجود کمزوری، شرمندگی یا نااہلی کے احساس کو قبول کرنے کے بجائے ایک ایسا نقاب اوڑھ لیتے ہیں جس میں وہ خود کو سب سے بہتر، سب سے ذہین، سب سے خوبصورت یا سب سے کامیاب ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ نقاب ان کے لیے ایک نفسیاتی دفاع (MechanismDefense) بن جاتا ہے۔ جب کوئی شخص ان پر تنقید کرتا ہے یا ان کی خامی کی طرف اشارہ کرتا ہے تو انہیں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ان کی پوری شخصیت خطرے میں پڑ گئی ہو، اسی لیے وہ فوراً غصے، انکار، الزام تراشی یا جذباتی حملے کا سہارا لیتے ہیں۔ یہ کہنا درست نہیں کہ ہر نرگسیت رکھنے والے شخص کے پیچھے صرف "Inferiority Complex" ہوتا ہے، کیونکہ تحقیق بتاتی ہے کہ اس شخصیت کی تشکیل میں کئی عوامل مل کر کردار ادا کرتے ہیں۔ بعض بچوں کو بچپن سے یہ احساس دلایا جاتا ہے کہ وہ سب سے خاص ہیں اور ان سے کبھی غلطی نہیں ہو سکتی، جبکہ کچھ بچوں کو مسلسل تنقید، تحقیر، نظر اندازی یا غیر مشروط محبت کی کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بعض گھروں میں والدین کبھی بے حد محبت کرتے ہیں اور کبھی مکمل بے رخی اختیار کر لیتے ہیں۔ اس غیر مستقل رویے کی وجہ سے بچے کی شخصیت میں عدم تحفظ پیدا ہو سکتا ہے۔ بعض صورتوں میں مزاج، جینیاتی عوامل اور ماحول بھی اس شخصیت کی تشکیل میں حصہ لیتے ہیں۔ اس لیے ہر مریض کی کہانی مختلف ہو سکتی ہے۔ نرگسیت رکھنے والے افراد کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنی غلطی ماننے سے گریز کرتے ہیں۔ اگر ان سے کوئی غلطی ہو بھی جائے تو وہ اسے دوسروں پر ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ معافی مانگنا انہیں اپنی شکست محسوس ہوتا ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہر وقت ان کی تعریف کی جائے، ان کی خواہشات کو ترجیح دی جائے اور اگر کوئی شخص ان سے اختلاف کرے تو وہ اسے اپنا دشمن سمجھنے لگتے ہیں۔ وہ دوسروں کے جذبات کو سمجھنے یا ان کی تکلیف محسوس کرنے میں اکثر مشکل کا سامنا کرتے ہیں، اسی لیے کئی بار ان کے الفاظ اور رویے دوسروں کے لیے شدید تکلیف دہ ہوتے ہیں، مگر وہ اس تکلیف کی ذمہ داری قبول نہیں کرتے۔

ایسے افراد تعلقات کے آغاز میں اکثر غیر معمولی محبت، توجہ اور تعریف کا اظہار کرتے ہیں۔ نفسیات میں اسے Love Bombing کہا جاتا ہے۔ متاثرہ شخص کو محسوس ہونے لگتا ہے کہ اسے دنیا کا بہترین ساتھی مل گیا ہے۔ لیکن جیسے ہی تعلق مضبوط ہو جاتا ہے، وہی محبت آہستہ آہستہ تنقید، کنٹرول، بے عزتی، حسد، خاموش سزا (Silent Treatment)، جذباتی بلیک میلنگ اور الزام تراشی میں بدلنے لگتی ہے۔ متاثرہ شخص بار بار سوچتا ہے کہ شاید اگر وہ خود کو بدل لے تو پہلے جیسی محبت واپس آ جائے گی، مگر حقیقت میں یہ ایک ایسا چکر ہوتا ہے جس میں محبت اور اذیت باری باری آتی رہتی ہیں۔ اسی مسلسل اتار چڑھاؤ کو BondTrauma کہا جاتا ہے۔ جب ایک ہی شخص کبھی بے حد محبت کرے اور کبھی شدید تکلیف دے تو دماغ اس تعلق سے غیر معمولی وابستگی پیدا کر لیتا ہے۔ متاثرہ شخص جانتے ہوئے بھی اس رشتے سے باہر نہیں نکل پاتا کیونکہ وہ ہمیشہ اس امید میں رہتا ہے کہ شاید وہ اچھے دن دوبارہ واپس آ جائیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سی خواتین اور مرد برسوں ایسے رشتوں میں رہتے ہیں جہاں انہیں عزت، سکون اور تحفظ نہیں ملتا، پھر بھی وہ اس تعلق کو چھوڑنے سے ڈرتے ہیں۔

ایک اور خطرناک رویہ Gaslighting ہے۔ اس میں نرگسیت رکھنے والا شخص متاثرہ فرد کو اس حد تک الجھا دیتا ہے کہ وہ اپنی یادداشت، سوچ اور احساسات پر شک کرنے لگتا ہے۔ اگر وہ کسی غلط رویے کی شکایت کرے تو جواب ملتا ہے، "تمہیں غلط یاد ہے"، "تم بہت حساس ہو"، "یہ سب تمہارا وہم ہے"، یا "میں نے ایسا کبھی نہیں کہا"۔ وقت گزرنے کے ساتھ متاثرہ شخص کو واقعی محسوس ہونے لگتا ہے کہ شاید مسئلہ اسی کے اندر ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہوتی ہے۔

بطور کلینیکل سائیکولوجسٹ ایک حقیقت بار بار سامنے آتی ہے کہ نرگسیت رکھنے والا فرد خود علاج کے لیے بہت کم آتا ہے، کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ مسئلہ اس میں نہیں بلکہ دنیا کے باقی لوگوں میں ہے۔ زیادہ تر کلینک میں اس کی بیوی، شوہر، بچے یا والدین آتے ہیں، جو برسوں کی ذہنی اذیت، ڈپریشن، اینزائٹی، کم خود اعتمادی اور جذباتی تھکن کا شکار ہو چکے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نرگسیت کا علاج صرف تکنیکوں کا نہیں بلکہ اس شخص کے برسوں پرانے بنیادی عقائد (BeliefsCore) اور دفاعی انداز (Defense Mechanisms) کو آہستہ آہستہ سمجھنے اور تبدیل کرنے کا عمل ہوتا ہے، جو آسان نہیں ہوتا اور صرف اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب مریض خود تبدیلی کے لیے تیار ہو۔ نرگسیت کی اقسام بہت ساری ہیں ہر نقاب ایک جیسا نہیں ہوتا۔

معیشت کی بحالی: اعلانات سے آگے، عملی اقدامات کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے یہ کہنا کہ پاکستان کی معیشت استحکام کی راہ پر گامزن ہے اور رواں سال معاشی ترقی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کا سال ہوگا، ملکی معیشت کے حوالے سے ایک مثبت پیغام ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں پاکستان نے مہنگائی، زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، روپے کی قدر میں اتار چڑھاؤ، توانائی کے بحران اور مالیاتی دباؤ جیسے متعدد معاشی چیلنجز کا سامنا کیا۔ ایسے میں اگر معاشی اشاریے بہتری کی جانب اشارہ کر رہے ہیں تو یہ خوش آئند امر ہے، تاہم اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب اس کے ثمرات عام شہری، صنعتکار، تاجر، کسان اور سرمایہ کار تک یکساں طور پر پہنچیں۔ کسی بھی ملک کی مضبوط معیشت کا انحصار صرف حکومتی اعلانات پر نہیں بلکہ ان پالیسیوں کے مؤثر نفاذ پر ہوتا ہے جو کاروباری ماحول کو سازگار بنائیں۔ وزیراعظم نے کاروباری برادری کو ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ نجی شعبہ ہی روزگار پیدا کرتا، سرمایہ کاری بڑھاتا اور برآمدات میں اضافہ کرتا ہے۔ اگر صنعت اور تجارت کو درپیش رکاوٹیں دور کر دی جائیں تو ملکی پیداوار اور قومی آمدن میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ ایف بی آر اصلاحات کا معاملہ بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ پاکستان میں طویل عرصے سے ٹیکس نظام کی پیچیدگی، غیر مساوی ٹیکس بوجھ اور کمزور نفاذ کاروباری طبقے کی شکایات کا باعث رہے ہیں۔ اگر ٹیکس نظام کو شفاف، سادہ اور ڈیجیٹل بنایا جائے تو نہ صرف محصولات میں اضافہ ہوگا بلکہ ٹیکس دہندگان کا اعتماد بھی بحال ہوگا۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مختلف صنعتوں کی پروڈکشن مانیٹرنگ اور ٹیکس وصولی میں بہتری اس سمت میں ایک اہم قدم ہو سکتی ہے، بشرطیکہ اس عمل کو شفاف، غیر جانبدار اور قانون کے مطابق آگے بڑھایا جائے۔ وزیراعظم کی جانب سے ایف بی آر کے اعلیٰ افسران کو کراچی جا کر کاروباری برادری سے براہِ راست ملاقات کی ہدایت بھی قابلِ توجہ ہے۔ کراچی ملک کا سب سے بڑا تجارتی اور صنعتی مرکز ہے، جہاں تاجروں اور صنعتکاروں کے مسائل کا فوری حل قومی معیشت پر مثبت اثر ڈال سکتا ہے۔ اگر اس طرز کے رابطے صرف رسمی کارروائی نہ رہیں بلکہ ان کے نتیجے میں عملی فیصلے کیے جائیں تو کاروباری طبقے کا اعتماد مزید مضبوط ہوگا۔ پاکستان کی معیشت کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے صرف ٹیکس اصلاحات کافی نہیں۔ توانائی کی مسلسل فراہمی، سستی بجلی، مناسب شرح سود، آسان قرضے، برآمدی صنعتوں کی حوصلہ افزائی، جدید ٹیکنالوجی کا فروغ، ہنر مند افرادی قوت کی تیاری اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول بھی ناگزیر ہیں۔ جب تک سرمایہ کار کو پالیسیوں میں تسلسل، قانونی تحفظ اور انتظامی سہولت میسر نہیں ہوگی، سرمایہ کاری کی رفتار مطلوبہ سطح تک نہیں پہنچ سکے گی۔ دوسری جانب حکومت کے لیے ضروری ہے کہ ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے تا کہ ایمانداری سے ٹیکس ادا کرنے والوں پر غیر ضروری بوجھ نہ پڑے۔ معیشت کی دستاویزی شکل، اسمگلنگ کی روک تھام، غیر رسمی کاروبار کو رسمی نظام میں لانا اور ٹیکس چوری کے خلاف مؤثر کارروائی محصولات میں اضافے کا زیادہ پائیدار ذریعہ بن سکتے ہیں۔ عالمی معاشی حالات بھی پاکستان کی معیشت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، بین الاقوامی مالیاتی منڈیوں کی صورتحال اور عالمی تجارتی رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی معاشی حکمت عملی ترتیب دینا ہوگی جو بیرونی جھٹکوں کا مقابلہ کر سکے۔ اسی لیے برآمدات میں تنوع، مقامی صنعت کی مضبوطی اور زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ معاشی استحکام کا اصل پیمانہ صرف سرکاری اعداد و شمار نہیں بلکہ عام آدمی کی زندگی میں بہتری ہے۔

اداکارہ کے بولڈ لباس کا تنازع

تحریر: یاسر پیرزادہ

کرپٹو کرنسی کے خلاف مفتی تقی عثمانی کا فتویٰ پڑھا، دل باغ باغ ہو گیا۔ ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جہاں میں۔ لب لباب فتوے کا یہ ہے کہ کرپٹو کرنسی 'دولت' نہیں ہے بلکہ یہ محض کمپیوٹر پر لکھے چند حروف ہیں لہٰذا اگر ان کے عوض کوئی چیز خریدی جاوے گی تو وہ آپ کی نہ ہووے گی، حرام ہوگی۔ میں سوچ رہا ہوں کہ اگر کمپیوٹر اسکرین پر نظر آنے والے چند فرضی نمبر حرام ہو سکتے ہیں تو ہمارے اردگرد جو گوشت پوست کے انسان، جیتے جاگتے بچے اور عورتیں نظر آ رہی ہیں، ان کے حقوق پامال کرنے والے فرضی خداؤں کے خلاف فتوے کیوں نہ دیے جائیں؟ چونکہ بندہ بھی ایک چھوٹا موٹا سا مولوی ہے اس لیے مفتی صاحب کے تازہ فتوے سے حوصلہ پا کر میں نے سوچا ہے کہ کچھ فتوے صادر فرما دوں۔ شاید میری آخرت سنور جائے۔

پہلا فتویٰ ضبطِ تولید اور آبادی پر قابو پانے کے بارے میں ہے۔ جس طرح مولانا ظفر علی خان کو زعم تھا کہ 'زمیندار' کے اداریے پڑھ کر تاج برطانیہ اپنی پالیسیاں بناتی ہے اسی طرح مجھے بھی یہ غلط فہمی لاحق ہے کہ فدوی کے کالموں کی روشنی میں حکومتی فیصلہ سازی کی جاتی ہے۔ گزشتہ چند ماہ میں اِس خاکسار نے بڑھتی ہوئی آبادی پر دو چار کالم کیا لکھ مارے، حکومت کو اِس مسئلے پر اعلیٰ سطحی کمیٹی بنانی پڑ گئی۔ اچھی بات ہے۔ مگر مسئلہ یہ ہے کہ مولوی نے ہمیں یہ بتایا ہوا ہے کہ رزق کا وعدہ اللہ نے کر رکھا ہے لہٰذا آبادی کنٹرول کرنا یا بچے کم پیدا کرنا دینی احکامات کے خلاف ہے۔ اِس سوچ نے پاکستان کو بارود کے ڈھیر پر لا کھڑا کیا ہے۔ اسکولوں میں جگہ نہیں، ہسپتالوں میں بستر نہیں، پینے کو صاف پانی نہیں، لیکن غریب کی جھونپڑی میں آٹھواں بچہ جنم لے رہا ہوتا ہے۔ اِن حالات میں میرا فتویٰ یہ ہے کہ پاپولیشن کنٹرول نہ صرف جائز ہے بلکہ عین شرعی ہے۔ قرآن کہتا ہے "کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے" (البقرہ 233)۔ جب ایک باپ کے پاس چار بچوں کو کھلانے کی سکت نہیں ہے تو وہ پانچواں بچہ پیدا کر کے اس آیت کی صریح خلاف ورزی کر رہا ہے۔ فقہ کا ایک مسلمہ اصول ہے: "لاضرر ولاضرار" (نہ خود نقصان اٹھاؤ، نہ دوسرے کو نقصان پہنچاؤ)۔ کیا ایک غریب ملک میں بچوں کی فوج ظفر موج پیدا کر کے انہیں سڑکوں پر بھیک مانگنے کے لیے چھوڑ دینا معاشرے کو نقصان پہنچانا نہیں ہے؟ جو بچہ ابھی دنیا میں آیا ہی نہیں، کیونکہ آپ نے مانع حمل طریقے (Contraception) استعمال کر لیے، وہاں کون سے اسلامی احکامات کی خلاف ورزی ہوئی؟ کیا آپ نے کسی زندہ نفس کو قتل کیا؟ اور مانع حمل کے طریقے تو چودہ سو سال پہلے کی اسلامی روایت میں بھی ملتے ہیں تو آج کے دور میں یہ فتویٰ کیوں نہیں دیا جاسکتا کہ دو سے زیادہ بچے پیدا کرنا قومی جرم اور شرعی طور پر ناپسندیدہ ہے؟ دوسرا فتویٰ۔ آئے دن اخبارات اور سوشل میڈیا پر دل دہلا دینے والی خبریں آتی ہیں کہ فلاں مدرسے کے ناظم یا قاری صاحب نے معصوم بچے کے ساتھ بدفعلی کی۔ یہ وہ بچے ہیں جنہیں ان کے غریب والدین خدا کا دین سیکھنے کے لیے ان مولویوں کے پاس بھیجتے ہیں۔ لیکن المیہ یہ ہے کہ جب ایسا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو اُس وقت نہ کسی کو اسلامی احکامات یاد آتے ہیں اور نہ شرعی سزائیں۔ میرا فتویٰ یہ ہے کہ مدارس یا کسی بھی تعلیمی ادارے میں بچوں کے ساتھ زیادتی کرنے والا شخص 'محارب' یعنی زمین پر فساد پھیلانے والا ہے اور اسلامی شریعت کی رُو سے اس کی سزا موت یا سنگسار ہونا ہے۔ قرآنِ مجید میں ارشاد ہے: "ان کی بھی یہی سزا ہے جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد کرنے کو دوڑتے ہیں یہ کہ انہیں قتل کیا جائے یا وہ سولی پر چڑھائے جائیں۔" (المائدہ: 33)۔ معصوم بچوں کو دین کی تعلیم کے بہانے بلا کر، ان کی بے بسی کا فائدہ اٹھانا، فساد فی الارض سے کم نہیں۔ فقہِ مالکی

آبنائے ہرمز سے محصول وصول کرنے کے سوال پر ٹرمپ کا متضاد طرزِ عمل

تحریر: سید مجاہد علی

ملک میں اس وقت مولانا فضل الرحمان کے بیان اور مفتی تقی عثمانی کے ایک فتوے کا چرچا ہے۔ ایک کا زہر وزیروں کے مذمتی بیانات اور سرکاری صحافیوں کے کالموں کے ذریعے نکالنے کی کوشش ہو رہی ہے جبکہ کرپٹو کرنسی کے خلاف فتوے کو حکومتی پالیسیوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے 'ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی' کے چیئرمین بلال بن ثاقب نے ملاقاتوں اور 'رحم' کی اپیلوں کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

دونوں معاملات میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سرکاری ادارے قانون کے مطابق موقف اختیار کرنے یا مولانا فضل الرحمان کے بیان اور مفتی تقی عثمانی کے فتوے کو نظر انداز کرنے کے اہل بھی نہیں ہیں۔ سرکاری سطح پر مذہب کے نام پر سیاست اور کاروبار کرنے والی دو شخصیات کو دی جانے والی اسی غیر ضروری اہمیت سے اندازہ ہوتا ہے کہ ملک میں مذہبی انتہا پسندی، عقائد کی بنیاد پر پھیلائی جانے والی گمراہی اور اس کے بل بوتے پر اپنی قیمت وصول کرنے والے عناصر کو طاقت ور بنانے میں ملک کا موجودہ نظام کیسے اور کیوں کران اصولوں سے انحراف کا سبب بن رہا ہے جو عام شہری کے حقوق کا ضامن ہیں اور ملک میں تقریر و تحریر کی آزادی فراہم کرتے ہیں۔ ان دونوں معاملہ کا جائزہ لینے سے پہلے اس بیان اور فتویٰ کا مختصر ذکر ضروری ہے جن کی وجہ سے اس وقت ملکی میڈیا اور سوشل میڈیا مباحث کا آغاز ہوا ہے۔ مفتی تقی عثمانی نے جون کے دوران اپنے دیگر پانچ علما کے ساتھ کرپٹو کرنسی کے ذریعے لین دین کے سوال پر کرپٹو کرنسی کے بارے میں حرام ہونے کا فتویٰ جاری کیا۔ سوال یہ پوچھا گیا تھا کہ کیا دینی کتب کی قیمت یا ہدیہ کرپٹو کرنسی کے ذریعے ادا کیا جاسکتا ہے۔ اس کے جواب میں مفتی تقی عثمانی اینڈ کمپنی نے جو فتویٰ جاری کیا، اس میں کہا گیا ہے کہ کرپٹو کرنسی چونکہ مال کی شرعی صفت پر پوری نہیں اترتی، اس لیے اس کے ذریعے لین دین حرام ہے اور ایسی کوئی بھی خریداری ناجائز ہوگی۔ یہ تو خیریت ہوئی کہ یہ سوال نہیں کیا گیا کہ 'سائل کے پاس بہت کچھ کرپٹو کرنسی کے اثاثے موجود ہیں۔ وہ ان اثاثوں سے مفتی صاحبان کی نگرانی میں چلنے والے دینی مدارس کی اعانت کر کے ثواب دارین حاصل کرنا چاہتا ہے، کیا شرعی طور سے ایسا کرنا جائز ہوگا'۔ یہ بس تصور ہی کیا جاسکتا ہے کہ اس طریقے سے کسی دینی ادارے کو ملنے والے وسائل وصول کرتے ہوئے کوئی مفتی اس کی 'حقیقت' جانچنے کی ضرورت محسوس کرے گا۔ تاہم سوال دینی کتب کی خریداری کے بارے میں تھا، اس لیے اسے آسانی سے حرام قرار دے کر ملکی حکومت کو بے بس کرنے کی شعوری کوشش کی گئی جو کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری کے ذریعے ایک طرف ٹرمپ خاندان کو راضی کرنے کا جتن کر رہی ہے تو دوسری طرف بعض زعما اس کاروبار سے اپنی دولت میں اضافہ کا خواب دیکھ رہے ہیں۔ ایسے میں مفتی صاحبان کو ہرگز یہ خیال نہیں آیا کہ اگر کرپٹو کرنسی صرف کمپیوٹر پر حروف کی صورت میں موجود ہونے کی وجہ سے 'مال' کی شرعی تعریف پر پوری نہیں اترتی تو ایک کاغذ پر چھپے ہوئے نوٹ کیوں کر شرعی حیثیت کے حامل ہو سکتے ہیں۔ اس طرح تو مفتی صاحبان سمیت ملک کے سب شہریوں کا ہر لین دین 'غیر اسلامی اور فتویٰ کی روشنی میں حرام' قرار پائے گا۔ چونکہ ملک کے دینی علما کو حجت و دلیل دینے اور اپنے دعوے کا ثبوت فراہم کرنے اور اس کا ذمہ دار بنانے کا پابند نہیں کیا گیا، اس لیے دیگر مالی معاملات کی طرح کرپٹو کرنسی کے سوال پر بھی مفتیوں کے فتوے کو نظر انداز کرنے کی بجائے ملکی حکام منت سماجت اور لالچ تحریص سے کام لینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ امید کی جا رہی ہے کہ یہ کوششیں کامیاب بھی ہو جائیں گی۔ اور بلال بن ثاقب کی وضاحتوں اور ملاقاتوں کے دوران خود ساختہ مفتی اعظم صاحب کو کرائی گئی یقین دہانیاں بالآخر رنگ لائیں گی۔ اور حکومت کرپٹو کے کاروبار کو جائز اور اسلامی قرار دلوانے کے لیے مفتی صاحبان کی خدمات حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ اس سے پہلے سود کے معاملہ میں عثمانی برادران 'اسلامی طریقہ' متعارف کروا کے عالمی شہرت اور اپنے لیے 'مشاورت پر اٹھنے والی مشقت' کا مناسب معاوضہ وصول کرتے رہے ہیں۔ اب اللہ نے روزی کا ایک نیا دروازہ کھولنے کے اسباب پیدا کیے ہیں۔ مفتیوں اور ملاؤں کی شریعت اور اسلام سے رغبت کا اندازہ بیرون ملک رہنے والے ان تمام پاکستانیوں کو بخوبی ہے جن سے لگ بھگ روزانہ کی بنیاد پر کسی نہ کسی یورپی شہر و گاؤں میں نئی مسجد قائم کرنے کے لیے وسائل فراہم کرنے کی اپیل کی جاتی ہے۔ یہ اپیلیں کرتے ہوئے یا چندے لیتے ہوئے کبھی یہ سوال نہیں پوچھا جاتا کہ متعلقہ شخص کے پاس یہ مال کہاں سے آیا۔ کیا یہ جائز اور حلال طریقے سے کمایا ہوا مال ہے یا اس پر ملکی قوانین کے مطابق ٹیکس ادا کیا گیا ہے۔ کیوں کہ مسجد تعمیر کر کے نئی نسل کو مسلمان بنانے کے جوش میں ہمارے علما ان 'معمولی باتوں' کو اہم نہیں سمجھتے۔

ویسے اس کا مشاہدہ تو پاکستان کے ہزاروں مدارس و مذہبی تنظیموں کی چندہ مہمات کے دوران بھی کیا جاسکتا ہے۔ ایک طرف حکومت امیر تاجروں سے ٹیکس وصول کرنے کا کوئی طریقہ تلاش کرنے میں ناکام ہے لیکن دوسری طرف مدارس و دینی اداروں کی بڑی تعداد اسی تاجر طبقہ سے کثیر مقدار میں زکوۃ اور صدقہ و خیرات وصول کر کے اپنے کاؤنٹ بھرتی ہے۔ کسی مفتی کو اس مال کی شرعی حیثیت جانچنے کا خیال نہیں آتا۔

دوسری طرف اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ دوری اور سرکاری عہدوں کے فراق میں مبتلا مولانا فضل الرحمان اس وقت کسی بھی طرح 'سرکار عالی مدار' کی توجہ حاصل کرنے کے جتن کر رہے ہیں۔ مدلل اور خوبصورت انداز بیان میں مدعا بیان کرنے پر قادر مولانا حال ہی میں قصور میں ایک جلسے کے دوران اپنے جوش سے زیادہ غصے پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہوئے اور دہشت گردی کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہونے والے فوجیوں کے بارے میں فرمایا کہ 'اگر کچھ فوجی ایسی کارروائیوں میں ہلاک ہوتے ہیں تو انہیں تنخواہ بھی تو اسی کام کی ملتی ہے'۔ مولانا فضل الرحمان کا یہ بیان گو کہ تنقید سے زیادہ 'تنبیہ' کے زمرے میں آتا ہے کہ 'ہم بھی تو پڑے ہیں راہوں میں' ہمیں نظر انداز نہ کیا جائے۔ ہر اچھے برے وقت میں ہم ہی کام آتے ہیں۔ لیکن غصے کے عالم میں گفتگو کرتے ہوئے کسی بھی عام شخص کی طرح مولانا کی زبان بھی پھسل گئی۔ اب اسی 'غلطی' پر انہیں مذمتی بیانات، عدالتی مقدموں اور سرزنش کا سامنا ہے۔

پاکستانی فوج کا ملکی سیاست کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ رہا ہے۔ مولانا فضل الرحمان جیسے لیڈروں نے یہ روایت مستحکم کرنے کے لیے گراؤنڈ ورک میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ وہ اگر سیاست میں فوج کی مداخلت کی مخالفت پر اتر آئے ہیں تو پہلے انہیں ماضی میں اس ساز باز پر قوم اور اپنے اللہ سے معافی مانگنی چاہیے۔ یہ ایک علیحدہ اور اہم آئینی و سیاسی بحث ہے کہ فوجی اداروں یا شخصیات کو کس حد تک ملکی سیاسی فیصلوں میں حصہ دار ہونا چاہیے۔

انٹرنیشنل



کینیڈا میں لگی آگ (وائلڈ فائر) کا دھواں امریکہ کے شہر نیویارک کے علاقے بروکلین میں واقع 'بروکلین کوئینز ایکسپریس وے' (BQE) پر ٹریفک کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے ہے

کویت میں ایران نے امریکی اڈے پر حملہ کیا، روسی میڈیا

کویت سٹی (این این آئی) کویت میں کئی زوردار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ ایرانی ڈرون نے امریکی میزائلوں کی بیٹری کو نشانہ بنایا جس سے دھوئیں کے بادلوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، کشیدگی پھر سے شروع ہونے کے بعد سے اب تک ایران مشرق وسطیٰ میں امریکا کے تین اڈوں کو نشانہ بنا کر نقصان پہنچا چکا، روسی میڈیا کے مطابق کویت میں امریکی فوجی اڈے پر ایران نے حملہ کیا ہے۔ ایرانی ڈرون نے امریکی میزائلوں کی بیٹری کو نشانہ بنایا جس سے دھوئیں کے بادلوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ خلیجی میڈیا کے مطابق ایران نے اردن اور بحرین پر بھی حملے کیے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق کشیدگی پھر سے شروع ہونے کے بعد سے اب تک ایران مشرق وسطیٰ میں امریکا کے تین

زہ شہر: ملبے کے درمیان پیلے رنگ کے کنکریٹ کے بلاکس دیکھے جاسکتے ہیں

چین الیکشن ڈیٹا ہیک کرنے کی کوشش کر رہا ہے، امریکی صدر

چین نے امریکی عوام میں میرے بارے میں منفی تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی، خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ چین الیکشن ڈیٹا ہیک کرنے کی کوشش کر رہا ہے، امریکی الیکشن میں چین مداخلت کی کوشش کر رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی قوم سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ چین چاہتا ہے ٹرمپ صدارتی الیکشن ہار جائیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات سے متعلق خفیہ انٹیلی جنس دستاویزات فوری ڈی کلاسیفائی کی جائے، نیشنل انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر اور ایف بی آئی کو چین سے متعلق تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ وائٹ ہاؤس میں خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے الزام لگایا کہ 2020 کے صدارتی انتخابات کے ڈیٹا میں میں چین نے مداخلت کی، دستاویزات کے سامنے آنے سے انتخابی نظام کی خامیاں بے نقاب ہوں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ چین نے امریکی عوام میں میرے بارے میں منفی تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ امریکی فوج دنیا کی بہترین فوج ہے۔ صدر ٹرمپ نے امریکی ووٹنگ سسٹم میں کمزوریوں سے متعلق خفیہ دستاویزات فوری جاری کرنے کا بھی اعلان کیا، اور کہا کہ کانگریس کو ووٹر آئی ڈی سیو امریکا ایکٹ منظور کرنا چاہیے، ان کی تقریر نشر نہ کرنے والے ٹی وی چینلز کے لائسنس منسوخ کیے جانے چاہئیں۔ چین نے امریکی عوام میں میرے بارے میں منفی تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی، خطاب۔ کانگریس کو ووٹر آئی ڈی سیو امریکا ایکٹ منظور کرنا چاہیے، ان کی تقریر نشر نہ کرنے والے ٹی وی چینلز کے لائسنس منسوخ کیے جانے چاہئیں۔

شام نے حزب اللہ کو عراق کے راستے اسلحہ کی اسمگلنگ ناکام بنادی

عراقی وزیر اعظم اور مسلح افواج نے تحقیقات کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دیدی

بغداد/دمشق (این این آئی) شامی حکام نے عراق کی سرحد کے راستے لبنان جانے والی اسلحہ اور میزائلوں کی ایک بڑی کھیپ کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنانے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شامی وزارت داخلہ نے کہا کہ یہ اسلحہ حزب اللہ کے لیے لے جایا جا رہا تھا۔ یہ کارروائی شام کی جانب سے اسلحہ کی اسمگلنگ روکنے کی کوششوں کا تازہ ترین حصہ ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق یہ کارروائی سرحدی علاقے میں مشکوک حالات میں کھڑی ایک گاڑی کی نگرانی کے بعد عمل میں آئی۔ تلاشی کے دوران اس میں سے طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل، اینٹی آرمر گائیڈڈ میزائل اور ڈرونز برآمد ہوئے۔ ابتدائی تحقیقات سے ثابت ہوا کہ یہ کھیپ شامی سرزمین سے ہوتی ہوئی لبنان پہنچائی جانی تھی۔ وزارت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرحدوں کی حفاظت اور قومی خود مختاری کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور شامی سرزمین کو اسلحہ کی اسمگلنگ یا پڑوسی ممالک کے امن کو خطرے میں ڈالنے والی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایک سکیورٹی ذریعے نے تصدیق کی کہ پکڑی گئی کھیپ میں معیاری اسلحہ اور میزائل شامل ہیں۔ ذرائع نے انکشاف کیا کہ ضبط شدہ کھیپ میں تقریباً 150 خودکش ڈرونز، دھماکہ خیز گولے اور دیگر جدید اسلحہ شامل تھا۔ یہ کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر 'عراق-شام' سرحد پر کی گئی، جس سے کھیپ کو شام کے اندر تک داخل ہونے سے پہلے ہی روک لیا گیا۔ عراقی سکیورٹی میڈیا سیل نے اپنے بیان میں اعلان کیا کہ وزیر اعظم اور مسلح افواج کے کمانڈر ان چیف نے اس واقعے کی تحقیقات کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت دی ہے۔ یہ کمیٹی شامی حکام کے ساتھ رابطہ کر کے تمام تفصیلات معلوم کرے گی اور ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کرے گی تاکہ سرحدوں کا امن برقرار رہے۔

ایران میں امریکا کے خلاف اور حکومت کی حمایت میں مظاہرے

تہران (این این آئی) ایران میں امریکا کیخلاف اور حکومت کی حمایت میں ایک بار پھر بڑے مظاہرے شروع ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گزشتہ روز تہران کے انقلاب اسکوائر پر کیے گئے مظاہرے میں خواتین اور بچے بھی شریک ہوئے، ہزاروں مظاہرین نے مسلح افواج کی حمایت میں نعرے لگائے۔ مظاہرین میں سے بعض ایرانی پرچم اور کئی دیگر انتقام کی نشانی سرخ پرچم لہراتے رہے۔

قطر نے ایران کے خلاف کارروائی میں شامل ہونے کی خبروں کو مسترد کردیا

ان الزامات کا مقصد یہ ہے کہ مصالحت کار کی حیثیت سے قطر کے مرکزی کردار کو نقصان پہنچایا جائے، بیان

دوحہ (این این آئی) قطری حکومت نے ایک بیان میں اسرائیلی میڈیا کی ان غلط خبروں کو سختی سے مسترد کردیا ہے جن میں الزام لگایا گیا ہے کہ قطر نے ایران کے خلاف فوجی کارروائی میں شرکت پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ قطر کے انٹرنیشنل میڈیا آفس نے ایک بیان میں کہا کہ ایسے الزامات قطر کو اس تنازعے میں گھسیٹنے کی کوشش ہیں۔ بیان کے مطابق ان الزامات کا مقصد یہ ہے کہ مصالحت کار کی حیثیت سے قطر کے مرکزی کردار کو نقصان پہنچایا جائے اور خطے کو مزید خلفشار کی جانب دھکیلا جائے۔ بیان کے مطابق قطر پہلے بھی کہہ چکا ہے کہ اس نے اپنے کسی پڑوسی ملک کے خلاف کارروائی میں کبھی حصہ لیا ہے نہ لے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ قطر ایسے کسی الزام کے ذریعے اپنی مصالحانہ کوششوں کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دے گا۔ ان مصالحانہ کوششوں کا مقصد تنازعے کو ختم کرنا ہے۔ ان الزامات کا مقصد یہ ہے کہ مصالحت کار کی حیثیت سے قطر کے مرکزی کردار کو نقصان پہنچایا جائے، بیان ان الزامات کا مقصد یہ ہے کہ مصالحت کار کی حیثیت سے قطر کے مرکزی کردار کو نقصان پہنچایا جائے، بیان

وائٹ ہاؤس کی پریس سیکریٹری کیرولین لیوٹ پریس بریفنگ کے دوران گفتگو کر رہی ہیں

ایران نے بحری جہازوں پر فائرنگ کی تو خمیازہ بھگتے گا، امریکا

تہران (این این آئی) وائٹ ہاؤس کی پریس سیکریٹری کیرولین لیوٹ نے کہا ہے کہ ایران نے آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں پر فائرنگ کی تو خمیازہ بھگتے گا۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیرولین لیوٹ نے کہا کہ ایران امریکا کے ساتھ کیے گئے وعدوں سے پھرے گا تو امریکی صدر ٹرمپ اسے جوابدہ ٹھہرائیں گے، لیکن وہ تہران کے ساتھ سفارت کاری کے لیے بھی ہمیشہ تیار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایرانیوں نے صدر ٹرمپ پر واضح کیا کہ وہ اب بھی معاہدہ چاہتے ہیں، ان سے بات چیت کر رہے ہیں۔ ایران کے ساتھ سفارت کاری کے لیے بھی ہمیشہ تیار ہیں، پریس سیکرٹری وائٹ ہاؤس۔ ایران کے ساتھ سفارت کاری کے لیے بھی ہمیشہ تیار ہیں، پریس سیکرٹری وائٹ ہاؤس

سکن تھورپ: برٹش اسٹیل کے سکن تھورپ پلانٹ کا فضائی منظر

لاس ویگاس: ہیوسٹن راکٹس کے ٹرسٹن نیوٹن (00#) بروکلین نیٹس کے خلاف میچ کے دوران گیند سنبھالتے ہوئے

بھارتی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی روہت شرما کے ون ڈے کے مستقبل پر سوالات اٹھ گئے

نئی دہلی/لندن (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی روہت شرما کے ون ڈے کے مستقبل پر سوالات اٹھ گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق انگلینڈ کے خلاف دوسرے ون ڈے میں روہت شرما کی جانب سے صرف 26 رنز بنانے کے بعد بھارتی میڈیا پر دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ 19 جولائی کو کھیلا جانے والا تیسرا اور آخری ون ڈے روہت شرما کے کریئر کا آخری میچ ثابت ہوسکتا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کی سلیکشن کمیٹی مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے نوجوان بلے باز یشسوی جیسوال کو زیادہ مواقع دینا چاہتی ہے۔ بھارتی سلیکٹرز نے روہت شرما کو آگاہ کردیا ہے کہ انگلینڈ کے دورے کے بعد وہ مستقبل کے منصوبوں کا حصہ نہیں ہیں

زینڈورٹ: فرانس اور اے آرٹی گرانڈ پری (PrixGrandART) کی لیزابلارڈ (نمبر 14) سرکٹ پارک زینڈورٹ میں ایف 1 اکیڈمی (AcademyF1) کی ٹیسٹنگ کے پہلے روز ٹریک پر موجود ہیں

ارجنٹینا کے صدر خاویر میلئی فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میچ میں شرکت نہیں کریں گے

میں نے تمام میچز بھی گھر پر بیٹھ کر ہی دیکھے ہیں، یہ بھی گھر میں بیٹھ کر دیکھوں گا، گفتگو

نیویارک (این این آئی) ارجنٹینا کے صدر خاویر میلئی فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میچ میں شرکت نہیں کریں گے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق خاویر میلئی ایک وہم کا شکار ہیں اور ان کا موقف ہے کہ ارجنٹینا کی ٹیم کی جیت کا راز ان کے روزانہ کے معمول میں پوشیدہ ہے۔ ارجنٹینا کی ٹیم کے فائنل میں پہنچنے کے بعد جب ارجنٹینا کے صدر سے یہ پوچھا گیا کہ کیا وہ اپنے قریبی اتحادی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور فیفا کے صدر گیانی انفینٹینو کے ساتھ فیفا ورلڈ کپ کا فائنل دیکھنے کے لیے نیوجرسی جائیں گے؟ انہوں نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ نہیں، میں فائنل گھر پر بیٹھ کر دیکھوں گا۔ خاویر میلئی نے وضاحت دیتے ہوئے بتایا کہ میں نے گزشتہ تمام میچز بھی گھر پر بیٹھ کر ہی دیکھے ہیں، چونکہ ابھی سردی ہے تو جب سوئٹزرلینڈ کے خلاف میچ تھا تو میں نے ایک بھاری جیکٹ پہنی ہوئی تھی پھر جب مجھے اچانک محسوس ہوا کہ جیکٹ نے میرے جسم کو بہت زیادہ گرم کردیا ہے تو میں نے جیکٹ اتار دی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے جیسے ہی جیکٹ اتاری تو سوئٹزرلینڈ نے ہمارے خلاف ایک گول کردیا، جس کے بعد میں نے جیکٹ دوبارہ پہن لی اور میچ ختم ہونے تک پہنے رکھی۔ ارجنٹینا کے صدر نے کہا کہ میں اب فیفا ورلڈ کپ کا فائنل دیکھتے ہوئے بھی وہ جیکٹ پہنوں گا۔ واضح رہے کہ خاویر میلئی کی طرح ارجنٹینا کے عوام میں بھی اپنی ٹیم کی کامیابی کے لیے اسی طرح کے خیالات پائے جاتے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ارجنٹینا کے صدور کی میچز میں شرکت نہ کرنے کی

پی سی بی نے ملتان میں جاری انڈر 19 سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ میں سپورٹس سائیکالوجی پروگرام متعارف کرادیا

ٹریننگ میں گیم اویئرنس اور فیصلہ سازی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، دورِ انگلینڈ کھلاڑیوں کو مختلف کنڈیشنز میں کھیلنے کا بہترین موقع فراہم کرے گا، شاہد انور

مستقبل کے پاکستانی کرکٹرز کی تیاری میں ذہنی مضبوطی بھی اتنی ہی اہم ہے، انڈر 19 سطح پر سپورٹس سائیکالوجی پروگرام کا آغاز خوش آئند قدم ہے، عاقب جاوید

ملتان (این این آئی) پی سی بی نے ملتان میں جاری انڈر 19 سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ میں سپورٹس سائیکالوجی پروگرام متعارف کرادیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق انڈر 19 کیمپ میں 31 کھلاڑی ہیڈ کوچ شاہد انور کی نگرانی میں تربیت حاصل کر رہے ہیں، پروگرام کے تحت کھلاڑیوں کی ذہنی مضبوطی، جذباتی توازن اور دباؤ میں کارکردگی پر کام کیا جائے گا۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے ملتان کیمپ کا دورہ کیا اور کھلاڑیوں سے گفتگو کی۔ ہیڈ کوچ شاہد انور نے کہا کہ انڈر 19 سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ دوسرے مرحلے میں داخل ہوگیا، ابتدائی جائزے کے بعد ٹریننگ پروگرام کو کھلاڑیوں کی ضروریات کے مطابق ترتیب دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ میں گیم اویئرنس اور فیصلہ سازی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، دورِ انگلینڈ کھلاڑیوں کو مختلف کنڈیشنز میں کھیلنے کا بہترین موقع فراہم کرے گا۔ شاہد انور نے کہا کہ سپورٹس سائیکالوجی پروگرام سے کھلاڑی دباؤ کا بہتر انداز میں مقابلہ کرنا سیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپورٹس سائیکالوجی پروگرام نے انڈر 19 کیمپ میں ایک نئی اور اہم جہت کا اضافہ کیا ہے۔ سپورٹس سائیکالوجسٹ ڈاکٹر احمد جمال نے کہا کہ نوجوان کرکٹرز کے لیے ذہنی تیاری تکنیکی اور جسمانی تیاری جتنی ہی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد کھلاڑیوں کو دباؤ میں مستقل اچھی کارکردگی کے لیے ذہنی طور پر تیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم عمری میں ذہنی مہارتوں کی تربیت کھلاڑیوں کے مستقبل کے لیے سرمایہ کاری ہے۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے کہا کہ مستقبل کے پاکستانی کرکٹرز کی تیاری میں ذہنی مضبوطی بھی اتنی ہی اہم ہے، انڈر 19 سطح پر سپورٹس سائیکالوجی پروگرام کا آغاز خوش آئند قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کھلاڑی اس عمر میں سیکھنے اور خود کو بہتر بنانے کے لیے زیادہ تیار ہوتے ہیں، ہم نوجوان کھلاڑیوں میں نظم و ضبط اور محنت کا جذبہ پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دورہ انگلینڈ نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کا بہترین موقع ہوگا۔

فیفا کا ورلڈ کپ سیمی فائنل میں سیاسی بینر آویزاں کرنے پر ارجنٹینا کیخلاف تحقیقات کا آغاز

ارجنٹینا کے دفاعی کھلاڑی لیساندرو مارٹینیز اور جیووانی لو سیلسو نے میچ کے بعد جشن مناتے ہوئے بینر اٹھایا تھا، لکھا تھا مالویناس ارجنٹینا کا حصہ ہے

نیویارک (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں انگلینڈ کے خلاف کامیابی کے بعد فاکلینڈ (مالویناس) سے متعلق سیاسی بینر لہرانے پر فیفا نے ارجنٹینا کے کھلاڑیوں کے خلاف تحقیقات شروع کردیں۔ ارجنٹینا کے دفاعی کھلاڑی لیساندرو مارٹینیز اور جیووانی لو سیلسو نے میچ کے بعد جشن مناتے ہوئے ایک بینر اٹھایا تھا جس پر لکھا تھا مالویناس ارجنٹینا کا حصہ ہے۔ فیفا کے ضابطوں کے مطابق کھیلوں کے مقابلوں میں سیاسی، نظریاتی یا متنازع پیغامات کی نمائش ممنوع ہے۔ فیفا کے ترجمان کے مطابق کمیٹی میچ رپورٹس اور تمام متعلقہ حالات کا جائزہ لے رہی ہے جس کے بعد ممکنہ کارروائی کا فیصلہ کیا جائے گا، قواعد کی خلاف ورزی پر جرمانہ عائد کیے جانے کا امکان ہے۔ برطانیہ نے اس اقدام کو فیفا قوانین کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ برطانوی حکومت کے مطابق فاکلینڈ کے مستقبل کا فیصلہ وہاں کے عوام کے حق خودارادیت کے مطابق ہوگا۔ ارجنٹینا فاکلینڈ کو اپنا علاقہ قرار دیتا ہے جبکہ برطانیہ ان جزائر پر اپنا کنٹرول برقرار رکھے ہوئے ہے۔ ارجنٹینا کے صدر خاویر میلئی نے کھلاڑیوں کے اقدام کو عوامی جذبات کی عکاسی قرار دیا ہے تاہم اعتراف کیا کہ فیفا کی جانب سے جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔

اپسم: ہیکٹر کراؤچ 'دی ہیلیئر کس' (نیلے رگلابی رنگ) پر سوار ہو کر اپسم ڈاؤنز ریس کورس میں 'دی بیٹ فریڈ - دی کلاسک بک میکر ای بی ایف میڈن اسٹیکس' (StakesMaidenEBFBookmakerClassic'TheBetfredThe) ریس جیت رہے ہیں

لیونل میسی اب فیفا ورلڈ کپ کے گولڈن بوٹ کے کافی قریب پہنچ گئے

نیویارک (این این آئی) ارجنٹینا کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی اب فیفا ورلڈ کپ کے گولڈن بوٹ کے کافی قریب پہنچ گئے ہیں تاہم اسے حاصل کرنے کے لیے انہیں اب بھی بہت محنت کرنی پڑے گی۔ تفصیلات کے مطابق فیفا ورلڈ کپ کے گولڈن بوٹ کے ایوارڈ کو حاصل کرنے کی دوڑ میں لیونل میسی کے علاوہ فرانس کے کاملیان ایمباپے اور اسپین کے میکیل اویارزبال بھی شامل ہیں اگرچہ فرانس کی ٹیم سیمی فائنل میں اسپین سے شکست کے بعد ورلڈ کپ سے باہر ہوچکی ہے لیکن اگر کاملیان ایمباپے انگلینڈ کے خلاف تیسری پوزیشن کے لیے کھیلے جانے والے میچ میں ایک یا زائد زیادہ گول کرتے ہیں تو وہ اب بھی گولڈن بوٹ جیت سکتے ہیں۔ لیونل میسی اور کاملیان ایمباپے جو گولڈن بوٹ کے سب مضبوط امیدوار ہیں

پن زولو: تورینو ایف سی U20 کے کھلاڑی ٹریننگ سیشن کے دوران

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر، معروف سماجی و کاروباری شخصیت حاجی زاہد حسین بٹ اپنی ٹیم کے ہمراہ جہلم پریس کلب پہنچے

صائمہ سحر کا جنرل سیکرٹری منتخب ہونا جہلم کی صحافتی برادری کے لیے ایک خوش آئند اور تاریخی پیش رفت ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر، معروف سماجی و کاروباری شخصیت حاجی زاہد حسین بٹ اپنی ٹیم کے ہمراہ جہلم پریس کلب پہنچے، جہاں انہوں نے نو منتخب جنرل سیکرٹری محترمہ صائمہ سحر کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر چیئرمین جہلم پریس کلب چوہدری عابد محمود، نائب صدر مرزا قدیر بیگ، جوائنٹ سیکرٹری چوہدری تصور حسین، سینئر صحافی عبدالرحمن قادری، چوہدری دانیال عابد اور عبدالغفار آزاد سمیت دیگر صحافیوں نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حاجی زاہد حسین بٹ نے کہا کہ صحافت معاشرے کی رہنمائی اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے، جبکہ محترمہ صائمہ سحر کا جنرل سیکرٹری منتخب ہونا جہلم کی صحافتی برادری کے لیے ایک خوش آئند اور تاریخی پیش رفت ہے۔ انہوں نے جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے پریس کلب کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے پریس کلب میں صدر اور جنرل سیکرٹری کے نئے چیمبرز کی تعمیر کا اعلان بھی کیا، جس پر شرکاء نے بھرپور خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر حاجی زاہد حسین بٹ کے ہمراہ ان کے صاحبزادے نعمان زاہد اور چیمبر کی ٹیم بھی موجود تھی۔ نو منتخب جنرل سیکرٹری محترمہ صائمہ سحر نے معزز مہمانوں کی آمد، نیک تمناؤں اور تعاون کے اعلان پر دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دلایا کہ جہلم پریس کلب ہمیشہ تاجر برادری سمیت تمام مثبت سماجی و فلاحی سرگرمیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا، جبکہ صحافی برادری کی جانب سے بھی جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔

گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے وفد نے صدر اطہر سلطان مغل کی قیادت میں ایم ایس سوشل سیکورٹی ہسپتال ڈاکٹر قاسم مقبول صاحب سے خصوصی ملاقات کی

ملاقات میں صدر اطہر سلطان مغل نے فنانس سیکرٹری عابد مغل کے والد کے علاج کیلئے درپیش مسائل سے ایم ایس کو آگاہ کیا

گوجرانوالہ (ظہیر عباس) گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے وفد نے صدر اطہر سلطان مغل کی قیادت میں ایم ایس سوشل سیکورٹی ہسپتال ڈاکٹر قاسم مقبول صاحب سے خصوصی ملاقات کی؛ ملاقات میں پیشہ ورانہ امور سمیت باہمی دلچسپی کے پہلو زیر بحث رہے۔ ملاقات میں صدر اطہر سلطان مغل نے فنانس سیکرٹری عابد مغل کے والد کے علاج کیلئے درپیش مسائل سے ایم ایس کو آگاہ کیا جنہوں نے فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے ماتحت سٹاف کو آرڈرز جاری کیے اور مختصر وقت میں مسئلہ حل کر دیا۔ اس پہ صدر اطہر سلطان مغل نے ایم ایس ڈاکٹر قاسم مقبول کا شکریہ ادا کیا اور یونین کے مرکزی قائد بانی صدر لارڈ ملک خلیل احمد اعوان صاحب، مرکزی ترجمان طلعت محمود بٹ صاحب، کنٹری چیئرمین ظفر اقبال بربرا صاحب کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ ایم ایس ڈاکٹر قاسم مقبول نے وفد کا شکریہ ادا کیا اور انہیں سوشل سیکورٹی ہسپتال میں نئی اور مثبت انتظامی تبدیلیوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے سماجی اور عوامی مسائل پہ گلوبل یونین کی مسلسل جدوجہد کو سراہا۔ وفد کے دیگر اراکین میں نائب صدر رانا جاوید اختر، جنرل سیکرٹری مدثر عظیم انصاری اور فنانس سیکرٹری عابد مغل شامل تھے۔

محکمہ واسا کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج نظام کی بحالی اور سیوریج لائنوں کی صفائی کیلئے متحرک

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ واسا کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج نظام کی بحالی اور سیوریج لائنوں کی صفائی کیلئے متحرک تفصیلات کے مطابق واسا چنیوٹ کا عملہ اتوار کے روز بھی شہر بھر میں سیوریج نظام کی بحالی، سیوریج لائنوں کی صفائی، ڈی سلٹنگ اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز میں مصروف عمل رہا۔ مختلف علاقوں میں فیلڈ اسٹاف نے بروقت کارروائیاں کرتے ہوئے شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اپنے فرائض انجام دیئے واسا چنیوٹ شہریوں سے تعاون کی اپیل کرتا ہے کہ سیوریج لائنوں اور نالوں میں کچرا نہ پھینکیں اور اپنے بل بروقت ادا کریں تاکہ شہری خدمات کا معیار مزید بہتر بنایا جا سکے۔

الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نو تعمیر شدہ واٹر فلٹریشن پلانٹ کا باقاعدہ افتتاح

افتتاحی تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن جھنگ کے ضلعی صدر ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے خصوصی شرکت کی اور پلانٹ کا افتتاح کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) شورکوٹ کے عوام کے لیے صحت مند مستقبل کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نو تعمیر شدہ واٹر فلٹریشن پلانٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے افتتاحی تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن جھنگ کے ضلعی صدر ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے خصوصی شرکت کی اور پلانٹ کا افتتاح کیا اس موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ آلودہ پانی متعدد خطرناک اور مہلک بیماریوں کا باعث بنتا ہے، جبکہ صاف پانی کی فراہمی ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے ضلعی صدر کا مزید کہنا تھا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صحت مند زندگی کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے اس واٹر فلٹریشن پلانٹ کے قیام سے شورکوٹ کے شہریوں کو معیاری اور صاف پینے کا پانی میسر آئے گا جس سے پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں نمایاں کمی آئے گی اور عوام کا معیار صحت بہتر ہوگا تقریب کے اختتام پر دعا کی گئی کہ یہ منصوبہ اہل شورکوٹ کے لیے باعث خیر و برکت ثابت ہو اور اللہ تعالیٰ انسانیت کی خدمت کے اس مشن میں الخدمت فاؤنڈیشن کو مزید کامیابیاں عطا فرمائے

ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیر صدارت کمیونٹی لائنز ون ہال میں جرائم جائزہ اجلاس منعقد ہوا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیر صدارت کمیونٹی لائنز ون ہال میں جرائم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور انچارج انویسٹی گیشن نے شرکت کی۔ اجلاس میں سنگین مقدمات، زیر التوا چالان، فرانزک نمونہ جات، خواتین و بچوں سے متعلق کیسز، مویشی چوری اور اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی پی او نے ہدایت کی کہ سنگین نوعیت کے مقدمات کا اندراج بلا تاخیر یقینی بنایا جائے، زیر التوا فرانزک نمونہ جات دو روز میں جمع کرائے جائیں اور چالان جلد عدالتوں میں بھجوائے جائیں۔ انہوں نے خواتین و بچوں سے متعلق مقدمات میں فوری ریکوری، مویشی چوری کی مؤثر روک تھام اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں مزید تیز کرنے کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تفتیشی افسران کی کارکردگی کا ہفتہ وار جائزہ مؤثر تفتیش اور سزایابی کی بنیاد پر لیا جائے گا۔

اسپیشل اسسٹنٹ شعیب مرزا نے رات گئے اپنی ٹیم کے ہمراہ تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال پنڈدادن خان کا اچانک دورہ کیا

جہلم (بیورو رپورٹ): وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے اسپیشل اسسٹنٹ شعیب مرزا نے رات گئے اپنی ٹیم کے ہمراہ تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال پنڈدادن خان کا اچانک دورہ کیا۔ معائنے کے دوران وارڈ میں ایئر کنڈیشن بند جبکہ وارڈ میں بلیوں کی موجودگی پر شدید برہمی کا اظہار کیا گیا۔ ناقص انتظامات پر سخت ایکشن لیتے ہوئے تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد عون کو فوری طور پر معطل کر کے انہیں لاہور رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے۔ انتظامیہ کو وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق اسپتال میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات اور صفائی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی

ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے رات گئے ضلع کے مختلف تھانوں کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے رات گئے ضلع کے مختلف تھانوں کا اچانک دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے تھانہ اے ڈویژن، تھانہ بی ڈویژن، تھانہ طیب سعید شہید اور تھانہ ستگھرہ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈی پی او نے تھانوں کے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ، حوالات، عمارتوں کی مجموعی حالت اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود افسران و اہلکاروں کی حاضری، نظم و ضبط اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، تھانوں میں آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور میرٹ کے مطابق فوری داد رسی یقینی بنائی جائے۔ ڈی پی او نے کہا کہ تھانوں کے اچانک دوروں کا مقصد پولیس کی سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانا، عوام کا اعتماد بحال کرنا اور تھانوں کے نظام کو مؤثر اور شفاف بنانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو بروقت انصاف اور بہترین پولیس سروس کی فراہمی ضلعی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ملک کے دفاعی اداروں کو سیاسی کشمکش کا حصہ بنانا قومی مفاد کے منافی ہے: ڈاکٹر محمد یوسف کاظمی

سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنے اختلافات کو سیاسی میدان تک محدود رکھے اور پاک فوج کو سیاسی تنازعات میں گھسیٹنے سے اجتناب کرے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) ملک کے دفاعی اداروں کو سیاسی کشمکش کا حصہ بنانا قومی مفاد کے منافی ہے سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنے اختلافات کو سیاسی میدان تک محدود رکھے اور پاک فوج کو سیاسی تنازعات میں گھسیٹنے سے اجتناب کرے فوجی جوانوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ، سرحدوں کے دفاع اور قدرتی آفات کے دوران عوام کی خدمت میں بے مثال کردار ادا کیا ہے وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازی پوری قوم کا فخر ہیں، جن کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد یوسف کاظمی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ غیر ذمہ دارانہ بیانات سے قومی اداروں کی ساکھ متاثر کرنے کی کوششیں ملک میں تقسیم اور انتشار کو ہوا دیتی ہیں جس سے دشمن قوتوں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے سیاسی جماعتیں تحمل، بردباری اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، قومی اداروں کا احترام کریں اور ذاتی یا جماعتی مفادات پر قومی مفاد کو ترجیح دیں مضبوط، متحد اور پرامن پاکستان ہی ہم سب کی مشترکہ منزل ہے جس کیلئے ہر شہری کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔

معاشرہ سے غیر اسلامی رسومات کے خاتمہ کا عزم و عہد کریں: رانا محمد اکرم

اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہماری چلتی سانسوں کے ذریعے عبادات کی کثرت کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے حصول کا نادر موقع عنایت فرمایا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریلوے روڈ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری حاجی الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہماری چلتی سانسوں کے ذریعے عبادات کی کثرت کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے حصول کا نادر موقع عنایت فرمایا ہے جس سے ہمیں بھرپور استفادہ کرنا چاہئے جس نے اپنی زندگی میں اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کو حاصل نہ کیا اس نے انعامات کو کھو دیا اس لئے بطور مسلمان عبادات الٰہی میں مشغول رہنا اور اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر توحید و سنت کے پرچار کو عام کر کے اپنی دینی ذمہ داری کو پورا کرنے کی اشد ضرورت ہے مسلمان اپنے طرز زندگی اور تجارت کو اسلام کے طابع بنا کر معاشرہ سے غیر اسلامی رسومات کے خاتمہ کا عزم و عہد کریں تاکہ فلاح و نجات ممکن ہو سکے، اسلامی تعلیمات کی آگاہی سے دہشت گردوں کے باطل نظریات کو شکست دی جا سکتی ہے، نوجوان نسل کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کروانا وقت کی اہم ضرورت ہے، اسلام اور ملک دشمن قوتوں نے اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے ہماری نوجوان نسل کو ہدف بنا رکھا ہے، ہماری دینی، آئینی اور قومی ذمہ داری بنتی ہے نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے ٹھوس لائحہ عمل تیار کریں۔

عارفوالا بلڈنگ میٹیریل کی قیمتوں میں خوفناک حد تک اضافہ، دہاڑی دار طبقہ شدید پریشانی میں مبتلا، ریلیف کا مطالبہ

سیمنٹ، سریا، اینٹ، ریت اور بجری سمیت تقریباً تمام تعمیراتی سامان مہنگا ہو گیا ہے

عارفوالا (سٹی رپورٹر) تفصیلات کے مطابق عارفوالا میں بلڈنگ میٹیریل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے لیے اپنا گھر بنانا خواب بنتا جا رہا ہے شہریوں نے اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیمنٹ، سریا، اینٹ، ریت اور بجری سمیت تقریباً تمام تعمیراتی سامان مہنگا ہو گیا ہے جس کے باعث مکان کی تعمیر کے اخراجات دوگنا ہو گئے ہیں سیمنٹ، سریا، ریت، اینٹ اور بجری وغیرہ کی قیمتوں کے بڑھنے سے غریب آدمی کے لیے اپنا گھر بنانا ایک خواب رہ گیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ روز مرہ اشیائے ضروریہ پہلے ہی مہنگی ہیں ایسے میں بلڈنگ میٹیریل کی قیمتوں میں اضافہ مزید بوجھ بن گیا ہے مزدور طبقہ اور دیہاڑی دار طبقات کا کہنا ہے کہ محدود آمدنی میں گھر بنانا اب ممکن نہیں رہا ماہرین کے مطابق اگر قیمتوں میں استحکام نہ آیا تو نہ صرف عام شہری متاثر ہوں گے بلکہ تعمیراتی صنعت سے وابستہ مزدوروں کا روزگار بھی خطرے میں پڑ سکتا ہے شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلڈنگ میٹیریل کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ عام آدمی کے لیے گھر بنانا ممکن ہو سکے

اتحاد، استقامت، حق گوئی اور دینِ اسلام کے تحفظ کا لازوال پیغام ہیں: علامہ ناصر مدنی

محبتِ اہلِ بیتؑ ایمان کا بنیادی تقاضا ہے اور اس کے بغیر ایمان کی تکمیل ممکن نہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) عالمی شہرت یافتہ خطیب علامہ محمد ناصر مدنی نے کہا ہے کہ نواسہ رسول حضرت سیدنا امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانیاں امت مسلمہ کے لیے اتحاد، استقامت، حق گوئی اور دینِ اسلام کے تحفظ کا لازوال پیغام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ مسلمان تمام اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں اور اسلام اور پاکستان کے خلاف ہونے والی ہر سازش کا بھرپور مقابلہ کریں۔ وہ ہاؤسنگ کالونی حافظ آباد میں متحدہ جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی رابطہ سیکرٹری عامر وسیم سندھو کی زیر سرپرستی منعقدہ عظیم الشان شہدائے کربلا کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ علامہ محمد ناصر مدنی نے اپنے خطاب میں کہا کہ محبت اہل بیتؓ ایمان کا بنیادی تقاضا ہے اور اس کے بغیر ایمان کی تکمیل ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ نے میدان کربلا میں اپنے اہل خانہ اور جانثار ساتھیوں سمیت عظیم قربانیاں دے کر قیامت تک کے لیے یہ درس دیا کہ جب دین اسلام کی حرمت، اسلامی اقدار اور حدود الٰہی کو خطرہ لاحق ہو تو حق و صداقت کے لیے ہر قسم کی قربانی پیش کرنا مومن کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ واقعہ کربلا صرف ایک تاریخی سانحہ نہیں بلکہ صبر، استقامت، حق پر ثابت قدمی اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا عملی سبق ہے، جس سے ہر دور کے مسلمانوں کو رہنمائی حاصل ہوتی رہے گی۔ کانفرنس میں ممتاز عالم دین مولانا داؤد احمد توحی، میاں محمد شریف سندھو سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس سے قبل علامہ محمد ناصر مدنی کی آمد پر شرکاء نے ان کا پرتپاک اور شایان شان استقبال کیا۔

اے سی سمبڑیال کی پٹرول پمپس چیکنگ پر چار لاکھ روپے جرمانہ عائد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ نے پیٹرولیم مصنوعات کے اسٹاک کی جانچ کے لئے مختلف پیٹرول پمپس پر اچانک چھاپے مارے جبکہ ضابطہ کی خلاف ورزی کے مرتکب چار پیٹرول پمپس کو مجموعی طور پر 4 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا۔ پیرا فورس کی ٹیم بھی ان کے ہمراہ موجود تھی۔ دوران معائنہ اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرولیم مصنوعات کی طلب و رسد، دستیاب اسٹاک اور فروخت کے ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر کوئی پیٹرول پمپ اسٹاک موجود ہونے کے باوجود پیٹرول فروخت نہ کرے تو فوری طور پر 03047961332 پر شکایت درج کروائیں تاکہ ذخیرہ اندوزی اور دیگر خلاف ورزیوں میں ملوث عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جا سکے۔

حافظ آباد میں تعینات سیکیورٹی گارڈز اور صفائی کے عملے کو گزشتہ تین ماہ سے تنخواہیں ادا نہ کی جا سکی

جس کے باعث درجنوں ملازمین اور ان کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال حافظ آباد میں تعینات سیکیورٹی گارڈز اور صفائی کے عملے کو گزشتہ تین ماہ سے تنخواہیں ادا نہ کی جا سکی، جس کے باعث درجنوں ملازمین اور ان کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ متاثرہ ملازمین کا کہنا ہے کہ مسلسل تین ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کے باعث گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں، بچوں کی تعلیم، روزمرہ اخراجات اور علاج معالجہ تک متاثر ہو رہا ہے۔ کئی ملازمین بجلی کے بل ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے شدید پریشانی میں مبتلا ہیں اور انہیں بجلی کے کنکشن منقطع ہونے کا خدشہ بھی لاحق ہے۔ ملازمین کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز اپنے جائز مطالبات کے حق میں احتجاج بھی کیا، تاہم اس کے باوجود تاحال نہ متعلقہ کمپنی کی جانب سے کوئی مثبت پیش رفت سامنے آئی اور نہ ہی ضلعی سطح پر ان کے مسائل کے حل کے لیے کوئی مؤثر اقدام کیا گیا۔ متاثرہ عملے نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، سیکرٹری اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ٹھیکیدار کمپنی سے اپیل کی ہے کہ ان کی تین ماہ کی بقایا تنخواہیں فوری طور پر ادا کی جائیں تاکہ وہ اپنے اہل خانہ کی بنیادی ضروریات پوری کر سکیں۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ وہ ڈی ایچ کیو اسپتال میں دن رات سیکیورٹی اور صفائی کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، مگر بروقت تنخواہیں نہ ملنے سے ان کی معاشی زندگی شدید متاثر ہو چکی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے آئندہ تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملازمین کو مزید ذہنی اذیت اور مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اختر علی چشتی ولد محمد یوسف سکنہ محلہ چمن عباس جلالپور بھٹیاں کو نائب صدر یوتھ ونگ جلالپور بھٹیاں نامزد کر کے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ممتاز عالم دین قاری زاہد منیر ولد منیر احمد سکنہ محلہ عالم پورہ جلالپور بھٹیاں کو صدر جماعت اہلسنت یوتھ ونگ تھانہ جلالپور بھٹیاں اور اختر علی چشتی ولد محمد یوسف سکنہ محلہ چمن عباس جلالپور بھٹیاں کو نائب صدر یوتھ ونگ جلالپور بھٹیاں نامزد کر کے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ انکی نامزدگی کے موقع پر گوجرانوالہ ڈویژن کے امیر جماعت اہلسنت علامہ قاری فیصل ندیم کیلانی کا کہنا تھا کہ اختر چشتی اور قاری زاہد منیر کا کسی بھی سیاسی، دہشت گرد اور کالعدم تنظیم سے کوئی تعلق نہ ہے اور وہ اپنی افواج کی قربانیوں کے معترف ہیں۔



پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

خطرناک اشتہاری ملزمان کی عدم گرفتاری پولیس کے لیے امتحان بن گئی

تھانہ چھانگا مانگا پولیس کی کارروائی ڈکیت گینگ کے 3 ارکان اور ایک منشیات فروش گرفتار

پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

12 سالہ بچہ دریائے چناب میں گر کر ڈوب گیا

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی اور گراں فروشی کم نہ ہو سکی

اشتہاری ملزمان کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن، پانچ ملزمان گرفتار

لالیاں: یکم جولائی سے رجسٹریوں کا نظام تعطل کا شکار، قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان

منشیات فروشوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

شہری خوبصورتی کے لیے شروع کیا گیا بیوٹیفکیشن منصوبہ مبینہ طور پر کرپشن کی نذر ہو گیا

پاک فوج کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیانات قومی یکجہتی اور ملکی مفادات کے منافی ہیں: چوہدری ضمیر حسن رشید

گوجرانوالہ کے مختلف علاقوں میں 5 پولیس مقابلے و کارروائیاں، 1 ملزم ہلاک، 4 زخمی حالت میں گرفتار

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ | بقیہ جات | 1

پاکستان کے دائرہ کار میں یقینی بنائی جائے گی۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سب کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے، بلوچستان میں سرگرم شورش پسند عناصر کو عوام کی حمایت یا اخلاقی جواز حاصل نہیں۔ ملاقات میں وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ خان اور معاون خصوصی طارق باجوہ، سینیٹر جان محمد بلیدی سمیت دیگر بھی شریک تھے۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

زیادہ رہی۔ وزارت حج و عمرہ کے مطابق رواں سال حج کے اختتام کے بعد 15 ذوالحج 1448 ہجری سے عمرہ سیزن کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ سیزن کے پہلے ڈیڑھ ماہ، یعنی 29 محرم 1448 ہجری تک، 9 لاکھ سے زائد زائرین عمرہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق پاکستان سے تقریباً 2 لاکھ افراد عمرہ ادا کرنے کے لیے سعودی عرب پہنچے، جو تمام ممالک میں سب سے زیادہ تعداد ہے۔ اس کے بعد انڈونیشیا سے تقریباً 1 لاکھ 70 ہزار اور عراق سے 1 لاکھ 30 ہزار معتمرین سعودی عرب آئے۔ سعودی حکام نے بتایا کہ عمرہ ویزوں کا اجرا 31 مئی 2026 سے شروع کیا گیا تھا۔ عمرہ ویزے کے اجرا کی آخری تاریخ یکم شوال 1448 ہجری (9 مارچ 2027) مقرر کی گئی ہے، جبکہ زائرین کے سعودی عرب میں داخلے کی آخری تاریخ 15 شوال 1448 ہجری (23 مارچ 2027) ہوگی۔ وزارت کے مطابق عمرہ زائرین کی سعودی عرب سے واپسی کی آخری تاریخ 30 شوال 1448 ہجری (7 اپریل 2027) مقرر کی گئی ہے۔ سعودی وزارت حج وعمرہ نے تمام معتمرین کو ہدایت کی ہے کہ وہ بروقت رجسٹریشن، ویزہ اور دیگر سفری دستاویزات مکمل رکھیں تاکہ عمرہ کی ادائیگی کے دوران کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق اب تک 3 لاکھ 40 ہزار سے زائد افراد آن لائن رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔ ان میں 2 لاکھ 46 ہزار افراد نے سرکاری حج اسکیم جبکہ 94 ہزار افراد نے نجی حج اسکیم کا انتخاب کیا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق حج اخراجات کی آن لائن وصولی کا شیڈول جلد جاری کیا جائے گا۔ رجسٹرڈ عازمین کو مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے پاک حج ایپ یا وزارت کی حج ہیلپ لائنز سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی

بقیہ | بقیہ جات | 3

ادارے کے مطابق بیان میں کہا گیا کہ بین الاقوامی جہازرانی پر کسی بھی قسم کے اجازت نامے، راہداری فیس یا سروس چارجز عائد کرنا ناقابل قبول ہے، جبکہ ایران سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ فوری طور پر تمام حملے بند کرے۔ بیان میں کہا گیا کہ کسی بھی دوطرفہ معاہدے، مفاہمتی یادداشت یا انتظام کے ذریعے کسی بین الاقوامی آبی گزرگاہ سے گزرنے کے حق کو محدود یا غیر قانونی طور پر منظم نہیں کیا جاسکتا۔ اس میں زور دیا گیا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے کا حق بین الاقوامی قانون کے تحت تمام ممالک کو حاصل ہے اور اسے کسی ایک ریاست کی اجازت یا کنٹرول سے مشروط نہیں کیا جا سکتا۔ یہ مشترکہ موقف 13 جولائی 2026 کو برسلز میں منعقد ہونے والے علاقائی سلامتی وتعاون کے اعلیٰ سطحی فورم کے دوران سامنے آیا، جس کی مشترکہ صدارت یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف الزیانی نے جی سی سی وزارتی کونسل کے سربراہ کی حیثیت سے کی۔ بیان میں یورپی یونین اور خلیجی تعاون کونسل نے ایک بار پھر اس بات پر زور دیا کہ آبنائے ہرمز چونکہ بین الاقوامی جہازرانی کے لیے استعمال ہونے والی آبی گزرگاہ ہے، اس لیے وہاں سے گزرنے کی آزادی اقوام متحدہ کے کنونشن برائے قانون سمندر سمیت بین الاقوامی قانون کے تحت محفوظ ہے۔ تمام ممالک کے بحری جہاز اس حق سے فائدہ اٹھانے کے مجاز ہیں اور کوئی بھی ریاست اسے معطل، محدود یا کسی شرط سے مشروط نہیں کرسکتی۔ مشترکہ بیان میں ایران سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ فوری اور غیر مشروط طور پر بحری جہازوں پر تمام حملے اور جہازرانی میں ہر قسم کی مداخلت بند کرے، آبنائے ہرمز کو مستقل طور پر کھلا رکھا جائے اور وہاں کسی قسم کی راہداری فیس، سروس چارج یا دیگر شرائط نافذ نہ کی جائیں۔ بیان میں ایران پر زور دیا گیا کہ وہ بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد نمبر 2817 پر مکمل عمل

بقیہ | بقیہ جات | 4

نے کہا کہ یوم الحاق پاکستان کشمیری عوام کی تاریخی امنگوں کی یاد دلاتا ہے، پاکستان اور جموں وکشمیر کے عوام کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور روحانی رشتے مضبوط ہیں۔ صدر آصف زرداری نے کہا کہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا احترام ناگزیر ہے، جموں وکشمیر کا تنازع اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، عالمی برادری مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر توجہ دے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ اپنی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے موثر کردار ادا کرے، پاکستان کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، کشمیری عوام کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی حمایت پاکستان کی مستقل پالیسی ہے۔ صدر آصف زرداری نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور خوشحالی مسئلہ جموں وکشمیر کے منصفانہ حل سے وابستہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ یوم الحاق پاکستان ہر سال 19 جولائی کو اس تاریخی قرارداد کی یاد میں منایا جاتا ہے جو 19 جولائی 1947 کو سری نگر میں منعقدہ آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے اجلاس میں متفقہ طور پر منظور کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ متفقہ قرارداد برصغیر کی تاریخ کے ایک فیصلہ کن مرحلے پر جموں وکشمیر کے مسلمانوں کی اجتماعی سیاسی امنگوں کی آئینہ دار تھی، اس قرارداد میں ریاست کے پاکستان سے الحاق کی خواہش کا اظہار کیا گیا اور ڈوگرہ حکمرانوں پر زور دیا گیا کہ وہ عوام کی خواہشات کا احترام کریں، یہ قرارداد آج بھی جموں وکشمیر کے عوام کی سیاسی جدوجہد کا ایک اہم تاریخی سنگ میل سمجھی جاتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ یہ دن پاکستان اور جموں وکشمیر کے عوام کے درمیان موجود ان مضبوط اور دیرینہ رشتوں کی بھی عکاسی ہے جو مشترکہ تاریخ، عقیدے، ثقافت، جغرافیے اور باہمی وابستگی پر استوار ہیں۔ سب سے بڑھ کر، یہ اس بنیادی اصول کو اجاگر کرتا ہے کہ کشمیری عوام کی آزادانہ طور پر ظاہر کردہ خواہشات اور امنگوں کا احترام کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، جموں وکشمیر کے عوام کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی اصولی حمایت پر ثابت قدم ہے۔ جموں وکشمیر کا غیر حل شدہ تنازع آج بھی خطے کے امن و سلامتی پر گہرے اثرات مرتب کر رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار

امن اسی صورت ممکن ہے جب اس تنازع کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق پرامن طریقے سے حل کیا جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 5

تک دورہ کرکے جاری "مثالی گاؤں پراجیکٹ" کا تفصیلی جائزہ لیا، جس کے دوران منصوبے میں مبینہ طور پر ناقص اور غیر معیاری تعمیراتی میٹریل کے استعمال اور کمزور تعمیراتی معیار کا انکشاف ہوا۔ ذرائع کے مطابق انسپکشن ٹیم نے منصوبے میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کا جائزہ لیا، جبکہ لیبارٹری رپورٹ میں بھی میٹریل مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے کی نشاندہی کی گئی۔ رپورٹ میں تعمیراتی کام کے معیار پر بھی تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ سی ایم انسپکشن ٹیم کی رپورٹ کی روشنی میں اینٹی کرپشن حکام نے فوری کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مثالی گاؤں پراجیکٹ سے وابستہ کنٹریکٹر اور کنسلٹنٹ کے خلاف قانونی کارروائی شروع کرتے ہوئے ان کی گرفتاری کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ منصوبے میں بے ضابطگیوں کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور عوامی فنڈز کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

بقیہ | بقیہ جات | 6

تک دورہ کرکے جاری "مثالی گاؤں پراجیکٹ" کا تفصیلی جائزہ لیا، جس کے دوران منصوبے میں مبینہ طور پر ناقص اور غیر معیاری تعمیراتی میٹریل کے استعمال اور کمزور تعمیراتی معیار کا انکشاف ہوا۔ ذرائع کے مطابق انسپکشن ٹیم نے منصوبے میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کا جائزہ لیا، جبکہ لیبارٹری رپورٹ میں بھی میٹریل مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے کی نشاندہی کی گئی۔ رپورٹ میں تعمیراتی کام کے معیار پر بھی تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ سی ایم انسپکشن ٹیم کی رپورٹ کی روشنی میں اینٹی کرپشن حکام نے فوری کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مثالی گاؤں پراجیکٹ سے وابستہ کنٹریکٹر اور کنسلٹنٹ کے خلاف قانونی کارروائی شروع کرتے ہوئے ان کی گرفتاری کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ منصوبے میں بے ضابطگیوں کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور عوامی فنڈز کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

بقیہ | بقیہ جات | 7

کو کبھی بھی جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہ دینا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کو ایران کی جانب سے مفاہمتی یادداشت میں کیے گئے وعدوں سے دستبرداری کے اعلان پر اپنے پہلے ردعمل میں ٹرمپ نے انٹرویو دیتے ہوئے کہا: مجھے اس کی بالکل بھی پروا نہیں

بقیہ | بقیہ جات | 8

ہمشیرہ نورین نیازی کو طلبی کا نوٹس جاری کردیا، این سی سی آئی اے نے نورین نیازی کو (آج) پیر 20 جولائی دن 12 بجے اسلام آباد میں طلب کیا ہے، این سی سی آئی اے کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر اداروں کے خلاف جھوٹے، تضحیک آمیز بیان کی تشہیر کی گئی، عدم پیشی پر یہ سمجھا جائے گا کہ دفاع میں پیش کرنے کو کچھ نہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی بہن نورین نیازی کا معرکہ حق اور پاک فوج سے متعلق متنازع بیان سامنے آیا تھا۔ نورین نیازی نے معرکہ حق کو افواج پاکستان اور مودی کا گٹھ جوڑ قرار دیا

بقیہ | بقیہ جات | 9

سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عرفان بیگ نے کہا کہ سندھ انفیکشس ڈیزیز ہسپتال میں بھی ایچ آئی وی سے متاثرہ بچوں کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ایچ آئی وی کی شرح بچوں میں تشویشناک حد تک بڑھی ہے جبکہ ایچ آئی وی عام طور پر بچوں کا مرض نہیں ہے، لیکن گزشتہ 4 ماہ سے بچوں میں ایچ آئی وی کا غیر معمولی اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ماہر امراض اطفال کے مطابق بڑوں کی بروقت ایچ آئی وی اسکریننگ نہ ہونے سے وائرس بچوں تک منتقل ہوتے ہیں، غیر محفوظ خون کی منتقلی ایچ آئی وی کے پھیلاؤ کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔ کلثوم بائی ولیکا ہسپتال میں مبینہ طور پر استعمال شدہ یا غیر محفوظ طریقے سے استعمال کی گئی سرنجوں کے باعث درجنوں بچے ایچ آئی وی کا شکار ہوئے ہیں۔ اس مہلک بیماری نے متاثرہ خاندانوں کی زندگیاں بدل کر رکھ دیں، ایک طرف والدین ایڈز کا نشانہ بننے والے بچوں کے علاج کیلئے فکر مند ہیں تو وہیں معاشرتی رویہ بھی ان بچوں کو آہستہ آہستہ نگل رہا ہے۔ کراچی کے علاقے اتحاد ٹاؤن کی رہائشی عائشہ کامران نے بتایا کہ بچے میں ایچ آئی وی کی تشخیص کے بعد ان کا گھر میں رہنا مشکل ہوگیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مکان مالک کو خبر ہوگئی کہ ان کے بیٹے کو ایڈز ہے، جس کی وجہ سے انہیں گھر خالی کرنے کو کہا گیا، شوہر بچے کے علاج کی وجہ سے کام پر نہیں جاپاتے اور اگر چھٹی کرلے تو انہیں کمپنی کی جانب سے کام سے نکالنے کی دھمکی ملتی ہے۔ عائشہ نے سوال کیا کہ کیا ہسپتال انتظامیہ کی غفلت کی وجہ سے وہ اور ان کا خاندان معاشرے سے اس سلوک کے مستحق ہیں؟ دوسری جانب پٹھان کالونی کے رہائشی محمد آصف نے کہا کہ وہ اپنی 4 سالہ بچی کو 6 ماہ قبل معمولی طبیعت خراب ہونے پر ہسپتال لائے تھے لیکن انہیں خبر نہیں تھی کہ یہاں سے وہ اس خطرناک بیماری کے ساتھ گھر جائیں گے۔ مزدور پیشہ ور محمد آصف نے بتایا کہ اُن کی بچی گھر میں اکیلے ہی وقت گزارتی ہے یا پھر ہسپتال میں کیونکہ اس بیماری کی وجہ سے محلے داروں نے اپنے بچوں کو ان کی بیٹی کے ساتھ کھیلنے سے بھی منع کردیا ہے، انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں یہ سب دیکھ کر بہت تکلیف ہوتی ہے۔ کلثوم بائی ولیکا ہسپتال سے پھیلنے والے ایچ آئی وی وائرس نے ایک ہی خاندان کے 4 بچوں کو بھی متاثر کیا ہے۔ اورنگی ٹاؤن کے رہائشی آفتاب خان نے اپنے 4 بچوں کو خطرناک بیماری میں مبتلا ہونے کا ذمہ دار ہسپتال انتظامیہ اور نرسنگ اسٹاف کو ٹھہرایا ہے۔ آفتاب خان نے کہا کہ ہماری آنکھوں کے سامنے بچوں کو ایک ہی سرنج سے انجکشن لگائے گئے، میری بچی نے اعتراض بھی کیا لیکن ہمیں جواب ملا کے تم ڈاکٹر ہو یا ہم؟ میرے بیٹے کو اسکول سے نکال دیا گیا، محلے والوں نے اسکول انتظامیہ کو درخواست دی کہ اگر ایڈز کے مرض میں مبتلا بچہ اسکول آیا تو ہم اپنے اپنے بچوں کو اسکول سے نکال لیں گے۔ آفتاب نے روہانسا ہوکر کہا کہ میرا دل ٹوٹ گیا ہے ہم سے کہا جارہا ہے کہ بچوں کو پھل کھلائیں، 3 مہینے سے گھر کا کرایہ نہیں دیا، کہاں سے بچوں کیلئے کھانے کا انتظام کریں۔ ذوالفقار بھٹو جونیئر ایچ آئی وی سے متعلق سوشل میڈیا اور ان گراؤنڈ مہم چلارہے ہیں، انہوں نے ایڈز سے متاثرہ بچوں کے ساتھ معاشرتی رویے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ اینٹی ڈسکریمنیشن ایکٹ کے تحت کسی بھی بچے کو کرونک ڈیسیز کی وجہ سے اسکول سے نہیں نکالا جاسکتا کیونکہ ایچ آئی وی کرونک ڈیسیز ہے تو یہ بچے بھی اسکول جانے کے ایسے ہی حقدار ہیں جیسے نارمل بچے جاتے ہیں۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ ایچ آئی وی پر قابو پانے کی مہم کیا ہے؟ تو ذوالفقار بھٹو جونیئر نے بتایا کہ وہ سندھ کے شہر حیدرآباد، دادو اور لاڑکانہ سمیت اب کراچی میں بھی ایڈز پر قابو پانے کیلئے کام کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے مختلف شہروں میں اپنے کیمپس لگائے ہیں، کیسز زیادہ ہونے کی وجہ سے لاڑکانہ ہمارا فوکس ہے لیکن اب کراچی میں بھی یہ کیسز بڑھ گئے ہیں اس لیے یہاں بھی یہ مہم جاری ہے، ہم سوشل میڈیا پر انفلوئنسرز کے ساتھ ایچ آئی وی سے متعلق آگاہی ویڈیوز بنارہے ہیں، اس میں اداکار بھی شامل ہیں اور دوسری جانب گراؤنڈ لیول پر لوگوں کو جاکر اس بارے میں بتانا ہے تاکہ معاشرتی رویے کو ان مریضوں کے لیے بہتر کیا جاسکے۔ ذوالفقار نے کہا کہ ایڈز کوڑھ کی طرح چھونے سے نہیں پھیلتی، انہوں نے ساتھ ہی سرنجوں کے محفوظ استعمال کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ خیال رہے کہ گزشتہ سال کراچی کے کلثوم بائی ولیکا ہسپتال سے ایچ آئی وی کا پھیلاؤ استعمال شدہ سرنجوں کے دوبارہ استعمال کرنے سے بڑھا تھا، سرکاری ذرائع کے مطابق متاثرہ بچوں کی تعداد 200 بتائی جارہی ہے جبکہ متاثرہ خاندانوں کا

دعویٰ ہے کہ اب تک 1000 بچے اس مہلک بیماری میں مبتلا ہوچکے

بقیہ | بقیہ جات | 10

لیے پرکشش مقام بن گیا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق الرایس ساحل اپنے قدرتی حسن اور جدید تفریحی سہولیات کے باعث علاقے کی نمایاں سیاحتی منزل کا درجہ اختیار کرتا جارہا ہے۔ الرایس میں گزشتہ چند برسوں کے دوران سیاحتی اور عوامی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا گیا جن میں سمندر کے کناروں کی تعمیر، بیٹھنے کی جگہیں اور تازہ سی فوڈ والے ریستوران شامل ہیں۔ یہ جزیرہ قدرتی اور تاریخی مقامات سے بھی مالا مال ہے، ان میں راس الابیض نمایاں ہے جو اپنی سفید نرم و گرم ریت اور شفاف چمکدار فیروزی پانی کی وجہ سے کشتی رانی، سمندری سیر اور فوٹوگرافی کے شوقین افراد کی پسندیدہ جگہ مانا جاتا ہے۔ یہاں تاریخی بندرگاہ الجار اس ساحلی علاقے کی قدیم تجارتی اہمیت کی عکاسی کرتی ہے جبکہ قریبی جزیرے اور دیگر سمندری مقامات یہاں کے قدرتی حسن کو مزید دلکش بناتے ہیں۔ الرایس کا ساحل مدینہ منورہ ریجن کے ابھرتے ہوئے سمندری سیاحتی مراکز میں شمار ہوتا ہے جہاں قدرتی مناظر کے ساتھ متنوع تفریحی سرگرمیاں سارا سال جاری رہتی ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 11

کے پہلے 11 ماہ کے دوران پٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی کی مد میں مجموعی طور پر ایک ہزار 478 ارب روپے سے زائد وصول کیے، جس کے باعث بجٹ خسارے کو مقررہ ہدف کے اندر رکھنے میں مدد ملی۔ سرکاری مالیاتی اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2025 سے مئی 2026 تک وفاقی بجٹ خسارہ 33 کھرب 40 ارب روپے، یعنی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 2.6 فیصد کے برابر رہا۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت صوبوں کی جانب سے 13 کھرب 10 ارب روپے کے سرپلس کے بعد مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہوکر 20 کھرب 30 ارب روپے، یعنی جی ڈی پی کے 1.6 فیصد تک محدود رہا۔ حکومت نے پورے مالی سال کے لیے مجموعی مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 3 فیصد، یعنی 37 کھرب 70 ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق پہلے 11 ماہ کے دوران اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے منافع، پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی کی مد میں مجموعی طور پر 48 کھرب 20 ارب روپے کی غیر ٹیکس آمدن حاصل ہوئی، جبکہ پورے مالی سال کے لیے ان مدات کا ہدف 51 کھرب 40 ارب روپے مقرر کیا گیا تھا۔ اس عرصے میں اسٹیٹ بینک کے منافع کی مد میں 24 کھرب 28 ارب روپے، پیٹرولیم لیوی سے 14 کھرب 32 ارب روپے اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی سے 45 ارب 96 کروڑ 80 لاکھ روپے وصول کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے بھی مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں 112 کھرب 28 ارب روپے کی ٹیکس وصولیاں کیں، جبکہ قرضوں پر سود کی ادائیگی 61 کھرب 63 ارب روپے تک پہنچ گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے لیے مختص فنڈز بھی مکمل طور پر استعمال کیے گئے۔ وزارت خزانہ نے واضح کیا ہے کہ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے حتمی مالیاتی اعداد وشمار آئندہ چند ہفتوں میں جاری کیے جائیں گے، جس کے بعد مالیاتی خسارے اور محصولات کی مکمل تصویر سامنے آئے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

پاکستان میں خالص براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) کا سب سے بڑا ذریعہ رہا جس نے مجموعی خالص غیر ملکی سرمایہ کاری کے نصف سے زائد حصے میں کردار ادا کیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے جاری کردہ ابتدائی اعداد وشمار کے مطابق مجموعی غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی کے باوجود چین پاکستان کا سب سے اہم سرمایہ کاری شراکت دار رہا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے مالی سال 26-2025 کے دوران 1.637 ارب ڈالر کی خالص غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری حاصل کی، جو گزشتہ مالی سال کے 2.477 ارب ڈالر کے مقابلے میں کم ہے، اس مجموعی رقم میں سے چین نے 862 ملین ڈالر کا حصہ ڈالا، جو پاکستان کی خالص ایف ڈی آئی کا 52.7 فیصد بنتا ہے۔ چین سے مجموعی سرمایہ کاری کی آمد 1.198 ارب ڈالر رہی، جبکہ سرمایہ کاری کا اخراج 336.3 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ یہ اعداد وشمار ظاہر کرتے ہیں کہ مجموعی غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی کے باوجود پاکستان کے سرمایہ کاری کے منظرنامے میں چین کا مرکزی کردار برقرار ہے، صرف چین کی سرمایہ کاری کئی دیگر بڑے غیر ملکی سرمایہ کار ممالک سے آنے والی مشترکہ خالص سرمایہ کاری سے بھی زیادہ رہی۔ رپورٹ کے مطابق جون 2026 میں بھی اسی طرح کا رجحان دیکھنے میں آیا۔ پاکستان نے اس ماہ صرف 13.5 ملین ڈالر کی خالص ایف ڈی آئی حاصل کی کیونکہ 294.4 ملین ڈالر کی مجموعی سرمایہ کاری آمد کو 280.9 ملین ڈالر کے اخراج نے بڑی حد تک متوازن کردیا۔ چین نے اس دوران 43 ملین ڈالر کی خالص ایف ڈی آئی فراہم کی، جو پاکستان کی ماہانہ خالص ایف ڈی آئی کے تقریباً 318.5 فیصد کے برابر ہے۔ یہ حصہ 100 فیصد سے زیادہ اس لیے رہا کیونکہ چین سے آنے والی سرمایہ کاری نے کئی دوسرے ممالک سے ہونے والے خالص سرمائے کے اخراج کو پورا کیا، جس سے پاکستان کی مجموعی ماہانہ خالص ایف ڈی آئی میں نمایاں کمی واقع ہونے سے بچی۔ رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مالی سال 26-2025 کے دوران پاکستان کو مجموعی طور پر 3.568 ارب ڈالر کی ایف ڈی آئی موصول ہوئی جبکہ سرمایہ کاری کا اخراج بڑھ کر 1.931 ارب ڈالر ہوگیا، جس کے نتیجے میں خالص ایف ڈی آئی 1.637 ارب ڈالر رہی۔ پورٹ فولیو سرمایہ کاری سمیت مجموعی غیر ملکی سرمایہ کاری کم ہو کر 450.6 ملین ڈالر رہ گئی کیونکہ مالی سال کے دوران پورٹ فولیو سرمایہ کاری کا اخراج جاری رہا۔ توانائی کے شعبے نے سب سے زیادہ 958.3 ملین ڈالر کی خالص ایف ڈی آئی حاصل کی، جو ملک کی مجموعی خالص سرمایہ کاری کا تقریباً 58.5 فیصد ہے۔ مالیاتی شعبہ 805.5 ملین ڈالر کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، جبکہ مواصلات کے شعبے میں 456.1 ملین ڈالر اور الیکٹرانکس میں 66.9 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی۔ دیگر شعبوں میں ٹرانسپورٹ آلات میں 57.6 ملین ڈالر، ٹیکسٹائل میں 47.7 ملین ڈالر، تجارت میں 19 ملین ڈالر اور سیاحت میں 18.2 ملین ڈالر کی مثبت سرمایہ کاری ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق تاہم بعض شعبوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے بجائے سرمائے کا اخراج دیکھنے میں آیا، جن میں کان کنی اور کھدائی (-116.8 ملین ڈالر)، خوراک (-102.1 ملین ڈالر)، سیمنٹ (-96.6 ملین ڈالر) اور تعمیرات (-39.9 ملین ڈالر) شامل ہیں۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ توانائی اور مالیاتی خدمات میں مضبوط سرمایہ کاری کے باوجود پاکستان کی معیشت کے مختلف شعبوں میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی یکساں نہیں

بقیہ | بقیہ جات | 13

کوبیلگورود، بریانسک، کرسک، اسمولینسک، ریازان، کالوگا، تولا، تامبوف، اوریول، لیپیتسک، توویر، پسکوف، وورونژ، روستوف، وولگوگراد، لینن گراڈ، ولادیمیر، ماسکو ریجن، کراسنودار، جمہوریہ کریمیا سمیت بحیرہ آزوف اور بحیرہ اسود کے اوپر مار گرایا گیا۔ ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانن کے مطابق رات بھر میں تقریباً 370 ڈرون ماسکو ریجن کی جانب بڑھ رہے تھے، جنہیں فضائی دفاعی نظام نے تباہ کیا۔ روس کے تامبوف ریجن میں یوکرینی ڈرون حملے کے نتیجے میں وائلڈ بیریز کے لاجسٹکس مرکز کو نشانہ بنایا گیا، جہاں 7 افراد ہلاک اور 25 زخمی ہوئے۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

کوبیلگورود، بریانسک، کرسک، اسمولینسک، ریازان، کالوگا، تولا، تامبوف، اوریول، لیپیتسک، توویر، پسکوف، وورونژ، روستوف، وولگوگراد، لینن گراڈ، ولادیمیر، ماسکو ریجن، کراسنودار، جمہوریہ کریمیا سمیت بحیرہ آزوف اور بحیرہ اسود کے اوپر مار گرایا گیا۔ ماسکو کے میئر سرگئی

سوبیانن کے مطابق رات بھر میں تقریباً 370 ڈرون ماسکو ریجن کی جانب بڑھ رہے تھے، جنہیں فضائی دفاعی نظام نے تباہ کیا۔ روس کے تامبوف ریجن میں یوکرینی ڈرون حملے کے نتیجے میں وائلڈ بیریز کے لاجسٹکس مرکز کو نشانہ بنایا گیا، جہاں 7 افراد ہلاک اور 25 زخمی ہوئے۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

لیے تیار ہے۔ ان حملوں میں صرف میزائل اور ڈرونز ہی نہیں بلکہ خطے میں موجود ایران کے اتحادی گروہوں کو بھی فعال کیے جانے کا خدشہ ہے۔ اسرائیلی عہدیدار کے مطابق اسرائیل کے اندر اور بیرون ملک ہائی الرٹ کی صورتحال ہے، خاص طور پر اس وقت جب امریکہ اور ایران کے درمیان مفاہمتی یادداشت ختم ہو چکی ہے۔ اسرائیلی رپورٹس کے مطابق حل ایپ نے واشنگٹن کو امریکی حملوں میں شامل ہونے کی پیشکش کی تھی، تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے اسرائیل کی براہ راست شمولیت کو مسترد کردیا۔ اسرائیلی عہدیدار نے کہا کہ جنگ میں اسرائیل کی شمولیت کا انحصار ایران کے ردعمل پر ہوگا۔ اگر ایران اسرائیل کو نشانہ بناتا ہے تو امکان ہے کہ اسرائیل جنگ میں مداخلت کرے

بقیہ | بقیہ جات | 16

کانفرنس 2026 کے دوران ایک پاکستانی ولاگر نے چین کی مصنوعی ذہانت (AI) کے شعبے میں ہونے والی تازہ ترین پیش رفت کو نمایاں کیا ہے۔ پاکستانی ولاگر علی جن کے چینی اور عالمی آن لائن پلیٹ فارمز پر 4 لاکھ سے زائد فالوورز ہیں، اپنی ویڈیوز کے ذریعے چین کی جدید AI ٹیکنالوجیز متعارف کرا رہے ہیں، جنہیں انٹرنیٹ صارفین کی جانب سے بھرپور توجہ حاصل ہورہی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق رواں سال کی کانفرنس کا موضوع انٹیلیجنٹ شراکت دار، مستقبل کی مشترکہ تخلیق ہے، جو ایک ایسے اہم وقت پر منعقد ہورہی ہے جب انٹیلیجنٹ ٹیکنالوجی کی نئی لہر دنیا بھر میں پھیل رہی ہے۔ یہ تقریب جدت کا ایک وسیع مظاہرہ ہے، جس میں 1100 سے زائد نمائش کنندگان، 3000 سے زیادہ مصنوعات اور 300 سے زائد عالمی سطح پر پہلی بار پیش کی جانے والی ٹیکنالوجیز شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اپنی تعارفی ویڈیو میں علی نے دو اہم مصنوعات کو نمایاں کیا۔ ان میں پہلی ہواوے کا نیا SuperPoD950Atlas ہے، جو صنعت میں اب تک پیش کیا جانے والا سب سے بڑا سپر نوڈ سسٹم ہے۔ جدید ترین انٹرکنیکشن ٹیکنالوجی سے تیار کردہ یہ طاقتور نظام بے مثال رفتار اور بڑے پیمانے کی کمپیوٹنگ سرگرمیاں انجام دے سکتا ہے۔ اس نظام نے WAIC کا سب سے بڑا اعزاز AwardSAIL بھی حاصل کیا، جو مصنوعی ذہانت کی صنعت میں دنیا کے سب سے معتبر اعزازات میں شمار ہوتا ہے۔ ایک اور پیش رفت جس نے علی کی توجہ حاصل کی، وہ ایک نیا اے آئی ایجنٹ ہے جو مکمل ورک فلو کو خودکار بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایک انٹرویو میں علی نے کہا DaziBaidu نے مجھے بہت متاثر کیا کیونکہ یہ آپ کی دفتری زندگی کو بہت آسان بنا دیتا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق لانچ کے بعد سے Baidu Dazi کی روزانہ کی درخواستوں میں 20 گنا اضافہ ہوا ہے، جس سے یہ اس وقت دستیاب عام استعمال کے لیے تیار اے آئی ایجنٹس میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا اے آئی ایجنٹ بن گیا ہے۔ صارفین صرف قدرتی زبان میں اپنے مقاصد بیان کرتے ہیں، اور یہ ایجنٹس ضروریات کو سمجھ کر کاموں کو تقسیم کرتے ہیں، مختلف ٹولز استعمال کرتے ہیں، ایپلی کیشنز اور فائلوں کے درمیان پیچیدہ کام مکمل کرتے ہیں اور استعمال کے لیے تیار نتائج فراہم کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق نمائش میں نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیوں، جدید روبوٹس اور دیگر اے آئی ٹیکنالوجیز نے بھی توجہ حاصل کی۔ علی کے مطابق یہ جدید آلات پاکستان میں روزمرہ زندگی کو بہتر بنانے، دفتری امور کو آسان بنانے اور مختلف شعبوں میں نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے مظاہرے کے علاوہ، کانفرنس کے دوران ایک اہم سفارتی پیش رفت بھی سامنے آئی۔ پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے تقریب میں شرکت کی اور ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کوآپریشن آرگنائزیشن کے قیام کے معاہدے پر دستخط کیے، جس کے بعد پاکستان 29 بانی رکن ممالک میں شامل ہوگیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 17

غیر منطقی، ناقابل اعتماد اور مذموم فطرت کا ایک اور مضبوط ثبوت بن جائے۔ ان کی طرف سے یہ بھی کہا گیا کہ اب امریکی دشمن جنگ بھڑکانے اور خود کو مزید بھاری اخراجات اور بڑی رسوائی سے دوچار کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اسے جان لینا چاہیے کہ ایران کی عزیز قوم اور محاذ مزاحمت اس کے لیے ناقابل فراموش اسباق رکھتے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

محمد طاہر کھوکھر کی انتخابی مہم میں روز بروز تیزی حلقے بھر میں ان کی مقبولیت کا گراف مسلسل بلند کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم سمیت مختلف برادریوں کی جانب سے انہیں بھرپور عوامی پذیرائی حاصل ہونے لگی ہے انتخابی پوزیشن مضبوط۔ محمد طاہر کھوکھر نے اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں چکوال کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم معززین علاقہ مختلف سماجی و سیاسی شخصیات نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر کشمیری عمائدین کارکنوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں ہار پہنائے مختلف مقامات پر منعقد ہونے والی کارنر میٹنگز عوامی اجتماعات کی شکل اختیار کر گئیں جہاں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے محمد طاہر کھوکھر سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم کے معززین نے کہا کہ محمد طاہر کھوکھر کی صورت میں کشمیری مہاجرین کو ایک ایسا مخلص دیانتدار اور عوام دوست رہنما ملا ہے جو صرف وعدے نہیں بلکہ عملی خدمت پر یقین رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندے صرف انتخابات کے دوران ووٹ لینے آتے رہے مگر کامیابی کے بعد کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم کے مسائل کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا گیا بنیادی مسائل اور دیگر دیرینہ مسائل آج بھی جوں کے توں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ اپنے ووٹ کی طاقت سے ایک ایسے امیدوار کو کامیاب بنائیں گے جو ان کے حقوق کی حقیقی آواز بن سکے انہوں نے اعلان کیا کہ پورا مہاجر معاشرہ محمد طاہر کھوکھر کی مکمل حمایت کرے گا اور انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امیدوار اسمبلی محمد طاہر کھوکھر نے شاندار استقبال پر کشمیری مہاجرین متاثرین منگلا ڈیم اور اہل علاقہ کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم کی خدمت میری سیاست کا محور اور میرا قومی فرض ہے یہ وہ عظیم لوگ ہیں جنہوں نے قومی مفاد کے لیے بے مثال قربانیاں دیں مگر بدقسمتی سے انہیں وہ حقوق اور سہولیات نہیں مل سکیں جن کے وہ حقیقی طور پر مستحق تھے۔ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ منتخب ہو کر وہ کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم کے تمام بنیادی مسائل کو اسمبلی سمیت ہر متعلقہ فورم پر بھرپور انداز میں اٹھائیں گے ان کو حل کریں گے مہاجرین کے دیرینہ مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کریں گے وہ کسی بھی صورت اپنے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے انہوں نے کہا کہ کشمیری مہاجرین اور متاثرین منگلا ڈیم ہمارے محسن ہمارا فخر اور ہمارے سر کا تاج ہیں پوری قوم ان کی عظیم قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور اب وقت آگیا ہے کہ ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کا ازالہ کیا جائے عوام کی محبت اعتماد اور بھرپور حمایت ان کا سب سے بڑا سرمایہ ہے جس کی بدولت وہ ان شاء اللہ کامیابی حاصل کر کے عوامی خدمت کا نیا باب رقم کریں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 19

ب کے عمل میں کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے

کی حکومت شفافیت، احتساب اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے جبکہ ملک کی معاشی اور سماجی صورتحال میں بہتری کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ بدعنوانی کے خلاف جاری مہم میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرنے والوں پر بھی کڑی نظر رکھی جارہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ احتساب کا عمل ہر سطح پر موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا تاکہ شفاف طرز حکمرانی کو فروغ دیا جاسکے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق سوال کے جواب میں وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین بنیادی طور پر عالمی منڈی، کرنسی کی شرح، محاصل اور خطے کی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو قیمتوں کے حوالے سے غیر ضروری ابہام پیدا کرنے کے بجائے قابل عمل تجاویز پیش کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم ڈویژن تمام متعلقہ معاشی عوامل کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ہی قیمتوں سے متعلق فیصلے کرتا ہے۔ بیرسٹر عقیل ملک کا کہنا تھا کہ پاکستان میں پیٹرول کی قیمتیں اب بھی بھارت اور بنگلہ دیش کے مقابلے میں زیادہ مناسب ہیں جو حکومت کی متوازن اور ذمہ دار معاشی پالیسی کا مظہر

بقیہ | بقیہ جات | 20

بارشوں کے نتیجے میں سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے سے کم از کم چار افراد جاں بحق اور کئی لاپتہ ہو گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حکام نے بتایا کہ تمام ہلاکتیں سب سے زیادہ متاثرہ علاقے تحصیل سرکوٹ سے ہوئی ہیں جہاں امدادی ٹیمیں بھیجی گئیں اور امدادی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ نون بندی گاؤں میں مکان گرنے سے 28 سالہ خاتون نازیہ کوثر جاں بحق ہوگئی۔ اس کے شوہر اور تین بچوں کو زخمی حالت میں بچا لیا گیا۔ لوئر مرہ میں مٹی کا تودہ گرنے سے مکان کے مالک محمد لطیف سمیت ایک ہی خاندان کے چھ افراد لاپتہ ہو گئے۔ مرہوٹ کے مقام پر کمسن بچی ارم نالے میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئی جبکہ ڈھنڈک لچھونگ پل کے قریب نالے سے نامعلوم خاتون کی لاش برآمد ہوئی۔ تلاش اور امدادی کارروائیاں جاری

بقیہ | بقیہ جات | 21

بری طرح متاثر کردیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق مختلف اقسام کے چاول 320 روپے سے 640 روپے فی کلوگرام تک فروخت ہو رہے ہیں، جبکہ گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتیں 490 روپے سے 610 روپے فی کلوگرام تک پہنچ چکی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آٹے کی قیمت میں بھی مسلسل اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے اور 20 کلوگرام آٹے کا تھیلا 2400 روپے میں بھی باآسانی دستیاب نہیں، جس کے باعث روزمرہ اخراجات پورے کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ شہریوں کے مطابق اشیائے خورونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے گھریلو بجٹ کو شدید متاثر کیا ہے اور کم آمدنی والے افراد کے لیے بنیادی ضروریات زندگی پوری کرنا بھی دشوار ہوگیا ہے۔ عوام نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ گراں فروشی کے خلاف موثر کارروائی کی جائے، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر سخت نگرانی رکھی جائے اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ صارفین کو حقیقی ریلیف فراہم ہو

بقیہ | بقیہ جات | 22

کی جانب سے عطیہ کی گئی زمین پر تعمیر کیا گیا ہے، سینکڑوں بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کا پہلا موقع فراہم کررہا ہے۔ چین میں تربیت حاصل کرنے والے ایک استاد کے لیے یہ اسکول صرف ملازمت نہیں بلکہ ایک مشن ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نسیم بلوچ کے لیے تعلیم وہ روشنی ہے جو زندگیوں کو روشن کرتی اور ذہنوں کو کھولتی ہے۔ وہ سمجھتی ہیں کہ تعلیم ایک ایسی طاقت ہے جو سرحدوں کے پار لوگوں کو جوڑ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ میں اس بامقصد سفر کا ایک چھوٹا سا حصہ ہوں۔ رپورٹ کے مطابق نسیم چین پاکستان گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول فقیر کالونی گوادر میں انگریزی، اردو اور تاریخ کے استاد کے طور پر کام کرتے ہیں اور اسکول کے کوآرڈینیٹر بھی ہیں۔ یہ اسکول، جسے عام طور پر چائنا پاک فرینڈشپ اسکول کہا جاتا ہے، اس وقت کنڈرگارٹن سے لے کر دسویں جماعت تک تقریباً 550 طالبات کو تعلیم فراہم کر رہا ہے، جہاں 22 تدریسی اور غیر تدریسی عملہ خدمات انجام دے رہا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق انہوں نے 2019 سے 2021 تک ووہان کی سینٹرل چائنا نارمل یونیورسٹی سے اعلیٰ تعلیم میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔ ان کے ماسٹرز پروگرام کے نصاب میں تعلیمی انتظام، تقابلی تعلیم، تعلیمی مالیات، تعلیمی پالیسی، تحقیقی طریقہ کار، تاریخ اور معیار کی یقین دہانی جیسے موضوعات شامل تھے۔ نسیم اب اپنی گریجویٹ تعلیم کے دوران حاصل کیے گئے علم کو اسکول میں اپنے کام پر لاگو کرتے ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ میں معیاری تعلیم کو فروغ دینے، اسکول کے انتظام کو بہتر بنانے اور اپنے طلبہ کو جغرافیائی حدود سے آگے سوچنے کی ترغیب دینے کی کوشش کرتا ہوں جس اسکول میں نسیم کام کرتے ہیں، اسے ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ ان کے والد نے 2015 میں ایک منصوبے کے لیے زمین عطیہ کی تھی، جسے چائنا فاؤنڈیشن فار پیس اینڈ ڈیولپمنٹ نے مالی معاونت فراہم کی۔ ستمبر 2016 میں یہ منصوبہ ایک پرائمری اسکول کے طور پر شروع ہوا، 2017 میں مڈل اسکول بنا اور 2024 میں ہائی اسکول کا درجہ حاصل کیا۔ چینی سفارت خانے نے اساتذہ کی فراہمی اور دیکھ بھال میں مدد کی، جبکہ چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی نے اسکول کے انتظام اور ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ رپورٹ کے مطابق اسکول میں داخل ہونے والا ہر طالب علم مستقبل کا ایک خواب لے کر آتا ہے اور ہر گریجویٹ ایک زیادہ تعلیم یافتہ، خوشحال اور پُرامن گوادر کی جانب ایک قدم کی نمائندگی کرتا ہے۔ نسیم نے کہا کہ اس اسکول نے سماجی یا معاشی پس منظر سے قطع نظر یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرکے مقامی برادری کو مضبوط کیا ہے۔ یہاں طلبہ کو صرف تعلیمی مضامین ہی نہیں بلکہ احترام، ذمہ داری، تعاون اور معاشرے کی خدمت جیسی اقدار بھی سکھائی جاتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اس اسکول کے قیام سے پہلے گوادر کے اس علاقے میں کوئی تعلیمی ادارہ موجود نہیں تھا۔ بہت سے بچے، خاص طور پر کم آمدنی والے خاندانوں کی لڑکیاں، تعلیم سے محروم رہتی تھیں، رپورٹ کے مطابق آج معیاری تعلیم ان کی دہلیز پر مفت دستیاب ہے۔ نسیم نے مزید کہا کہ اب ہمارے علاقے کا ہر بچہ معیاری تعلیم حاصل کرنے کا موقع رکھتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق وہ والدین جو کبھی سمجھتے تھے کہ اپنی بیٹیوں کو تعلیم دینا مالی طور پر ناممکن ہے، اب اپنی بچیوں کو روزانہ اسکول جاتے دیکھ رہے ہیں۔ نسیم نے کہا کہ میرے کام کے سب سے خوشگوار پہلوؤں میں سے ایک یہ ہے کہ والدین اپنی شکر گزاری کا اظہار کرتے ہیں، اب ان کے بچے روزانہ اسکول آتے ہیں اور استاد، ڈاکٹر، انجینئر اور دیگر شعبوں کے ماہر بننے کے خواب دیکھتے ہیں، کئی گریجویٹس نے کالجوں اور جامعات میں اپنی تعلیم جاری رکھی ہے، جو بہت سے خاندانوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والی پہلی نسل کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ایک حوصلہ افزا کامیابی کی مثال حلیمہ کی ہے جس نے اس اسکول سے ابتدائی تعلیم مکمل کی اور اب بلوچستان یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہی ہے، جو صوبے کی سب سے قدیم اور بڑی سرکاری جامعہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق تعلیمی کامیابیوں کے علاوہ، اسکول میں چینی وفود کے یادگار دورے بھی ہوئے ہیں۔ طلبہ ثقافتی پروگراموں اور شکریے کے الفاظ کے ساتھ ان کا استقبال کرتے ہیں۔ نسیم نے کہا کہ یہ تبادلے کم عمری سے ہی باہمی سمجھ بوجھ کو فروغ دینے میں مدد دیتے ہیں، میرا یقین ہے کہ یہ بچے بڑے ہوکر بین الاقوامی دوستی اور تعاون کی قدر کو گہرائی سے سمجھیں گے۔ رپورٹ کے مطابق نسیم نے کہا کہ چین پاک فرینڈشپ اسکول گوادر کے لوگوں کے لیے سب سے قیمتی تحائف میں سے ایک ہے۔ تعلیم ایک ایسی سرمایہ کاری ہے جو نسلوں تک زندگیوں کو بدل دیتی ہے اور ایک تعلیم یافتہ بچہ پورے خاندان کو ترقی دے سکتا ہے اور ایک تعلیم یافتہ برادری ایک قوم کے روشن مستقبل کی تشکیل کرسکتی ہے۔ مستقبل کے حوالے سے نسیم ڈیجیٹل تعلیم کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین نے تعلیمی ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، اسمارٹ کلاس رومز اور آن لائن تعلیم میں نمایاں ترقی کی ہے، ڈیجیٹل لیبارٹریز، اساتذہ کی تربیت کے پروگراموں، ورچوئل کلاس رومز اور چینی پروفیسرز کے آن لائن لیکچرز کے ذریعے اس تجربے کا تبادلہ پاکستان، خصوصاً بلوچستان

جیسے دوردراز علاقوں کے طلبا اور اساتذہ کے لیے بہت فائدہ مند ہوگا۔ چین میں نسیم کی دلچسپی ان کے تعلیمی سفر سے پہلے شروع ہوچکی تھی۔ انہوں نے پہلی بار 2016 میں بیرون ملک سفر کے دوران چین کا دورہ کیا، جو ان کی زندگی کا ایک اہم موڑ ثابت ہوا۔ انہوں نے یاد کرتے ہوئے کہا کہ میں چین کی تیز رفتار ترقی، جدید انفراسٹرکچر، صاف ستھرے اور سرسبز شہروں، موثر عوامی خدمات اور سب سے بڑھ کر چینی عوام کی مہربانی اور مہمان نوازی سے بہت متاثر ہوا۔ رپورٹ کے مطابق چین میں تعلیم کے شعبے میں پی ایچ ڈی کرنا نسیم کے اہم ذاتی اور پیشہ ورانہ اہداف میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا یقین ہے کہ یہ ان محققین کے لیے ایک بہترین ماحول ہے جو تعلیمی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں چین پاکستان اقتصادی راہداری کے ذریعے تعلیمی قیادت، معیار میں بہتری اور بین الاقوامی تعاون پر تحقیق کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے اختتام پر کہا میرا مقصد صرف ایک اور ڈگری حاصل کرنا نہیں بلکہ عملی تجربہ حاصل کرنا بھی ہے جسے میں واپس پاکستان لاسکوں۔

بقیہ | بقیہ جات | 23

آزادی کی جدوجہد جاری رکھیں گے اور پاکستان کے ساتھ جموں وکشمیر کے الحاق کی 19 جولائی 1947 کی قرارداد کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق 19 جولائی 1947 کو کشمیریوں کے حقیقی نمائندوں نے سرینگر کے علاقے آبی گزر میں سردار محمد ابراہیم خان کی رہائش گاہ پر آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے اجلاس کے دوران پاکستان کے ساتھ الحاق کی تاریخی قرارداد متفقہ طور پر منظور کی تھی۔ قرارداد میں پاکستان کے ساتھ جموں وکشمیر کی مذہبی، جغرافیائی، ثقافتی اور اقتصادی قربت اور اس کی مسلم آبادی کی بھاری اکثریت کی خواہشات کا حوالہ دیتے ہوئے پاکستان کے ساتھ اس کے الحاق کا مطالبہ کیا گیا۔ یہ قرارداد تقسیم برصغیر کے منصوبے کے تحت 14 اور 15 اگست 1947 کو پاکستان اور بھارت کے دو آزاد ریاستوں کے طور پر ابھرنے سے تقریباً ایک ماہ قبل منظور کی گئی تھی۔ اس انتظام کے تحت شاہی ریاستیں دونوں ممالک میں سے کسی ایک کے ساتھ الحاق کرنے کے لیے آزاد تھیں۔ 19 جولائی 1947 کا فیصلہ جموں وکشمیر کے لوگوں کی سیاسی خواہش کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ اپنے مستقبل کو پاکستان کے ساتھ جوڑنا چاہتے ہیں۔ یہ قرارداد کشمیری عوام کے سیاسی، مذہبی، سماجی، ثقافتی اور اقتصادی حقوق کے تحفظ کے لیے منظور کی گئی تھی کیونکہ ان کے نمائندے اس بات سے بخوبی واقف تھے کہ مسلمانوں کے لیے گہری دشمنی کی وجہ سے ہندو اکثریتی ملک میں ان کو امتیازی سلوک اور پسماندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حریت پسند تنظیموں نے اس موقع پر جاری اپنے پیغامات اور بیانات میں کہا کہ 19 جولائی کا دن جموں وکشمیر کی تاریخ میں ایک منفرد مقام اور خصوصی اہمیت کا حامل ہے، جس دن کشمیری عوام نے اپنا مستقبل پاکستان کے ساتھ جوڑنے کا انتخاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً آٹھ دہائیوں سے جاری بھارتی تسلط پاکستان کے ساتھ کشمیریوں کے رشتوں کو کمزور کرنے میں ناکام رہا ہے۔ بیانات میں کہا گیا کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد سے متاثر ہوکر کشمیری پاکستان کے ساتھ جموں وکشمیر کے الحاق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ حریت رہنماؤں نے اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ کشمیری عوام کو بھارتی ریاستی جبر سے بچائیں اور تنازعہ کشمیر کو اس کے تاریخی تناظر میں اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کرنے میں موثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے درست طور پر کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا اور اس بات پر زور دیا تھا کہ پاکستان تنازعہ کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر اٹھانے میں ہمیشہ سب سے آگے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 19 جولائی کی قرارداد کشمیریوں کی سیاسی جدوجہد اور امنگوں میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی اور کشمیری مشترکہ مذہبی، ثقافتی، تاریخی اور جغرافیائی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور اپنے مقصد سے وابستگی کا اعادہ کرنے کے لیے ریلیاں، سیمینارز اور سوشل میڈیا مہمات کا انعقاد کیا جا رہا

بقیہ | بقیہ جات | 24

نکہ 19 جولائی 1947 کو آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے نمائندہ اجلاس میں ایک تاریخی قرارداد منظور کی گئی تھی، جس میں ریاست جموں وکشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ اجلاس سری نگر میں سردار محمد ابراہیم خان کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا تھا، جہاں کشمیری قیادت نے برصغیر کی تقسیم کے تناظر میں ریاست کے مستقبل کے بارے میں اپنا موقف پیش کیا۔ آج یوم الحاق پاکستان کے موقع پر آزاد جموں وکشمیر، پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری مختلف تقریبات، سیمینارز، ریلیوں، دعائیہ اجتماعات اور خصوصی پروگراموں کا انعقاد کررہے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 25

ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی اخبار "انڈیا ٹوڈے" نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ نے تارکین وطن ٹرک ڈرائیورز کی جگہ امریکی فوج کے سابق اہلکاروں کی تعیناتی کی تجویز پیش کردی، اس تجویز کے نفاذ سے امریکہ میں کام کرنے والے تقریباً ڈیڑھ لاکھ بھارتی ٹرک ڈرائیورز متاثر ہونگے۔ انڈیا ٹوڈے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تارکین وطن ڈرائیورز سے متعلق نئی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی ہلاکتوں کا باعث بننے والے غیر قانونی تارکین وطن ڈرائیورز کیخلاف تاریخی کارروائی کریں گے۔ امریکی صدر نے کہا کہ یہ ڈرائیورز سائن بورڈز بھی نہیں پڑھ سکتے، ان میں سے بہت سے منشیات کے عادی ہوتے ہیں، یہ غیر قانونی طریقے سے ملک میں داخل ہوتے ہیں اور پورے امریکہ کی سڑکوں پر گاڑیاں چلا رہے ہوتے ہیں۔ انڈیا ٹوڈے کے مطابق بھارتی ٹرک ڈرائیورز امریکہ میں سنگین حادثات اور منشیات اسمگلنگ میں ملوث ہونے کے باعث سخت جانچ کی زد میں ہیں۔ بھارتی شہریوں کو انکی بڑھتی ہوئی مجرمانہ سرگرمیوں کے باعث مختلف ممالک میں پابندیوں سمیت ملک بدری کا سامنا

بقیہ | بقیہ جات | 26

لے فائرنگ کے واقعے سے متعلق وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ گزشتہ رات اس وقت پیش آیا جب عطا اللہ تارڑ رات تقریباً تین بجے گھر واپس آ رہے تھے۔ ساجدہ تارڑ نے کہا کہ واقعے کے باوجود وفاقی وزیر اطلاعات مکمل طور پر محفوظ رہے اور انہیں کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا۔ انہوں نے واقعے کے حوالے سے گردش کرنے والی مختلف خبروں کے تناظر میں واضح کیا کہ عطا اللہ تارڑ خیریت سے

بقیہ | بقیہ جات | 27

نوں کے بھوک ہڑتال کے بعد دہلی کے جنتر منتر سے اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ایل اے بی کے کنوینر تھپسٹن لکپا نے کہا کہ تنظیم کو وانگچک کی صحت پر گہری تشویش ہے اور ان کی مرضی کے خلاف اسپتال منتقلی کے لداخ کے لوگوں میں بے چینی بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے بھارتی حکومت پر زور دیا کہ وہ اس مسئلے کو بات چیت اور جمہوری طریقے سے حل کرے۔ ایل اے بی نے نئی دہلی سے مطالبہ کیا کہ وہ لداخ کے بارے میں اپنے وعدوں کا احترام کرے اور فریقین کے ساتھ تعمیری بات چیت جاری رکھے۔ لداخ بدھسٹ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ایشے نمگیال نے کہا کہ لداخ بھر کے لوگ سونم وانگچک کی حالت سے پریشان ہیں اور امید کرتے ہیں کہ حکام ان کی حفاظت کو یقینی بنائیں

بقیہ | بقیہ جات | 28

جاری بھارتی مظالم پاکستان کے ساتھ کشمیریوں کی محبت اور عقیدت ختم کرنے یا بھارتی قبضے سے آزادی حاصل کرنے کے ان کے عزم کو کمزور کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کی طرف سے یوم الحاق پاکستان کے موقع پر جاری کی گئی ایک رپورٹ کے مطابق جموں وکشمیر کی آزادی اور پاکستان کے ساتھ الحاق کے لیے 1947 سے 5 لاکھ سے زائد کشمیری اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرچکے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بدترین جبر کے باوجود کشمیری عوام اپنی سیاسی

امنگوں کے حصول کے لئے پرعزم ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی فورسز نے جنوری 1989 سے اب تک 96,502 کشمیریوں کو شہید کیا ہے، جن میں سے 7,421 کو دوران حراست شہید کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کم از کم 8,000 کشمیریوں کو گرفتار کرکے لاپتہ کیا گیا ہے، 11,285 سے زائد خواتین کی بے حرمتی کی گئی اور 110,610 سے زائد مکانوں، دکانوں اور دیگر عمارتوں کو تباہ کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حریت رہنماؤں سمیت 3000 سے زائد کشمیری مقبوضہ جموں وکشمیر اور بھارت کی مختلف جیلوں میں نظر بند ہیں۔ رپورٹ کے مطابق یہ ظالمانہ اقدامات کشمیریوں کو اپنی جدوجہد جاری رکھنے سے روکنے میں ناکام رہے ہیں اور وہ اپنے مقصد کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ کشمیری اس دن کو اپنے اس یقین کا اظہار کرنے کے لیے مناتے ہیں کہ کشمیر اور پاکستان لازم وملزوم ہیں اور وہ پاکستان کے ساتھ جموں وکشمیر کے الحاق کی حمایت کرتے ہوئے 19 جولائی 1947 کو منظور کی گئی تاریخی قرارداد کے مطابق اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد نے خطے کے مسلمانوں کے خلاف بھارتی اور برطانوی حکمرانوں کے عزائم کو ناکام بنادیا اور کشمیری بھارتی تسلط سے آزادی اور پاکستان کے ساتھ الحاق تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 29

صوبے بھر کے ریلوے اسٹیشنوں پر صفائی اور مسافروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے نئے معیار قائم کیے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ کے تعاون سے پنجاب کے 8 مصروف ترین ریلوے کوریڈورز کو جدید ملٹیپل یونٹس کے ذریعے بحال کیا جارہا ہے۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ 117 ریلوے پھاٹکوں پر عملے کی تعیناتی سے نہ صرف آپریشنل کارکردگی بہتر ہوئی بلکہ مسافروں کی سہولت میں اضافہ اور قیمتی جانوں کا تحفظ بھی ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا تاریخی ریلوے اسٹیشنوں ٹیکسلا، راولپنڈی، بھیرہ و لاہور کی بحالی اور تحفظ کا عزم بھی قابل تحسین ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد پاکستان کے بھرپور ریلوے ورثے کو محفوظ رکھتے ہوئے اسے ایک جدید اور ڈیجیٹل مستقبل سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ ہم مل کر پاکستان ریلوے کو جدید بنانے، قومی رابطوں کو مضبوط کرنے، معاشی ترقی میں معاونت کرنے اور ہر پاکستانی کو محفوظ، موثر، سستی اور باوقار ریل سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 30

ئل کو اجاگر کرنے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد مزید تیز کی جائے گی۔ رہنماؤں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور عوام شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت اپنی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے ٹیکسوں اور یوٹیلٹی نرخوں میں مسلسل اضافہ کر رہی ہے، جبکہ عوام کو کوئی موثر ریلیف فراہم نہیں کیا جارہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک الائنس مزدوروں کے حقوق، ان کے مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے لیے اپنی جدوجہد پہلے سے زیادہ موثر انداز میں جاری رکھے گا اور ملک بھر کے محنت کشوں اور غریب عوام کی آواز ہر فورم پر بلند کرتا رہے گا۔ رہنماؤں نے وزیراعظم، صدر مملکت اور دیگر حکومتی ذمہ داران سے مطالبہ کیا کہ عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لیں، پیٹرولیم مصنوعات، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے پر نظرثانی کریں اور ایسے اقدامات کریں جن سے عوام کو حقیقی ریلیف مل

بقیہ | بقیہ جات | 31

ٹیک کیا اور مبینہ طور پر ہوائی فائرنگ کی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر سیکیورٹی ادارے متحرک ہوگئے اور ملزم کی تلاش کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں کی گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزم، جس کی شناخت اسامہ کے نام سے ہوئی ہے، کو جدید ٹیکنالوجی اور سیف سٹی اتھارٹی کے کیمروں کی مدد سے ٹریس کرکے گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس نے اس کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے زیر استعمال گاڑی کو بھی تحویل میں لے لیا گیا ہے اور اس کا فرانزک اور تکنیکی معائنہ کیا جارہا ہے۔ تفتیشی حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف زاویوں سے تحقیقات جاری ہیں تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ فائرنگ کا مقصد کیا تھا اور آیا یہ محض ہوائی فائرنگ کا واقعہ تھا یا اس کے پس منظر میں کوئی اور محرک موجود

بقیہ | بقیہ جات | 32

لڑائی کے نتیجے میں دونوں ممالک کی عوام ایک دوسرے سے دور ہوتی جارہی ہے اور یہ بہت بڑا نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں اگر قبائل کے لوگوں کو بھرپور نمائندگی دی جائے تو ایک ایسا گریٹر جرگہ بن سکتا ہے جو اس مسئلے کو حل کر سکتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ میں ایک بات ضرور کہوں گا کہ افغان حکومت سے ہمارا بہت بڑا شکوہ ہے کہ آپ کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہورہی ہے اور آپ اسے روک نہیں پارہے، یہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی عوام نے تقریباً 50 سال ایک دوسرے کو سینے سے لگا کر رکھا ہے، ناراضی حکومت سے یا کسی فوجی لیڈر سے یا کسی پالیسی سے ہوسکتی ہے عوام نے کیا قصور کیا ہے، ہم نے تو ایک دوسرے کے لیے بہت دکھ جھیلے ہیں، پورا افغانستان تو را بورا بنتا رہا اور وہاں کی عوام شہادتیں پیش کرتی رہی تو پورے پاکستان نے اس کی قیمت ادا کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے افغان بھائیوں کو اپنے سینے سے لگائے رکھا، اپنی مارکیٹیں اور کاروبار ان کے لیے کھول دیں، تو یہ تو نہیں ہونا چاہیے کہ ایک صبح اٹھ کر آپ کہیں کہ چونکہ یہ چار واقعات ہوگئے تھے لہٰذا وہ سب ختم ہوگیا، یہ ختم نہیں ہوسکتا۔

بقیہ | بقیہ جات | 33

کٹ کرتے ہیں اور ہدف کی جانب بڑھتے ہوئے اپنی سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس پیش رفت نے حساس تنصیبات کو نشانہ بنانے کی ایران کی صلاحیت میں اضافہ کیا ہے، جبکہ واشنگٹن میں یہ خدشات بڑھ گئے ہیں کہ شاید ایران کو روس یا چین سے انٹیلی جنس یا تکنیکی مدد مل رہی ہو۔ یہ بات امریکی اخبار نے امریکی حکام کے حوالے سے رپورٹ کی ہے۔ سیاسی ردعمل میں متعدد امریکی قانون سازوں نے ہلاک ہونے والے فوجیوں کے اہل خانہ سے تعزیت کی۔ ان میں ایوان نمائندگان کے اسپیکر مائیک جانسن اور سینیٹ کی خارجہ تعلقات کمیٹی میں ڈیموکریٹس کی سینیئر رکن جین شاہین بھی شامل ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 34

سے پہلے ایرانی حملے میں کنگ فیصل ایئر بیس میں واقع رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا گیا، جس میں کم از کم 5 امریکی اہلکار زخمی ہوئے۔ دوسرے حملے میں مشرقی اردن کے ایک اڈے کو نشانہ بنایا گیا جہاں امریکی بلیک ہاک ہیلی کاپٹرز موجود تھے اور اس حملے میں متعدد ہیلی کاپٹرز کو شدید نقصان پہنچا۔ اس کے بعد ایرانی میزائلوں نے موافق السلط ایئر بیس (ازرق) کو نشانہ بنایا جہاں بنکروں میں پناہ لینے والے تقریباً 20 امریکی فوجی زخمی ہوئے تاہم اس حملے میں کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔ جمعہ کے روز اسی اڈے پر دوبارہ حملہ کیا گیا جس میں 2 امریکی فوجی ہلاک جبکہ 4 دیگر زخمی ہو گئے، کچھ اہلکاروں کو معمولی زخم آئے جنہیں طبی معائنے کے بعد دوبارہ ڈیوٹی پر بھیج دیا گیا۔ امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے اردن میں ایران کے بیلسٹک میزائل حملوں میں اپنے 2 فوجیوں کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے کا اعتراف کیا ہے کہ 17 جولائی کو اردن میں امریکی سینٹرل کمانڈ اور اس کے اتحادی دستے ایرانی بیلسٹک میزائلوں اور ڈرون حملوں کے خلاف دفاع کر رہے تھے کہ اس دوران 2 امریکی فوجی ہلاک ہوگئے، جب کہ ایک امریکی فوجی تاحال لاپتا ہے۔ خیال رہے کہ اس سے قبل ایرانی پاسداران انقلاب نے اردن میں امریکا کی الازرق ایئر بیس کو نشانہ بنانے کا اعلان کیا

بقیہ | بقیہ جات | 35

۔ انہوں نے کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور لازوال حوصلے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اظہار امید کیا کہ وہ دن ضرور آئے گا جب جموں وکشمیر کے

عوام اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کریں

بقیہ | بقیہ جات | 36

رنے کئی بار پاکستان کی فتح کا ذکر کیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 37

ہونے سے قبل امریکی حمایت یافتہ لبنانی فوج کے کمانڈر تھے۔ وہ گزشتہ 20 برسوں میں وائٹ ہاؤس کا دورہ کرنے والے پہلے لبنانی صدر ہیں جہاں وہ پہلی بار ٹرمپ سے بالمشافہ ملاقات کریں گے۔ منگل کے روز ہونے والی یہ ملاقات لبنان کے لیے ایک نازک موڑ پر ہورہی

بقیہ | بقیہ جات | 38

ہے جبکہ پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔ سپیکر ملک احمد خاں نے ان خیالات کا اظہار لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں "پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی: پاکستان آرمی کا کردار اور اہمیت" کے موضوع پر منعقدہ خصوصی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے فوج کے سیاسی کردار سے متعلق جو گفتگو کی، اس پر بحث ہونی چاہیے۔ مولانا فضل الرحمن ماضی میں شہداء کو قومی اثاثہ قرار دیتے رہے ہیں، اس لیے ان کے حالیہ بیان پر حیرت ہوئی اور انہیں اس حوالے سے اپنے موقف پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک لاکھ سے زائد جانوں کی قربانیاں دے چکا ہے، اس لیے دہشت گردوں سے متعلق کسی بھی بحث میں قومی مفاد کو مقدم رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد اور سیاسی استحکام پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دہشت گرد تنظیموں کو مالی اور دیگر معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچایا جاسکے، تاہم پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاک فوج کا نام آتے ہی پوری قوم احترام سے کھڑی ہو جاتی ہے کیونکہ افواج پاکستان ملک کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کی علامت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کے ساتھ پوری قوم کھڑی ہے اور ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 39

انتخابی حکمت عملی اور تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) آزاد جموں کشمیر کے عوام کی خدمت، ترقی اور خوشحالی کے مشن کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھائے گی۔ سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہمیشہ کشمیر کے عوام کے حقوق، ترقی اور فلاح و بہبود کو ترجیح دی ہے۔ پارٹی کارکنان عوام کے درمیان جاکر قائد محمد نوازشریف اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ترقیاتی وژن کو اجاگر کریں اور عوام کا پیغام گھر گھر پہنچائیں۔ خواجہ سعد رفیق نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور قومی ترقی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 40

آزاد جموں وکشمیر، سندھ یونیورسٹی کراچی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی یونیورسٹی سے متعلق 1194 وکلاء کی لاء ڈگریوں کی تصدیق کے حوالے سے باقاعدہ نوٹس جاری کیے گئے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ لاء ڈگری جمع کرانے کیلئے 15 جولائی آخری تاریخ مقرر کی گئی تھی تاہم 1133 وکلاء نے مقررہ مدت گزرنے کے باوجود ہائر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ لاء ڈگری جمع نہیں کرائی جس کے بعد ان وکلاء کے لائسنس معطل کردیئے گئے۔ صرف 29 وکلاء نے ہائر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ لاء ڈگری مقررہ مدت کے اندر جمع کرائی۔ مزید براں شاہ عبداللطیف بھٹائی یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے 32 وکلاء کی ڈگریوں کی تصدیق سے متعلق کیسز جنرل ہاؤس کے فیصلے کے مطابق مزید کارروائی کے لئے ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل کو بھجوا دیئے گئے۔ سیکرٹری پنجاب بار کونسل کو ہدایت کی گئی کہ 1133 وکلاء کے نام پنجاب بار کونسل کے رول سے خارج کیے جائیں تاہم مذکورہ وکلاء اپنی لاء ڈگری کی تصدیق حاصل کرنے کے بعد ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل سے رجوع کرسکتے ہیں۔ انتباہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اگر کسی وکیل کی جانب سے جعلی یا بوگس تصدیقی سرٹیفکیٹ یا کوئی جعلی دستاویز پیش کی گئی تو اس کے خلاف مروجہ قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 41

پارٹی کی انتخابی حکمت عملی، تنظیمی امور، عوامی رابطہ مہم اور انتخابی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) کشمیر کے عوام کی خدمت، ترقی اور خوشحالی کے مشن کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھائے گی۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے اپنے خطاب میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہمیشہ کشمیر کے عوام کے حقوق، ترقی اور فلاح و بہبود کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان عوام کے درمیان جا کر قائد محمد نواز شریف اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ترقیاتی وژن کو اجاگر کریں اور عوام کا پیغام گھر گھر پہنچائیں۔ خواجہ سعد رفیق نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور قومی ترقی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے عوام باشعور ہیں اور وہ ترقی، استحکام اور عوامی خدمت کے سفر کو جاری رکھنے کے لیے مسلم لیگ (ن) پر بھرپور اعتماد کا اظہار کریں گے اجلاس میں آئندہ انتخابات میں پارٹی کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی اور کارکنان کو ہدایت کی گئی کہ وہ عوامی رابطہ مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے پارٹی پیغام کو ہر گھر تک پہنچائیں۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مسلم لیگ (ن) کشمیر کے عوام کی امنگوں کی ترجمان جماعت کے طور پر انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 42

سے میاں راشد، ملک مختار، مہر مصطفیٰ، فیضان شاہ اور حافظ عبدالعلیم موجود تھے اس موقع پر بتایا گیا کہ پی پی 153 میں سینکڑوں گلیوں کی مرمت مکمل جبکہ مختلف ترقیاتی اسکیموں پر تیزی سے کام جاری ہے، جن کی تکمیل سے لاکھوں علاقہ مکینوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ صوبائی وزیر صحت نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ترقیاتی منصوبوں کی شفاف نگرانی جاری رکھی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو ڈیڈ لائن پر مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ عوام کی ترقی اور خوشحالی کا سفر جاری رہے گا۔ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ترقیاتی منصوبوں کو مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 43

پاکستان کے آم کی عالمی شہرت کو مزید فروغ دینے، کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے ایسے میلوں کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ فیسٹیول میں آم کی کاشت، تحقیق، پیداوار، ویلیو ایڈیشن، مارکیٹنگ اور برآمدات سے متعلق مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے گا۔ اس موقع پر سید ابن حسین علی، سیدہ نرجس 2026 بطول چیف آپریٹنگ آفیسر گولڈ کریسٹ مال لاہور، رشید احمد کراپ لائف پرائیویٹ لمیٹڈ پاکستان، رانا آصف حیات ٹیپو، لیکچرر عثمان خان، محمد طارق، سید جعفر گیلانی سمیت جیتنے گوروز اور شہریوں کی کثیر تعداد نے فیسٹیول میں شرکت کی۔ انہوں نے اس کامیاب انعقاد پر تمام شراکت دار اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام تحقیق، زراعت، صنعت اور عوام کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے آم کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مزید موثر انداز میں متعارف کروانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

شہداء کی قربانیوں پر سیاست ناقابل قبول: ملک محمد احمد خان

پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے تناظر میں پاک فوج کے کردار پر ذمہ دارانہ اور حقائق پر مبنی گفتگو ہونی چاہیے، اسپیکر پنجاب اسمبلی

بھارت دہشت گردی کی سرپرستی کر رہا ہے، قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، مولانا فضل الرحمن اپنے بیان پر نظرثانی کریں، لاہور میں خصوصی سیمینار سے خطاب

لاہور (خبر نگار) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے تناظر میں پاک فوج کے کردار پر ذمہ دارانہ اور حقائق پر مبنی گفتگو ہونی چاہیے۔ شہداء کی قربانیوں پر سیاست کسی صورت قبول نہیں ... دہشت گردی کی سرپرستی کر رہا ہے (بقیہ نمبر 38)

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان مقامی ہوٹل میں دہشت گردی اور پاک فوج کے اہم کردار کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیر الیکشن: پاکستان مسلم لیگ (ن) کا اہم مشاورتی اجلاس کا انعقاد

ایم این اے وصدر مسلم لیگ (ن) لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر، خواجہ سعد رفیق، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، پارٹی عہدیداران اور سینئر رہنماؤں نے بھرپور شرکت

اجلاس میں آزاد جموں وکشمیر کے آئندہ انتخابات کے حوالے سے پارٹی کی انتخابی حکمت عملی، تنظیمی امور، عوامی رابطہ مہم اور انتخابی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (خبر نگار) کشمیر الیکشن کے حوالے سے پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کا اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم این اے وصدر مسلم لیگ (ن) لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر، ... اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، پارٹی عہدیداران اور سینئر رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں آزاد جموں وکشمیر کے آئندہ انتخابات کے حوالے سے (بقیہ نمبر 41)

لاہور: آزاد کشمیر الیکشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں ملک سیف الملوک کھوکھر، خواجہ سعد رفیق و دیگر شریک ہیں

سموگ تدارک کیلئے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

لاہور (زیڈ این این) پنجاب میں فضائی آلودگی اور سموگ کے تدارک کے لیے محکمہ ماحولیات نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کر لیا ہے ...

لاہور: چڑیا گھر کی سیر کیلئے آئے بچے پرجوش انداز میں تصویر بنوا رہے ہیں

کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، شدت 4 ریکارڈ کی گئی

زلزلے کی گہرائی 15 کلومیٹر تھی، جس کا مرکز کوئٹہ سے 37 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا، نقصان کی اطلاع نہیں ملی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلے کی شدت 4 ریکارڈ کی گئی ...

کراچی: ہاکس بے میں سمندری لہروں نے 6 نوجوانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، بروقت ریسکیو

شہدائے زیارت کے میتوں کی آبائی علاقوں میں تدفین کر دی گئی

7 جولائی کو ماشکیل کے علاقے میں دہشت گردوں نے حملہ کر کے 30 پولیس اہلکاروں کو شہید کر دیا تھا

لیسکو کا کارنامہ، شہری کو جعلی میٹر کا 54 ہزار روپے کا بل بھجوا دیا

امریکہ نے دنیا بھر میں اپنے شہریوں کے لیے سفری الرٹ جاری کر دیا

... نشانہ بنائی گئی ہیں اور ایران کی حمایت کرنے والے گروہ بیرون ممالک میں امریکی مفادات اور امریکی شہریوں پر حملہ کر سکتے ہیں۔ الرٹ میں خبردار کیا گیا۔

پاکستان فرقہ واریت کا متحمل نہیں ہوسکتا، حافظ عبدالصمد وحید شاہد روپڑی

ملکی سالمیت کے لیے اتحاد امت، رواداری اور باہمی احترام وقت کی اہم ضرورت ہے، بیان

... ناظم اعلیٰ سلمان شاکر اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملکی سالمیت اور استحکام کے تحفظ کے لیے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو ہر قسم کی گروہ بندی، تفرقہ بازی اور انتشار سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ پاکستان کسی صورت ... مقررین نے کہا کہ اتحاد امت ہی مسلمانوں کی اصل طاقت ہے اور موجودہ حالات میں تمام مکاتب فکر کو باہمی احترام، برداشت اور رواداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت عمر فاروقؓ کا دور خلافت تمام حکمرانوں کے لیے بہترین نمونہ ہے۔

لاہور: شہری نہر سے نکلنے والے کھالے میں نہا رہے ہیں

کراچی میں آج بھی ہلکی بارش کا امکان

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے پیر کے روز شہر میں ہلکی بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کا مطلع زیادہ تر ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ آئندہ چند روز کے دوران شہر میں موسم نسبتاً مرطوب رہے گا، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 سے 35 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیے جانے کی توقع ہے۔

کراچی میں الفا۔ کے ڈیجیٹل سلوشنز کے وفد کی پارلیمانی سیکرٹری برائے آئی ٹی سے ملاقات

کراچی (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن اور رکن قومی اسمبلی انجینئر سبین غوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل معیشت کے فروغ، آئی ٹی برآمدات میں اضافے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت، نجی شعبے اور تعلیمی اداروں کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہے۔ کراچی میں الفا۔ کے ڈیجیٹل سلوشنز کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔

نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور گولڈ کریسٹ مال لاہور کے باہمی اشتراک سے دوسرے مینگو فیسٹیول کا شاندار افتتاح سردار رفیق خان مزاری نے کیا۔

لاہور (خبر نگار) محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور گولڈ کریسٹ مال لاہور کے باہمی اشتراک سے دوسرے مینگو فیسٹیول کا شاندار افتتاح سردار رفیق خان مزاری نے کیا۔ فیسٹیول کے پہلے روز شہریوں، طلبہ، زرعی ماہرین، کاشتکاروں اور آم سے محبت کرنے والوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس سے پورا میلہ عوامی توجہ کا مرکز بن گیا۔ فیسٹیول میں پنجاب بھر سے آئے ہوئے آم کے کاشتکاروں اور نمائش کنندگان نے اپنی بہترین پیداوار پیش کی۔ نمائش میں 70 سے زائد اقسام کے آم اور 30 سے زائد نمائشی اسٹالز لگائے گ؟، جہاں شرکاء کو آم کی مختلف اقسام، ویلیو ایڈڈ مصنوعات اور زرعی جدت سے روشناس کرایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر مقررین نے (بقیہ نمبر 43)

لاہور: محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور گولڈ کرسٹ مال ڈی ایچ اے کے تعاون سے دوسرے مینگو فیسٹیول کا افتتاح سردار رفیق بخاری مزاری نے کیا

عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے: خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت حلقہ پی پی 153 میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت بارے اہم اجلاس منعقد ہوا

وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ عوام کی ترقی و خوشحالی کا سفر جاری رہے گا، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت حلقہ پی پی 153 میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ترقیاتی منصوبوں میں ساڑھے 4 ارب روپے کی لاگت سے ہربنس پورہ تا بھاٹک صدر کینٹ ٹرنک سیوریج، 1 ارب 10 کروڑ روپے کی لاگت سے یوسی 148 کے آمنہ پارک میں ٹیوب ویلز، گلیوں کی مرمت، سیوریج اور صاف پانی کی فراہمی سمیت دیگر منصوبہ جات شامل ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایل ڈی اے عقیل، ایکسیئن واسا سلمان مرزا، ایس ڈی او واسا سلطان، ایس ڈی او ایم سی ایل عامر ہمایوں و دیگر افسران موجود تھے۔ اس موقع پر افضل کمبوہ، سابق وائس چیئرمین افضل بشیر، سید اخلاص شاہ، عبدالوہاب، ملک سیف، یاسین، یوسی 143 (بقیہ نمبر 42)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، حلقہ پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان سمیت چار ممالک کے عمرہ زائرین کے لیے نئی کیٹرنگ پالیسی نافذ

سعودی عرب نے روزانہ کی لازمی کیٹرنگ فیس عمرہ ویزا میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا،

کراچی (این این آئی) سعودی عرب نے پاکستان سمیت چار ممالک سے آنے والے عمرہ زائرین کے لیے نئی پالیسی متعارف کرا دی ہے، جس کے تحت روزانہ کی لازمی کیٹرنگ فیس کو عمرہ ویزا فیس کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ نئی پالیسی کا اطلاق ابتدائی مرحلے میں پاکستان، بھارت، بنگلا دیش اور مصر کے عمرہ زائرین پر ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نئی پالیسی یکم ربیع الاول

بلدیاتی نظام میں موثر اصلاحات کی جائیں: ہمایوں اختر خان

حلقے کی تعمیر وترقی ہماری سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے، وفود سے گفتگو

لاہور (زیڈ این این) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ پسماندہ دیہی علاقوں میں انفراسٹرکچر کی بہتری، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور خصوصاً نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات ناگزیر ہیں، بلدیاتی انتخابات سے قبل دیہی علاقوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلدیاتی نظام میں موثر اصلاحات کی جائیں تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آسکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار حلقہ این اے 97 کے طویل دورے کے دوران علاقہ عمائدین، کسانوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

پنجاب بار نے تصدیق شدہ ڈگری جمع کرانے 1133 وکلاء کے لائسنس معطل کردیئے

32 وکلاء کی ڈگریوں کی تصدیق سے متعلق کیسز ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل کو بھجوا دیئے گئے

ہائر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ لاء ڈگری جمع کرانے کیلئے 15 جولائی آخری تاریخ مقرر کی گئی تھی

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے ہائر ایجوکیشن کمیشن سے لاء کی تصدیق شدہ ڈگری جمع کرانے کی مہلت ختم ہونے کے بعد 1133 وکلاء کے لائسنس معطل کر دیئے جبکہ 32 وکلاء کی ڈگریوں کی تصدیق سے متعلق کیسز ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل کو بھجوا دیئے۔ پنجاب بار کونسل کے اعلامیے کے مطابق گومل یونیورسٹی خیبر پختونخواہ، میرپور یونیورسٹی، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، یونیورسٹی آف (بقیہ نمبر 40)

آزاد کشمیر کے عوام ترقی و استحکام کیلئے لیگ (ن) پر اعتماد کا اظہار کرینگے

خواجہ سعد رفیق

آزاد کشمیر انتخابات کے سلسلہ میں (ن) لیگ کے مرکزی رہنماؤں کا مشاورتی اجلاس

لیگی قیادت نے ہمیشہ کشمیر کے عوام کے حقوق، ترقی اور فلاح و بہبود کو ترجیح دی' سیف کھوکھر

لاہور (این این آئی) آزاد جموں کشمیر میں ہونے والے انتخابات کے سلسلہ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماؤں کا اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں صدر مسلم لیگ (ن) لاہور سیف الملوک کھوکھر، سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق، میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن، خواجہ عمران نذیر، حافظ میاں نعمان سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں آزاد جموں وکشمیر میں ہونے والے انتخابات کے حوالے سے (بقیہ نمبر 39)

اہل بیت اطہارؓ کی محبت ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی تقاضا ہے: ڈاکٹر راغب نعیمی

نوجوان نسل کو اہل بیتؓ کی تعلیمات سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

جامعہ نعیمیہ میں طلبہ میں کوئز مقابلہ بعنوان سیرت اہل بیت اطہارؓ کا انعقاد، علماء کرام اور دینی طلبہ کی شرکت

لاہور (زیڈ این این) بزم نعیمیہ کے زیر اہتمام جامعہ نعیمیہ میں طلبہ میں کوئز مقابلہ بعنوان سیرت اہل بیت اطہارؓ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ادارے کے طلبہ نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی۔ مقابلے میں شریک طلبہ سے سیرت، فضائل، اخلاق، علمی خدمات اور تعلیمات اہل بیت اطہارؓ سے متعلق سوالات پوچھے گئے، جن کے طلبہ نے بہترین انداز میں جوابات دیئے۔ تقریب کی صدارت چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کی۔ جبکہ تقریب میں مولانا محبوب احمد چشتی، مولانا مفتی عمران حنفی، ڈاکٹر سلیمان قادری، مولانا غلام مرتضی نقشبندی، مفتی محمد مدنی، مولانا مسعود احمد سیالوی، علامہ یاسین قادری، مفتی محمد عارف حسین، صاحبزادہ حافظ محمد حسین، صدر بزم نعیمیہ مولانا محمد فیضان سعید، سیکرٹری مولانا محمد ہریرہ نعیمی سمیت ادارے کی اساتذہ کرام اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔

ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں کا جواب دے رہے ہیں، کویتی فوج

کویت سٹی (این این آئی) کویت کی فوج نے کہا ہے کہ وہ ایران کے فضائی حملوں کا جواب دے رہی ہے۔ اس سے ایک دن قبل خلیجی ریاست کے ایک پاور پلانٹ اور تیل کی تنصیب کو ایران کے میزائل اور ڈرونز کی بوچھاڑ کا سامنا کرنا پڑا۔ فوج نے ایک بیان میں کہا کہ ایران کی گناہ گارانہ جارحیت کے بعد کویتی فضائی دفاع اس وقت دشمن کے میزائلوں اور ڈرون حملوں کا مقابلہ کر رہا ہے۔

ڈھاکہ: بنگلہ دیش میں منعقد ہونے والی 10 ویں ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والی واپڈا کی خواتین کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

جوہر ٹاؤن فلٹریشن پلانٹ بند، شہری صاف پانی سے محروم

پلانٹ کی طویل بندش سے شہری مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور، فوری بحالی کا مطالبہ

لاہور (زیڈ این این) جوہر ٹاؤن کے بلاک ای ون میں واقع فلٹریشن پلانٹ طویل عرصے سے بند ہونے کے باعث علاقہ مکین صاف پینے کے پانی سے محروم ہیں، جبکہ انہیں اپنی روزمرہ ضروریات پوری کرنے کے لیے مہنگے داموں پانی خریدنا پڑ رہا ہے۔ رہائشیوں کے مطابق فلٹریشن پلانٹ کی بندش سے صاف اور محفوظ پینے کے پانی کا حصول ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔

مقبوضہ جموں وکشمیر، ہائی کورٹ نے کالے قانون کے تحت دو نوجوانوں کی نظر بندی کو برقرار رکھا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ہائی کورٹ نے کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت دو کشمیری نوجوانوں کی نظر بندی کو برقرار رکھا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جسٹس سنجے دھر پر مشتمل بینچ نے اویس منیر بٹ اور محمد شفیع نائیکو پر کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے نفاذ سے متعلق احکامات کو برقرار رکھا۔

ڈی ایس ریلوے کا لاہور اسٹیشن دورہ، سہولتوں کا تفصیلی جائزہ

پارسل آفس، وینڈنگ اسٹالز اور ترقیاتی کاموں کا معائنہ، مسافروں کی سہولت پر زور دیا گیا

صفائی، پینے کے پانی اور بیٹھنے کے انتظامات بہتر بنانے کیلئے ضروری ہدایات جاری، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ (ڈی ایس) ریلوے لاہور انعام اللہ نے لاہور ریلوے اسٹیشن کا تفصیلی دورہ کیا اور پارسل آفس، پارسل گودام، وینڈنگ اسٹالز سمیت اسٹیشن سے ملحقہ جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈی ایس ریلوے نے پارسل آفس کی جاری رینوویشن، پارسل گودام کے انتظامات اور وینڈنگ اسٹالز کی صورتحال کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اسٹال مالکان کو صفائی، نظم وضبط اور مقررہ قواعد وضوابط کی مکمل پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

ایران نے امریکی میزائل دفاعی نظام کا توڑ نکال کر اہداف پر درستگی سے حملے کیے، روسی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران نے امریکی میزائل دفاعی نظام کا توڑ نکال کر اہداف پر تاک تاک کر نئے حملے کیے۔ روسی میڈیا کے مطابق ایران کے نئے میزائل انتہائی تیز رفتاری سے ہدف کی جانب بڑھتے ہیں اور ہدف کو نشانہ بنانے سے پہلے اپنی پوزیشنز کو مختلف انداز سے تبدیل کرتے ہیں۔ روسی میڈیا کے مطابق پینٹاگون تشویش میں مبتلا ہے کہ تہران کس طرح حساس اہداف کو انتہائی درستگی سے نشانہ بنا رہا ہے۔ یہ بات ایسے وقت سامنے آئی جب اردن میں امریکی فوجی اڈے پر جمعہ کو ایرانی حملوں سے دو امریکی فوجی ہلاک اور کئی زخمی ہونے کی تصدیق کر دی گئی ہے۔

سندھ میں طلبہ کے داخلوں کے لیے نادرا کا بی فارم لازمی قرار

داخلہ ریکارڈ نادرا سے منسلک ہوگا، بی فارم نہ ہونے پر والدین کو مہلت دی جائے گی، نجی اسکولوں کو نئی ہدایات جاری

کراچی (این این آئی) محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ نے صوبے بھر کے نجی تعلیمی اداروں میں طلبہ کے داخلوں کے لیے نادرا سے جاری کردہ بی فارم کو لازمی دستاویز قرار دیتے ہوئے نئی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ محکمہ تعلیم سندھ کے جاری کردہ مراسلے کے مطابق طلبہ کے داخلوں کے ریکارڈ کو نادرا کے ڈیٹا سے منسلک کرنے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن کا عمل شروع کیا جا رہا ہے۔

لاہور: سبزی منڈی میں خانہ بدوش بچیاں اکٹھی ہونے والی آمدن گن رہی ہیں

نیپال میں چوری کے سلسلہ وار واقعات کے الزام میں دو بھارتی گرفتار

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال کے سیاحتی شہر پوکھرا میں چوری اور لوٹ مار کے سلسلہ وار واقعات میں ملوث ہونے کے الزام میں دو بھارتی شہریوں سمیت نو افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق صوبہ گنڈکی کے ضلع کاسکی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفس کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ گرفتار کیے گئے۔

نارووال: ریسکیو ٹیم دریائے راوی میں پھنسے افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کر رہی ہیں

احمد پور شرقیہ اور اوچ شریف میں پیٹرول کی شدید قلت، پیٹرول پمپس بند

پیٹرول کا اسٹاک مکمل طور پر ختم ہو چکا، آئل کمپنیوں کی جانب سے نیا اسٹاک فراہم نہیں کیا جا رہا، رپورٹ

احمد پور شرقیہ (این این آئی) پیٹرول کے شدید بحران نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، شہر کے تمام پیٹرول پمپس بند ہونے سے گاڑیوں کے مالکان شدید پریشانی کا شکار ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق اوچ شریف میں بھی تمام پیٹرول پمپس بند رہے جبکہ پیٹرول نایاب ہو چکا ہے۔ پمپ مالکان کے مطابق ان کے پاس پیٹرول کا اسٹاک مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے

کراچی، عزیز آباد میں شہر کی سب سے بڑی گٹکا فیکٹری پر چھاپہ، مرکزی ملزم گرفتار

سامان کی مالیت اور کارروائی کی مزید تفصیلات تفتیش مکمل ہونے کے بعد سامنے آنے کا امکان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں وفاقی سول حساس ادارے نے عزیز آباد میں کارروائی کرتے ہوئے شہر کی مبینہ بڑی گٹکا فیکٹری پر چھاپہ مارا جہاں سے بھاری مقدار میں مضر صحت گٹکا، ماوا اور لاکھوں روپے مالیت کی چھالیا برآمد کر لی گئی۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ فیکٹری گینگ وار سے وابستہ بدنام زمانہ کارندوں نصیر چوچا اور حاجی ریاست کی سرپرستی میں چلائی جا رہی تھی۔

گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرایوں میں 15 فیصد اضافہ، ہڑتال کی دھمکی

ٹول اور ود ہولڈنگ ٹیکس واپس نہ لینے پر ملک گیر پہیہ جام کرنے کا الٹی میٹم

لاہور (زیڈ این این) گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 15 فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہوئے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ اگر ٹول ٹیکس اور ود ہولڈنگ ٹیکس واپس نہ لیے گئے تو ملک گیر ہڑتال اور پہیہ جام کیا جائے گا۔ صدر گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ حکومت ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے، جبکہ ایندھن، ٹیکسوں اور دیگر آپریشنل اخراجات میں مسلسل اضافے کے باعث گاڑیاں چلانا انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملک بھر میں ہڑتال کی جائے گی۔ ملک شہزاد اعوان کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں سے ٹرانسپورٹ سیکٹر شدید متاثر ہو رہا ہے اور سپلائی چین کو برقرار رکھنے کے لیے فوری عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔

اربیل پر چھ ڈرونز سے حملہ، فضائی دفاعی نظام نے انہیں مار گرایا

بغداد (این این آئی) عراق کے کردستان ریجن کے دارالحکومت اربیل کو ہفتے کی شام 6 ڈرون طیاروں سے نشانہ بنایا گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق حملہ امریکی قونصل خانے کے اطراف اور اربیل انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب قائم لاجسٹک بیس کے علاقے کو نشانہ بنانے کے لیے کیا گیا۔ دوسری جانب سیکیورٹی ذرائع نے بتایا

مخدوم جاوید ہاشمی کیخلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج

مقدمات ایس ڈی او میپکو کی مدعیت میں درج کیے گئے، جاوید ہاشمی کے گھر کی بجلی ہفتے کی شام کاٹ دی گئی تھی

ملتان (این این آئی) ملتان میں سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ جاوید ہاشمی کے 2 دامادوں کے خلاف بھی بجلی چوری کے مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے حکام کے مطابق مقدمات ایس ڈی او میپکو کی مدعیت میں درج کیے گئے ہیں۔ حکام کے مطابق جاوید ہاشمی کے گھر کی بجلی ہفتے کی شام کاٹ دی گئی

لاہور کے مختلف علاقوں سے چار افراد کی لاشیں برآمد، تحقیقات جاری

ایدھی نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر دیں، پولیس مختلف واقعات کی وجوہات جاننے میں مصروف

لاہور (زیڈ این این) شہر کے مختلف علاقوں سے چار افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جنہیں ضروری قانونی کارروائی کے بعد مردہ خانے منتقل کر دیا گیا، جبکہ پولیس نے تمام واقعات کی الگ الگ تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق لاری اڈا کے علاقے 62 اسٹینڈ کے قریب سے تقریباً 35 سالہ نامعلوم شخص کی لاش ملی، جبکہ ٹبی سٹی میں پانی والا تالاب کے قریب سے تقریباً 40 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	علی حسین شیرازی
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

دودھ، دہی مہنگے داموں فروخت، سرکاری نرخ نظرانداز ہونے لگے

ضلعی انتظامیہ مؤثر کارروائی نہ کر سکی، شہری سرکاری نرخوں پر دودھ، دہی سے محروم رہے

لاہور (زیڈ این این) ضلعی انتظامیہ دودھ اور دہی کی سرکاری قیمتوں پر مؤثر عملدرآمد کرانے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے، جس کے باعث شہری اوپن مارکیٹ سے مہنگے داموں دودھ اور دہی خریدنے پر مجبور ہیں۔ مارکیٹ میں دودھ 200 سے 240 روپے فی لیٹر فروخت کیا جا رہا ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے دودھ کی سرکاری قیمت 170 روپے فی لیٹر مقرر ہے۔ اسی طرح دہی بھی سرکاری نرخوں کے برعکس 240 سے 260 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہا ہے، جس سے شہریوں کے ماہانہ اخراجات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے۔

لاہور: شہری انارکلی چوک کے قریب لگے سٹالز پر پرانی کتابیں دیکھ رہے ہیں

لاہور: چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی جامعہ نعیمیہ میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں